یہ کتاب لقمان الملک استاد الاطباء حکیم سائیں بخش صاحب فیروزپوری، مصنف طب آزمائشی و تشریح الطب کی وہ بیاض خاص ہے جس کا ایک ایک نسخہ حاصل کرنے کے لئے طبیب سینکڑوں روپے پیش کیا کرتے تھے

بیاض سائیں بخش

حصہ اوّل

مؤلفہ

حکیم و ڈاکٹر غلام سرور خاں بھٹی سند و سنہری تمغہ یافتہ طبیہ کالج دہلی و سابق معالج حکیم اجمل ہسپتال دہلی۔ منٹگمری۔

ملنے کا پتہ

مینیجر مشہور دہلی دواخانہ (رجسٹرڈ) صدر بازار منٹگمری

تعداد ۱۰۰۰

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم ط

دیباچہ

اگست سن انیس صد سنتالیس کا انقلاب وہ خونی اور عبرت انگیز انقلاب۔ کہ جس نے نہ صرف زمین وطن اور مکانوں میں تغیر و تبدل پیدا کیا ہے۔ بلکہ ذہنوں اور طبیعتوں میں بھی ایک خاص قسم کا تغیر و احساس پیدا کر دیا ہے۔ جو اس سے پہلے نہیں تھا۔ بندہ جب اپنے خاندان کی تین صد سالہ کمائی تباہ و برباد کر کے منٹگمری میں مقیم ہو گیا۔ تو خیال پیدا ہوا۔ کہ دنیا فانی ہے۔ یہاں کسی چیز کو بقا نہیں۔ اس لئے خاندانی تجربات کو چھپا کر رکھنا اور اپنے خاص معمولات کو ظاہر نہ کرنا گناہ عظیم ہے۔ معلوم نہیں کب موت آ جائے یا یہ خزانہ جو خوش قسمتی سے میں ساتھ لے آیا

ہوں۔ ممکن ہے۔ کہ کل کو تباہ ہو جائے۔ اس لئے اس کا شایع
کر دینا ہی بہتر و ضروری ہے۔ تاکہ عام اطبا اور اردو داں اصحاب
اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ میں نے بیاض کو دو حصوں میں تقسیم
کر دیا ہے۔ پہلے حصے میں موجودہ زمانہ کی تقریباً تمام کثیر الوقوع
امراض کے وہ مجرب المجرب نسخے درج ہیں۔ جن کو میرے دادا
لقمان الملک حکیم سائیں بخش صاحب مرحوم اور میرے والد حاذق الحکماء
حکیم حاکم علی خاں صاحب مرحوم اپنے مریضوں پر
بکثرت استعمال کرتے تھے۔ اور خود میں پچیس ۲۵ سال
سے استعمال کر رہا ہوں۔ انشاء اللہ جو نسخہ بھی آپ
آزمائیں گے۔ نہایت زود اثر مجرب و تیر بہدف
پائیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ نسخے کم خرچ
دوائی عام ملنے والی۔ زبان بالکل سادہ اور آسان
لکھی گئی ہے۔ تاکہ عام لوگ اس کو سمجھ سکیں۔ وہ
نسخے جن کی دوائیں آج کل نایاب ہیں یا بہت مشکل

سے بننے والے تھے۔ میں نے عمداً چھوڑ دیئے ہیں۔
تاکہ آپ کا وقت ضائع نہ ہو۔ بیاض سائیں بخش
کے دوسرے حصے میں جو بہت جلد شائع ہو کر آپ
تک پہنچ جائیگا۔ کشتہ سازوں کے سردار لقمان الملک
حکیم سائیں بخش صاحب کے وہ آزمائے ہوئے
کشتہ جات و اکسیرات ہیں۔ جن کو شناسی لوگ کبھی
کسی کو نہیں بتاتے۔ اس حصے میں تمام چیزوں کے کشتہ
کرنے کی وہ آزمائی ہوئی ترکیبیں درج ہیں۔ جو کبھی خطا
نہیں جاتیں۔ اور فائدہ کے لحاظ سے بھی زود اثر و
مجرب ہوں گے۔

اس کے علاوہ ہمارے خاندان کے جو مجربات
حصہ اول میں شایع ہونے سے رہ گئے ہیں۔ نیز وہ اکسیرات
جو بزرگوں سے تیار ہوتے ہیں۔ سب اس میں مذکور ہوں
گے۔ نیز اس حصہ میں چندان مشہور پیٹنٹ انگریزی دواؤں

کا بھی ذکر ہوگا۔ جو آج کل نہایت مجرب مانی گئی ہیں۔ تاکہ آپ ان فوری اثر کرنیوالی دواؤں سے فائدہ اٹھا سکیں۔

قارئین کرام سے میری مؤدبانہ گذارش ہے۔

کہ اگر کوئی غلطی یا لغزش دیکھیں۔ تو از راہ کرم معاف فرما کر مجھے مطلع فرمادیں۔ تاکہ آئندہ اس کا تدارک کردیا جائے۔

وَمَا تَوفِیقِی اِلَّا بِاللّٰہِ ط

احقر

غلام سرور

جگر پارہ

دل نہیں چاہتا تھا۔ کہ اس نسخہ کو ظاہر کروں۔ تقریباً دوصد سالہ سے یہ نسخہ ہمارے خاندان کی جان چلا آتا تھا۔ اور کوئی فرد اسکو بتانا اور عام اطباء پر ظاہر کرنا مناسب نہیں سمجھتا تھا۔ وہ عورتیں جن کا حمل گرجاتا ہو۔ اس کو استعمال کریں اور بے فکر ہو جائیں۔ بچہ صحیح وسالم پورے ۹ ماہ کے بعد پیدا ہوگا۔ اور چاہے پہلے کتنے ہی اسقاط ہو چکے ہوں۔ خدا کے فضل وکرم سے اس کے استعمال کے بعد پھر اسقاط نہیں ہوگا۔ میں نے اس نسخہ سے ایسی ایسی عورتوں کا علاج بھی کیا ہے۔ جن کے دس دس حمل ساقط ہو چکے تھے۔ غرضیکہ آجتک اس نسخہ کو ناکامیاب ہوتے نہیں دیکھا اور نہ ہی انشاءاللہ آگے اس کے ناکامیاب ہونیکی امید ہے۔

نسخہ جگر پارہ: سونف ۸ تولے، الائچی کلاں ۲ تولے، سنگجراحت ۲ تولے، گل ببول ۸ تولے، مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ، گوند ببر ۲ تولے، کھانڈ ۸ تولے۔ کوٹ چھانکر سفوف بنادیں۔ موتی الگ پیس کر ملادیں۔

ترکیب استعمال: جب حمل معلوم ہو۔ یہ سفوف شروع کردیں ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام دودھ کیساتھ کھلادیا کریں۔ ۱۵ روز استعمال کریں۔ چھٹے ساتویں ماہ پھر ۱۵ روز استعمال کرائیں۔

فوائد: سورج مشرق کی بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے مگر خدا کے فضل سے یہ نسخہ کبھی خطا نہیں جاتا۔ استقاط حمل کو روکنے کیلئے دنیا کا

لاثانی نسخہ ہے

بہار جوانی

مغز بادام شیریں	مغز خربوزہ	مغز خیارین	مغز کدو	تالمکھانہ
۴۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۳ تولہ

موچرس۔ بکرکس۔ تخم سرالی۔ تخم گاجر۔ تخم شلغم۔ تخم سوئی۔ سمندر پھل۔ دار چینی۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا ہر ایک تین تولہ ثعلب مصری۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ موصلی سرخ۔ موصلی سفید۔ تودری سرخ۔ تودری سفید ہر ایک ۴ تولہ عاقر قرحا ۲ تولہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز پستہ۔ مصطگی رومی۔ گل انار ہر ایک ۲ تولہ سب کو کوٹ چھان کر، روغن بادام سے چرب کر کے دواؤں سے تین گنا شہد میں ملاویں۔ مشک خالص ۲ ماشہ زعفران ۶ ماشہ روح کیوڑہ میں حل کر کے جب قوام بننے کے قریب ہو، ملاویں۔ قوام ہو چکنے کے بعد نیچے اتار کر باقی دوائیں ملاویں

ترکیب استعمال:۔ ۱ تولہ معجون صبح و شام ہمراہ دودھ کھایا کریں۔

فوائد:۔ بہترین مقوی باہ ہے۔ مادہ منویہ کو غلیظ اور قابل اولاد بناتا ہے۔ طبیعت میں جوش و مستی پیدا کرتا ہے۔ مقوی دماغ و مقوی دل ہے غرضیکہ قابل تعریف چیز ہے۔

اکسیر معدہ

نوشادر	دانہ الائچی خورد	نمک ہندی
۳ تولہ	۳ تولہ	۱ تولہ
فلفل دراز	فلفل سیاہ	جوکھار
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

خوراک:۔ ۴ رتی ہمراہ پانی روٹی کے بعد۔

فوائد:۔ غذا کو ہضم کرنے اور معدہ کی طاقت کو بڑھانے کیلئے اس سے بہتر کوئی دوا نہیں۔ بدہضمی۔ درد شکم کو فوراً دور کرتا ہے۔ غذا کو منٹوں میں ہضم کرتا ہے۔

سفوف مصفی خون

چاکسو ۲ تولہ۔ نرکچور ۲ تولہ۔ منڈی ۲ تولہ۔ برہمنڈنڈی ۲ تولہ۔ سعد کوفی ۲ تولہ۔ پرشیاؤشاں ۲ تولہ۔ صندل سرخ ۲ تولہ۔ زیرہ سفید ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ سربھوکہ ۲ تولہ۔ گیرو ۲ تولہ۔ کشنیز ۲ تولہ۔ پوست جھربیری ۴ تولہ۔ پوست کچنال ۴ تولہ۔ پوست آکڑوہ ۹ تولہ۔ خارخشک ۱ تولہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔

خوراک:۔ ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت مصفی یا عرق مصفی ۱۰ تولہ یا شربت عناب ۴ تولہ کے ہمراہ کھا دیں۔ عمدہ مصفی خون ہے۔

فوائد:۔ خصوصاً حمل کی حالت میں عورتوں کو پھوڑے پھنسیوں کا نکلنا اور باقی شکایات جو خون کی خرابی سے پیدا ہوتی ہیں۔ اس سفوف کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتی ہیں۔ جن عورتوں کے بچے خون کی خرابی، بد پھوڑے پھنسیوں سے مر جاتے ہیں۔ اس سفوف کو حالت حمل میں استعمال کرنے سے تمام فساد خون سے محفوظ رہتے ہیں۔ مجرب المجرب ہے۔

عیش

پارہ مصفی۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ جوز بویا۔ جاوتری۔ لونگ۔ دار چینی۔ کباب چینی۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ افیون۔ زعفران۔ مرچ سیاہ۔ عاقر قرحا

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

چرس مدبر۔ مشک خالص ہر ایک ۲ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر عرق پان میں کھرل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں چنے کے برابر بنا دیں۔

خوراک:۔ ایک گولی سے ۲ گولی تک ہمراہ دودھ دو گھنٹہ وقت خاص سے پہلے کھالیں۔

فوائد:۔ عیش کی گھڑیاں طویل کرتا ہے۔ تمام ممسک نسخوں کا سرتاج ہے۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال کا جانی دشمن ہے۔ اس کے استعمال سے امساک اتنا پیدا ہوتا ہے کہ بعض مزاجوں میں ترشی کھانے تک نوبت آجاتی ہے۔ اس نسخہ کے ہوتے ہوئے امساک کیلئے کسی اور نسخہ کی ضرورت نہیں ہے۔

ٹانک پلز

ست سلاجیت اصلی	کچلہ مدبر	کشتہ فولاد	مرچ سیاہ	زعفران
۲ تولہ	۵ تولہ	۴ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ

سب کو باریک پیس کر شہد بقدر ضرورت ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔

خوراک:۔ ایک گولی ہمراہ دودھ صبح و شام۔

فوائد:۔ کمزوری جسم۔ ضعف معدہ۔ دائمی قبض۔ کمی خون۔ ضعف باہ سرعت۔ احتلام۔ جریان کے لئے اکسیر ہے۔ ان گولیوں کے استعمال سے رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ جسم میں طاقت کی ایک برقی لہر دوڑ جاتی ہے۔

تھکاوٹ۔ سستی بدن نزدیک تک نہیں آتی۔ ہر وقت مطب میں تیار رکھیں۔

موتی منجن

عقرقرحا۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پھٹکڑی سفید۔ نوشادر۔ راکھ۔ درخت مازو۔ کشتہ سنگ جراحت۔ سہاگہ بریاں۔ لونگ۔ کتھ سفید۔ دانہ الائچی خورد۔ زیرہ سفید۔ کشنیز۔ سپاری۔ راکھ پوست بادام۔ توتیا بریاں۔ ہر ایک ۲ تولہ کافور ۱ تولہ۔ کاربالک ایسڈ ۱ تولہ۔ افیون ۶ ماشہ باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ذرا سا لے کر دانتوں پر خوب ملیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔ پھر گرم پانی سے کلی کریں۔

فوائد:۔ دانتوں کی تقریباً تمام بیماریوں کے لئے اکسیر ہے۔ مسوڑھوں کا سوجنا۔ خون آنا۔ دانتوں کا ہلنا۔ سرد پانی لگنا۔ میل کا جم جانا۔ وغیرہ امراض دندان اس منجن کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتے ہیں۔

اکسیر جگر

ریوند خطائی	بالچھڑ	ساذج ہندی	شورہ قلمی
۵ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	½ تولہ
نوشادر	کالی مرچ	کوزنج فولادی	افتیمون
۱ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

(باریک پیس کر رکھ لیں)

ترکیب استعمال:۔ ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک ہمراہ عرق مکوہ یا سونف صبح و شام دیں۔

نورالبصر

سمندجھگ ۔ سنگ لبری ۔ سنجی چکنی ۔ قلمی شورہ ۔ سہاگہ سفید
پھٹکڑی بریاں ۔ مغز تخم سرس ۔ مغز بلاس ۔ نوشادر ہر ایک ا تولہ
سرمہ سیاہ ۵ تولہ ۔ سب کو باریک پیس کر عرق لیموں میں چار پہر کھرل
کرکے خشک کریں۔

ترکیب استعمال:۔ سلائی سے آنکھ میں لگایا کریں۔

فوائد:۔ سفیدی ۔ دھند ۔ جالا ۔ غبار ۔ ککرے ۔ اور نظر کی کمزوری
کے لئے آزمودہ ہے۔

جوہر سمی

رسکپور ۔ دار چکنا ۔ شنگرف ۔ سم الفار بلوری ۔ مرداسنگ ۔ ہر ایک
تولہ ۔ ایکدن شراب برانڈی میں کھرل کرکے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر ایک
مٹی کے پیالے میں ٹکا لیں ۔ اور دوسرا پیالہ اس کے اوپر الٹا رکھ کر
دونوں کا منہ اچھی طرح ملا کر مضبوط گل حکمت کریں ۔ پھر چولہے پر چڑھا
کر نیچے بیری کی دو لکڑیوں کی آگ جو انگوٹھا کے برابر موٹی ہوں جلائیں
اوپر کے پیالہ پر کپڑا تر کرکے رکھیں ۔ تاکہ جو جوہر تیار ہو وہ اوپر کے
پیالہ میں جمع ہوتا جائے ۔ جب ۲ سیر لکڑیاں جل جاویں ٹھنڈا کرکے
اوپر کے پیالہ سے جوہر اتار لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک چاول مکھن یا مویز منقی میں اس طرح
رکھ کر کھلاویں ۔ کہ جوہر دانتوں کو نہ لگے

فوائد:۔ آتشک کے لئے بےنظیر نسخہ ہے سیکڑوں مریضوں
پر تجربہ شدہ ہے ۔ اس کے علاوہ جذام بھگندر

بواسیر کے لئے بھی مفید ہے۔

نوٹ:۔ نئے آتشک کے لئے آج کل نیو سلوسان کے انجکشن نہایت
مفید ثابت ہوئے ہیں ۔ اس لئے ہمیشہ مریض کو اگر بالکل تازہ آتشک
ہو تو یہی ٹیکے لگوانے چاہئیں۔

شیاف چشم

سمندجھگ ۔ پھٹکڑی سفید ۔ شورہ قلمی ۔ نمک سنگ ۔ نوشادر
سونا مکھی ۔ روپا مکھی ۔ ہر ایک ا تولہ ۔ توتیا سبز ایک ماشہ ۔ زعفران اصلی
ا تولہ ۔ گوند کیکر ۲ تولہ ۔ کشتہ جست ۴ تولہ سب کو باریک پیس کر ستیاناسی
بوٹی کا عرق آدھ سیر ۔ نیب کا عرق آدھ پاؤ ۔ سرس کے پتوں کا عرق آدھ
پاؤ میں باری باری کھرل کرکے گولیاں بنادیں

ترکیب استعمال:۔ گولی لوہے کے برتن میں چند قطرہ پانی میں گھس
کر آنکھ میں لگاویں ۔ آنکھوں کی تمام بیماریاں
خصوصاً دھند ۔ جالا ۔ ککرے ۔ پانی بہنا ۔ سفیدی وغیرہ کے لئے
اکسیر اور تیر بہدف ہے۔

حب زہر مہرہ

زہر مہرہ خطائی ۔ حب الآس ۔ گلنار فارسی ہر ایک ۳ ماشہ سماق طباشیر
صندل سرخ ۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک ۷ ماشہ ۔ صمغ عربی بریاں
۳ ماشہ ۔ کتیرا بریاں ۲ ماشہ ۔ نشاستہ بریاں ۳ ماشہ انار دانہ ۳ تولہ
زرشک ۳ تولہ ۔ تخم خرفہ ۴ تولہ ۔ مغز بادام ۷ دانہ ۔ سب کو پیس کر

چنے کے برابر گولیاں بناویں ؛

خوراک :- ایک گولی دن میں تین بار پانی میں گھس کر دیں۔

فوائد :- بچوں کے سبز و سفید اسہال - پیاس کے لئے اکسیر ہے۔

حَبّ کبریت

نمک سیاہ ۵ تولہ - مرچ سیاہ - نگھاں - لونگ نوشادر - پھٹکری سہاگہ بریاں - جوکھار - ہینگ - بریاں ہر ایک ۲ تولہ گندھک آملہ سار - مدبرہ تولہ ست لیموں ۲ تولہ - گل مدار - ۱ تولہ سب کو پیس کر سبز لیموں کے پانی میں گولیاں چنے کے برابر بناویں ؛

ترکیب استعمال :- دو دو گولی ہیضہ میں دو دو گھنٹہ بعد دیں ضعف معدہ کے لئے غذا کے بعد ۲ گولیاں دیں۔

فوائد :- بھوک نہ لگنے - بدہضمی - ہیضہ - درد شکم - نفخ و ضعف معدہ کے لئے مجرب المجرب ہے ؛

روماٹزم پلز

شنگرف رومی ۱ تولہ - سونٹھ ۱ تولہ - فلفل گرد ۲ تولہ فلفل دراز ۱ تولہ گندھک آملہ سار ۹ ماشہ - لونگ ۷ ماشہ - کرفس ۷ ماشہ - سہاگہ سفید ۷ ماشہ سورنجاں شیریں ۱ ماشہ - عقرقرحا ۱ تولہ میٹھا تیلیہ - مدبر ۱ تولہ - تخم دھتورہ سیاہ ۹ ماشہ سب کو پیس کر ادرک سبز کے پانی میں گولیاں چنے کے برابر بناویں ؛

ترکیب استعمال :- ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ گھی ۵ تولہ یا چائے سے ۲ گولیاں دیا کریں۔

فوائد :- وجع المفاصل یعنی گنٹھیا - درد کمر اور دیگر تمام ریاحی دردوں لئے ایک لاثانی نسخہ ہے - جس کی مثال ملنی ناممکن ہے - خصوصاً پرانی تکلیف میں زیادہ مفید ہے۔

تسکین

نمک سیاہ ۲ تولہ - اجوائن دیسی ۵ تولہ نوشادر پھٹکری ۵ تولہ - تیزاب گندھک ۲ تولہ - پہلی ۲ دواؤں کو باریک پیس کر تیزاب گندھک میں ملا کر رکھ دیں - خشک ہو کر سیاہ رنگ کا سفوف بن جائیگا۔

ترکیب استعمال :- ۱ رتی ہمراہ پانی دیں۔

فوائد :- درد فم معدہ یعنی کوڑی کے درد کے لئے اکسیر اور جادو کا اثر رکھتا ہے اس کے علاوہ اسہال - قے - ہیضہ - بدہضمی - درد شکم کے لئے اکسیر ہے۔

حب بواسیر

مغز تخم نیم - مقل ازرق - رسوت اصلی - گندھک آملہ سار مصفّٰے - فلفل سیاہ ہر ایک ۲ تولہ - سب کو باریک پیس کر سفوف بناویں

ترکیب استعمال :- ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب انار یا شربت انار۔

فوائد :- بواسیری خون کو روکنے اور بواسیر کے مسوں کو کم و درد خشک کرنے کے لئے مجرب ہے۔

سفوف طباشیر

طباشیر ۲ ماشہ ۔ بگھاں ۶ ماشہ ۔ دانہ الائچی کلاں ۶ ماشہ دارچینی ۱ ماشہ باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال :۔ ۳ ماشہ ۱ تولہ شہد میں ملا کر کھلائیں ۔ قے ۔ متلی ۔ گھبراہٹ ۔ اُبکائیاں فوراً رک جائیں گی

حب کبدی

نوشادر ۔ نمک طعام ۔ نمک سیاہ ۔ نمک لاہوری ۔ سہاگہ بریاں زرِ کچور ۔ ہلیلہ سیاہ ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۔ بادِ رنگ ۔ فلفل سیاہ زنجبیل ہر ایک ۱ تولہ سب کو باریک پیس کر عرق گلاب کی مدد سے گولیاں نخودی بنائیں

ترکیب استعمال :۔ ۲ گولی سے ۴ گولی تک صبح و شام روٹی کے بعد ہمراہ پانی یا عرق سونف۔

فوائد :۔ عظم جگر ۔ ورم جگر ۔ قبض ۔ ضعف ہضم کے لئے بے نظیر ہے۔ جگر کی اکثر تکالیف میں حیرت انگیز طور پر فائدہ دکھاتی ہے ۔

تریاق معدہ

نوشادر ۔ سونف ۔ زیرہ سیاہ ۔ زیرہ سفید ۔ مرچ سیاہ ۔ پودینہ دارچینی ۔ انجور ثابت ۔ دانہ الائچی کلاں ۔ انار دانہ ۔ سونٹھ ۔ فلفل دراز ۔ ترپھلہ ۔ جوکھار ۔ سہاگہ ۔ چہار نمک ہر ایک ۵ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں ؛

ترکیب استعمال :۔ ۳ ماشہ صبح و شام روٹی کے بعد ہمراہ پانی کھا لیا کریں ؛

فوائد :۔ معدہ کی تقریباً تمام شکایات کے لئے جن کا تعلق ہضم سے

ہوتا ہے ۔ یہ سفوف تریاق کی مانند فائدہ کرتا ہے ۔ ضعف ہضم ۔ ضعف معدہ ۔ درد معدہ ۔ ریاح معدہ ۔ بدہضمی کے لئے اکسیر ہے ۔

شباب آور

عاقرقرحا ۔ تخم پیاز ہر ایک ۴ تولہ تخم شلغم ۔ مرچ سیاہ ۔ بگھاں ۔ نارجیل خردل ہر ایک ۲ تولہ ۔ تودری سرخ ۔ تودری سفید ہر ایک ۱۰ ماشہ ۔ تخم گزر ۴ تولہ ۔ سیاہ دانہ ۔ پستہ ہر ایک ۱۴ ماشہ ۔ گوند چھوہارا ۲ تولہ ۔ عود خام ۔ دارچینی ۔ جائفل ۔ جاوتری ہر ایک ۹ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص دواؤں سے تین گنا کا قوام کر کے ملا دیں ۔ آخر قوام میں عنبر مشک خالص ہر ایک ۱ رتی زعفران ۲ ماشہ روح کیوڑہ میں حل کر کے ملا دیں ۔ پھر ورق طلا ۱ ماشہ کشتہ فولاد ۳ ماشہ ملا کر رکھ لیں ۔

ترکیب استعمال :۔ ۶ ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں

فوائد :۔ بہترین مقوی باہ ہے ۔ دل و دماغ ۔ پٹھوں ۔ گردہ و مثانہ کو طاقت دیتا ہے ۔ خون پیدا کرتا ہے ۔

اکسیر نسواں

سنگ یشب ۔ مرجان ۔ بسد ۔ سفید ہر ایک ۶ تولہ تینوں کو نیم کوب کر کے ایک سیر نیم کے پتوں کا نغدہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے کشتہ کریں ۔ پھر اس میں کہربا شمعی ۔ دم الاخوین ہر ایک ڈیڑھ تولہ طباشیر اصلی ۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۲ تولہ ۔ گل انار ۔ کشتہ فولاد ہر ایک ڈیڑھ تولہ ۔ خوب اچھی طرح کھرل کر کے ملا دیں ۔

ترکیب استعمال:- ۱ ماشہ ہمراہ شربت صندل یا انجبار صبح و شام استعمال کریں۔

فوائد:- عورتوں کے سیلان الرحم اور اس سے پیدا ہونے والے تمام عوارضات کیلئے مجرب ہے۔ رطوبت کو روک کر کمزوری جسم کی درد دور۔ رنگت کی زردی کو دور کرکے چہرے کو شل انار سرخ لاتی ہے۔ ضرور تجربہ کرو۔

دوائے عجیب

رینگ۔ کاربالک ایسڈ۔ کروٹن آئل ہر ایک ۲ ماشہ۔ ست پودینہ ڈیڑھ تولہ۔ ست الائچی ڈیڑھ تولہ۔ کافور ۴ تولہ۔ سب چیزوں کو ملاکر ایک شیشی میں بند کرکے تین دن دھوپ میں رکھیں۔

ترکیب استعمال:- روئی کے پھوئے کے ساتھ لگا کر درد کی جگہ لگادیں۔ زہر دار جانوروں مثلاً بچھو۔ سانپ۔ بھڑ۔ شہد کی مکھی وغیرہ کے کاٹنے کے لئے اکسیر ہے۔ فوراً درد و سوزش کی جگہ لگادیں۔ درد دانت میں پھوئے کا سا پھاہا سوراخ میں رکھ دیں۔ شقیقہ و دیگر دردوں پر مالش کرنے سے آرام آجاتا ہے۔ نازک مزاج لوگوں کو تیل میٹھا ملا کر لگادیں۔

حیض آور

بنڈال ڈوڈا۔ لوڈیجی۔ لونگ۔ صبر امل۔ بیخ حنظل۔ شنگرف رومی ہر ایک ا تولہ۔ مشک خالص۔ زعفران ہر ایک ۲ ماشہ۔ سب کو گرم پانی ذرا ذرا ڈال کر خوب کھرل کریں۔ تین دن رگڑائی ضروری ہے۔ پھر بانس کی گول سلکیں جو مضبوط ہوں لے کر ان کے ایک طرف یہ دوائی اچھی طرح لگا کر شیاف بنادیں۔ خشک ہونے پر ڈبے میں رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:- پہلے فم رحم ٹٹول کر پھر انگلی کے ساتھ شیاف لے جائیں۔ اور اس کا دوائی والا حصہ دبا کر فم رحم کے اندر کردیں۔ کسی دایہ سے استعمال کرادیں۔

فوائد:- حیض کو جاری کرنے اور رحم کا منہ کھولنے کیلئے بے نظیر شیاف ہے۔ جس کی مثل ملنی مشکل ہے۔ ہزار روپیہ میں بھی ایسا نسخہ ملنا مشکل ہے۔

احتباس حیض۔ تکلیف سے آنا۔ کم آنا۔ سب اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ جن عورتوں کی اولاد نہ ہوتی ہو۔ ان کے لئے آب حیات ہے۔ فم رحم کا منہ ٹھیک اور کشادہ ہو کر عموماً اولاد ہو جاتی ہے۔ دس دس سال کی بانجھ عورتیں اس کے استعمال سے صاحب اولاد ہو چکی ہیں۔ عورت کو دودھ گھی خوب کھلائیں۔

خون بند

پھٹکڑی بریاں، کتھ سفید، سنگجراحت ہر ایک ۳ ماشہ۔ کہربا شمعی، صدف مروارید، اقاقیا ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ دم الاخوین، گوند کتیرا، گوند کیکر ہر ایک ۷ ماشہ۔ باریک پیس کر سفوف بناویں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲-۴ ماشہ سے ۷ ماشہ تک ہمراہ شربت انجبار یا کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ دن میں ۲-۳ بار دیں۔

فوائد:۔ کثرت طمث۔ استحاضہ۔ نفث الدم۔ بواسیری خون۔ غرضیکہ جسم کے کسی حصے سے خون آتا ہو۔ اس کے استعمال سے قطعاً بند ہو جاتا ہے۔ رگوں کا منہ سکیڑنے اور خون کو بند کرنے کے لئے اس نسخہ کے ہوتے ہوئے اور کسی نسخہ کی ضرورت نہیں ہے۔

آیڈوفارم اینٹ منٹ

آیڈوفارم ۱ تولہ، بورک ایسڈ ۲ تولہ، کیفول ۴ ماشہ، زنک سلفاس ۴ ماشہ، ویزلین ۸ تولہ خوب ملالیں۔

ترکیب استعمال:۔ زخم یا پھوڑے پر پھایہ بنا کر لگادیں۔

فوائد:۔ گندے زخموں اور گندے پھوڑوں کے لئے لاجواب مرہم ہے۔ تمام پیپ و میل کچیل صاف کر کے زخموں کو بھرنے کیلئے آمادہ کر دیتی ہے۔ مطب میں ہر وقت تیار رکھنے کی چیز ہے۔ خصوصاً جراحوں کے لئے ایک تحفہ ہے۔

دوائے سنگ

سنگ سرماہی ۱ تولہ۔ جوکھار ۱ تولہ، مولی کھار ۶ ماشہ۔ بھکڑہ کھار باریک ۶ ماشہ پیس کر ملالیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ ماشہ گھنٹہ گھنٹہ بعد ہمراہ جوشاندہ کلتھی ۶ ماشہ، نمکوفتہ تخم خربوزہ ۶ ماشہ۔ جوش دے کر صاف کر کے شربت بزوری ۲ تولہ ملا کر پلاویں۔

فوائد:۔ ریگ و پتھری گردہ کے لئے مجرب ہے۔ درد گردہ کو فوری تسکین دیتا ہے۔

مرہم آتشک

رسکپور	بورک ایسڈ	سہاگہ سفید	سفید کاشغری
۲ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

ویزلین باریک پیس کر ملالیں۔

ترکیب استعمال:۔ آتشکی زخموں کو نیم کے پتوں کے جوشاندہ سے صاف کر کے مرہم کا پھایہ لگادیں۔

فوائد:۔ آتشکی زخموں کو خشک صاف کرنے کیلئے مجرب ہے۔

ٹوتھ پاؤڈر

پلورکریٹا پاؤڈر	ٹینک ایسڈ	ایسڈ سیلی سیلکس	بورک ایسڈ
۱ اونس	۱۰ گرین	۱۰ گرین	۳۰ گرین

تھائی مول ۵ گرین۔ منتھول ۵ گرین۔ کیمفر ۱۰ گرین۔ یوکلپٹس آئل ۳۰ منم۔ کریوزوٹ ۲ منم۔ کاربالک ایسڈ ۲ منم۔ خوب ملائیں

ترکیب استعمال:۔ تھوڑا سا لے کر انگلی۔ برش یا مسواک سے دانتوں پر ملیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔ پھر گرم پانی سے کلی کریں۔

فوائد:۔ دانتوں کو صاف کرتا ہے۔ مسوڑھوں کی پیپ دور کرتا ہے۔ خون کو بند کر کے دانتوں کو مضبوط بناتا ہے۔

سفوف حجر الیہود

حجر الیہود۔ سنگ سرماہی۔ سہاگہ بریاں۔ پھٹکڑی بریاں۔ نوشادر ٹکلی کا گچ۔ زیرہ سفید۔ ریوند چینی۔ تخم سویا۔ تخم مولی۔ دانہ الائچی قلمی شورہ۔ جو کھار۔ کباب چینی ہر ایک ۱ تولہ۔ نبات سفید ۳ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیرہ تخم خربوزہ۔ شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ خار خشک پانی میں سردائی کی طرح پیس۔ چھان کر ۲ ماشہ شربت ملا کر پلا دیں۔

فوائد:۔ پتھری و ریگ۔ گردہ و مثانہ کو خارج کرنے کیلئے اپنی مثال آپ ہے۔ درد گردہ کو فوری آرام دیتا ہے۔ مجرب اور خاص چیز ہے۔

صدری راز

حب قرطم کوفتہ ۱ تولہ تخم کرفس ۳ ماشہ شکر سرخ ۲ تولہ جوش دے کر صاف کر کے پلا دیں۔

فوائد:۔ درد گردہ جو ریح کی وجہ سے ہو۔ بند کرتا ہے۔ اس سے بہتر نسخہ ملنا محال ہے۔ ادھر دیا ادھر ۱۵ منٹ کے اندر درد غائب ہو جاتا ہے۔ اگر سفوف حجر الیہود کو اس کے ساتھ دیں تو معجزہ کی مانند اثر دکھاتا ہے۔ ضرور آزمائیں۔

حب درد کمر

موصلی سفید۔ نگہان۔ اجوائن دیسی۔ پپلا مول ہر ایک ۱ تولہ میدہ لکڑی سونٹھ۔ اسگند ناگوری۔ ستاور ہر ایک ۲ تولہ پرانا گڑ بقدر ضرورت سب کو پیس کر گڑ میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ گولی صبح و شام ہمراہ عرق سونف ۵ تولہ

فوائد:۔ درد کمر کے لئے خاص نسخہ ہے۔ جو بہت سے مریضوں پر آزمودہ ہے۔

مصلح جمالگوٹہ

گوند کتیرا ۲ تولہ۔ گل سرخ ۴ تولہ سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ تولہ ہمراہ شربت سعتری

فوائد:۔ اگر جمالگوٹے کے استعمال کے بعد اسہال بند نہ ہوں۔ دہی۔ لسی۔ چاولوں کا اثر باطل ہو جائے۔ تو آپ یہ نسخہ استعمال کرا دیں دست و مروڑ فوراً رک جائیں گے

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

بدل افیون

شنگرف ۔ کچلہ مدبر ۔ عاقرقرحا ۔ میٹھا تیلیہ مدبر ہر ایک تین تولہ سب کو کوٹ چھان کر تین سیر پختہ دودھ میں پکا دیں ۔ جب کھویہ بن جاوے تو پھر اس کو اتنا زیادہ کوٹیں کر موم کی مانند ہو جائے ۔

ترکیب استعمال :۔ جتنی مریض افیون کھاتا ہو اتنی ہی یہ دوائی دیں اور افیون آہستہ آہستہ کم کرتے جائیں ۔ اگر دو رتی افیون کھاتا ہو تو ڈیڑھ ماشہ مزید دیں ؛

شناسی تحفہ

شنگرف رومی ۱ تولہ رسکپور ۱ تولہ ۔ برادہ چاندی ایک تولہ ۔ برادہ تانبہ ۲ تولہ ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ ۔ برادہ دندان فیل ۱ تولہ ۔

سب کو ترتیب وار شیر مدار ۔ شیر زقوم ۔ شیرہ گل عباسی جوشاندہ کچلہ ۔ ہر ایک دس تولہ میں خوب کھرل کریں ۔ پھر ایک کوزہ گلی میں سیر پختہ پیاز نیچے اوپر دے کر گل حکمت کریں ۔ اور بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں اگر کچھ خام رہ جائے تو پھر کھرل کر کے آگ دیں ۔

ترکیب استعمال :۔ ۱ چاول بدرقہ مناسب کے ساتھ دیں ۔ یا مکھن بالائی وغیرہ میں دیں ؛

فوائد :۔ تمام بلغمی بیماریوں کے لئے ایک لاجواب تحفہ ہے ۔ جس کی تعریف کرنی محال ہے ؛

طبی آملہ ہیئر آئل

برگ آس ۔ آملہ خشک ہر ایک ۳۰ تولہ ۔ پوست ہلیلہ زرد ۔ پوست بلیلہ ہر ایک ۱۵ تولہ ۔ چھالیہ ۱۰ تولہ ۔ مصطگی رومی ۔ کاہو ۔ سپاؤ شاں ہر ایک ۲ تولہ طباشیر ڈیڑھ تولہ سب کو کوٹ چھان کر رات کو تین سیر پانی میں بھگو دیں صبح جوش دیں ۔ جب ایک سیر پانی رہ جائے تو ایک سیر گل روغن ملا کر دوبارہ آگ پر رکھیں ۔ جب پانی جل جائے اور تیل رہ جائے ۔ تو صاف کر کے سبز رنگ آملہ کا سینٹ بقدر خوشبو ملائیں ۔

ترکیب استعمال :۔ سر پر لگایا کریں ۔

فوائد :۔ بالوں کو لمبا و سیاہ کرتا ہے ۔ دماغ کو تر کرتا ہے ۔ بال گرنے کو روکتا ہے ۔ عام تیلوں سے ہزار گنا بہتر ہے ۔

حب جریان

ایکسٹرکٹ بلاڈونا ۱ تولہ کشتہ سہ دھاتہ ۲ تولہ ۔ کشتہ تلعی پارہ شورہ والا ۲ تولہ کافور ۶ ماشہ ۔ سب کو پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں چنے کے برابر بنا دیں ۔ جریان کو روکنے ۔ اور رکاوٹ حس کو کم کرنے کیلئے مجرب خصوصاً وہ مریض جن کو گھوڑے اور سائیکل یاد لیے ہی عورت کو دیکھ کر یا پاس بیٹھنے سے جلد انزال ہو جائے تو اس کے استعمال سے تندرست ہو جاتے ہیں ۔ مجرب ہے ۔

حب بیش

بیش تیلیہ مدبر۔ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ۔ شنگرف رومی۔ سہاگہ بریاں ہر ایک پانچ تولہ۔ باریک پیس کر لیموں کاغذی کے پانی میں ۲۴ گھنٹہ کھرل کر کے گولیاں چنے کے برابر بنا دیں۔

ترکیب استعمال :- ہیضہ میں ایک گولی ادرک کے پانی کے ساتھ دیں۔ اسہال و پیچش میں اطہر تخم کے جوشاندہ کے ساتھ دیں۔ نزلہ کھانسی میں شہد کے ساتھ دیں۔ بخار اور اسہال اگر اکٹھے ہوں تو کسی شربت مناسب کے ساتھ دیں۔ مثلاً حب الآس۔ کمزوری وغیرہ احتلام میں ا گولی غذا کے بعد صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

فوائد :- یہ نہایت مفید گولیاں ہیں۔ جو ہر وقت مطب میں تیار رکھنی چاہئیں۔

اسہال۔ لقوہ۔ ہیضہ۔ بخار۔ کھانسی۔ احتلام۔ پیچش کے لئے مجرب ہے۔

حب آتیس

گلو سبز	چرائتہ	برگ نیم	مرچ سیاہ	آتیس
۱ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۳ تولہ

سب کو نیم کوب کر کے تین سیر پانی میں ۲۴ گھنٹہ بھگو کر جوش دیں۔ جب پاؤ پانی رہ جائے تو خوب مل کر صاف کر کے مندرجہ ذیل اشیاء ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔

کونین ہائڈ	ست گلو اصلی	ابرک سفید	ابرک سیاہ	کشتہ ہرتال گئودنتی
۱ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

طباشیر آسمانی	عصارہ ریوند	دانہ الائچی خورد
۱ تولہ	۱ تولہ	۳ تولہ

باریک پیس کر ملا دیں۔

ترکیب استعمال :- ایک ایک چمچ دوپہر شام کسی مناسب شربت کے ساتھ دیں۔

فوائد :- ہر قسم کے بخار خصوصاً ملیریا کے لئے از حد مفید و مجرب ہیں روزانہ یا باری کا کوئی بخار ہو اس کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتا ہے ہر وقت مطب میں تیار رکھیں۔

روغن منوم

مغز بادام	مغز کھیرا	مغز کدو	تخم خرفہ	تخم سرسوں
۵ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۵ تولہ

صندل سفید	تل سفید	تخم کاہو	خشخاش سفید
۱ تولہ	۵ تولہ	۲ تولہ	۵ تولہ

تیل نکال کر سر پر مالش کریں

فوائد :- نیند لانے۔ دماغ کی خشکی و گرمی دور کرنے کے لئے بارہا آزمایا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

ملیّن اطفال

مغز بادام	الائچی خورد	برگ سناء مکی	سونف	مصطگی رومی
۵ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ	۳ تولہ	۱ تولہ

کھانڈ ہموزن ادویہ باریک سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال :- ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک دودھ یا گرم پانی میں ملا کر بچہ کو دیں :-

فوائد :- بچوں کے لئے بہترین ملین ہے - بغیر کسی تکلیف وغیرہ کے ایک دو دست آجاتے ہیں -

قیروطی نمونیا

دانہ مرغ خشک ۱۰ تولہ ۔ اصل السوس ۴ تولہ ۔ تخم حلبہ یعنی میتھی ۱۰ تولہ ۔ کلونجی ۴ تولہ ۔ عاقرقرحا ۲ تولہ

سب کو پیس کر، موم آدھ سیر، روغن السی اسیر میں پگھلا کر سابقہ پسی ہوئی دوائیں ملا کر رکھ لیں

ترکیب استعمال :- بقدر ضرورت قیروطی لے کر گرم کر کے سینہ پر مالش کریں - اگر درد زیادہ ہو تو زعفران ۱ ماشہ مقبر ۱ ماشہ پیس کر اضافہ کر لیں -

فوائد :- نمونیا، ذات الجنب - ریاحی درد کے لئے بارہا آزمائش شدہ ہے - بلغم غلیظ کو سینہ سے نکالنے کے لئے ازحد مفید ہے :

پت پاؤڈر

بورک ایسڈ ۱۰ تولہ ۔ زنک اکسائڈ ۱۰ تولہ ۔ میدہ گندم ۱۰ تولہ ۔ کیلسین پری پریٹیا ۵ تولہ

پہلے کافور ۱۰ ماشہ کو تھوڑی سپرٹ میں حل کریں - پھر باقی

دوائیں خوب ملا دیں

ترکیب :- زخموں پر چھڑک دیں :-

فوائد :- پت یعنی گرمی کے دانے، زخم رقیقہ کو خشک کرنے کے لئے لاجواب تحفہ ہے - خصوصاً بچوں کی ناف پکنے اور جسم کے دوسرے حصے پر زخموں پھنسیوں کو خشک کرنے کے لئے تیر بہدف :

عجیب نسوار

نوشادر - سنبل - پوست ریٹھہ - نکچھنی - مرچ سیاہ - گلسرخ کشمیری پتر - گل بنفشہ - گل نیلوفر - کاپھل - پوست الائچی کلاں - اسطو خودوس ہر ایک ۲ تولہ باریک پیس کر کافور ۳ ماشہ ملا کر رکھ لیں -

ترکیب استعمال :- بوقت ضرورت بطور نسوار لیں -

فوائد :- بند نزلہ و زکام کو جاری کرنے کیلئے مجرب المجرب ہے

معجون مغلظ جواہر والا

بہمن سرخ - بہمن سفید - ثعلب مصری ہر ایک ۲ تولہ کہربا شمعی ۳ تولہ سبد احمر ۳ تولہ یشب سبز ۳ تولہ - طباشیر کبود ۲ تولہ ابریشم خام ۳ ماشہ مشک خالص ۳ ماشہ - عنبر اشہب ۲ ماشہ - مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ زردی بیضہ مرغ ۱۰ عدد - روغن زرد ۱۰ تولہ ورق طلاء ۲ ماشہ ورق نقرہ ۳ ماشہ عرق گلاب اصلی ایک بوتل - آب سیب شیریں آدھ سیر

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

نبات سفید - گل اودیہ - مشک - مروارید وغیرہ پتھریلی چیزیں ۔ روح کیوڑہ میں خوب کھرل کرکے رکھ لیں - باقی دوائیں کوٹ چھان لیں عرق گلاب - آب سیب دکھا ڈبلا کر قوام کریں - زردی بیضہ گھی میں بریاں کریں اور قوام میں سب دوائیں ملا دیں ۔
خوراک :۔ ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام ہمراہ دودھ ۔ مقوی باہ و مغلظ منی ہے ۔

مرہم نیم

برگ نیم - برگ بکائن - برگ چرائتہ - مرتی جوت ہر ایک ۱ تولہ ان تینوں کو پانی میں پیس کر ٹکیہ بنا کر سرسوں کے ۱۰ تولہ تیل میں جلا دیں - اور صاف کرلیں اور پھر کوڑی زرد سوختہ - کاربالک ایسڈ ۱ تولہ یوکلپٹس آئل ۱ تولہ - روغن تارپین ۱ تولہ رسکپور ۲ رتی کافور ۲ ماشہ بورک ایسڈ ۲ ماشہ آیڈوفارم ۲ ماشہ - ویزلین ۱۰ تولہ سب کو ملا کر خوب گھوٹیں
ترکیب استعمال :۔ بطور مرہم لگا دیں ۔
فوائد :۔ پھوڑے - پھنسی - زخم کو اندمال کرنے کیلئے مجرب ہے زہریلے جانوروں کے ڈنگ پر لگانے سے فوراً آرام دیتا ہے ۔ بڑی آزمودہ مرہم ہے ۔

دوائے استسقاء

افسنتین رومی - عصارہ ریوند ہر ایک ۱ تولہ قلمی شورہ - نوشادر سوڈا بائیکارب ہر ایک ۲ تولہ روغن شبت ۳ ماشہ باریک پیس کر ملا لیں ۔
ترکیب استعمال :۔ ۳ ماشہ سفوف ہمراہ عرق سونف ۱۰ تولہ دیں ۔
فوائد :۔ استسقاء زقی کیلئے بہترین نسخہ ہے ، اس کے استعمال

سے پانی بذریعہ اسہال ہو کر مریض کو بعد تسکین حاصل ہو جاتی ہے ۔

حب شنگرف

شنگرف رومی - افیون ہر ایک ۱ تولہ - دونوں کو خوب کھرل کریں - پھر ریٹھ تیلیہ ۱ تولہ - بھوری ہرڑ ۱ تولہ - نگھان - سونٹھ ملا کر سرمہ کی مانند کرلیں - پھر ادرک سبز کے پانی کے ساتھ دو دن کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنائیں
خوراک :۔ ۱ گولی صبح و شام ہمراہ کشنیز خشک ۱ تولہ بریاں سردائی کی طرح پیس کر کھانڈ ملا دیں ۔
فوائد :۔ اسہال و مروڑ کو بند کرنے کیلئے نہایت زود اثر ہے ۔ اگر سدہ ہو تو پہلے کسٹرائیل وغیرہ سے صاف کرلیں ۔

اکسیر احتلام

بہمن سرخ - بہمن سفید - الائچی خورد - پوست خشخاش - بیجبند ہر ایک ۲ تولہ - پنیر مایا شترا عرابی - جدوار - تعلب مصری - اقاقیا - بیدانہ تخم بھنگ ہر ایک ۲ تولہ پیس کر شیر برگد ۱۵ تولہ ملا کر گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنا دیں ۔
ترکیب استعمال :۔ ۲ گولی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں - فوراً جریان احتلام کے لئے شرطیہ مفید - منی کو غلیظ کرنے اور سرعت کو دور کرنے کیلئے لاجواب تحفہ ہے ۔

روشنی

سہاگہ بریاں ۲ تولہ کشتہ جست ۲ تولہ زعفران ۲ ماشہ نوشادر ۲ ماشہ

سرمہ سیاہ ۵ تولہ۔ سونٹھ عمدہ ۶ ماشہ چاکسو مقشر ۶ ماشہ قلمی شورہ ۶ ماشہ تخم سرس مقشر ۶ ماشہ ہلدی ۶ ماشہ پھٹکڑی ۶ ماشہ نمک شیشہ ۶ ماشہ سمندر جھاگ ۶ ماشہ مرچ چینی ۳ ماشہ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ ست پودینہ ۶ رتی۔ کافور ۶ رتی عرق گلاب ۵ تولہ تمام دوائیں باریک پیس کر ست پودینہ و کافور ملا کر عرق گلاب سے کھرل کریں۔

ترکیب استعمال:۔ سرمہ کی مانند آنکھوں میں لگاویں۔

فوائد:۔ آنکھوں کے لئے قیمتی سرموں سے زیادہ مفید ہے۔ دھند جالا پھولا۔ خارش۔ پانی آنا نظر کی کمزوری وغیرہ کیلئے مجرب ہے۔

اکسیر دمہ

کنڈیاری ۲ سیر بمعہ شاخ پھل پتی۔ اجوائن دیسی پاؤ پختہ ساہنجہ ہلدی پاؤ پختہ۔ گودہ گھیکوار آدھ سیر۔ شیر مدار یعنی دودھ آک ۱ بوتل سب کو ملا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے جلائیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک کسی لعوق یا معجون میں یا شہد میں ملا کر ہمراہ عرق سونف وغیرہ دیں۔

فوائد:۔ دمہ بلغمی کے لئے عجیب و غریب چیز ہے۔ بلغم کو نیست و نابود کر دیتا ہے۔ گو دمہ ہمیشہ کے لئے جانا مشکل ہوتا ہے۔ مگر یہ قیمتی چیز ہے۔ کہ مریض یہ نسخہ استعمال کر کے آپ کا معتقد ہو جاتا ہے۔ اور اس کو جلدی دورہ نہیں ہوگا۔ یہ بھی دمہ والوں کے لئے مکمل صحت ہی ہوتی ہے

جوارش کشمش

آلو بخارا ۵ دانہ املی ۵ تولہ مویز منقی ۵ تولہ کشمش ۵ تولہ خوبانی ۵ تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کر کے کھانڈ ۲ پاؤ ملا کر قوام کریں۔ پھر عود غرقی۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ انار دانہ۔ زرشک زہر مہرہ۔ خطائی مصطگی رومی۔ پوست بیرون پستہ۔ پودینہ ہر ایک ۳ ماشہ پیس کر قوام میں ملا دیں۔ پھر مربہ آملہ ۵ تولہ مربہ بہی ۵ تولہ پیس اضافہ کریں اور ورق چاندی ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ تولہ صبح و شام کھائیں یا ۳، ۴ ماشہ کھاتے رہیں۔

فوائد:۔ قے۔ متلی گھبراہٹ۔ دل ڈوبنے کیلئے اکسیر ہے۔ ہر حالت میں دے سکتے ہیں۔

نسخہ برائے زچہ

کموہ خشک	گل بنفشہ	مویز منقی	بیخ کاسنی	بادیان	گاؤزبان
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۹ دانہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ
پرسیاؤشان	تخم خطمی	تخم خبازی			
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ			

جوش دے کر صاف کر کے ۲ تولہ کھانڈ ملا دیں؛

فوائد:۔ اگر عورت کو بچہ ہونے کے بعد نزلہ۔ کھانسی بخار ہو نفاس بند ہو۔ تو تخم خیارین ۶ ماشہ۔ تخم کاسنی ۶ ماشہ اضافہ کر دیں۔

اکسیر زہر مہرہ

آملہ مقشر۔ پوست بیرون پستہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ صندل سفید۔ طباشیر تخم حماض۔ زرشک۔ دانہ ہیل۔ پوست زرد ترنج۔ مصطگی رومی۔ نار دانہ نارجیل دریائی ہر ایک ۶ ماشہ باریک پیس کر شربت انار ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیں

فوائد:۔ صفراوی قے و متلی کو روکنے کیلئے جادو کی طرح اثر دکھاتا ہے۔

معجون اعصابی

فلفل سفید۔ فلفل سیاہ۔ دارچینی۔ جائفل۔ جاوتری۔ مصطگی رومی۔ عود بلسان۔ زنجبیل۔ عود ہندی۔ لونگ۔ ناگر موتھا۔ دانہ الائچی کلاں۔ بالچھڑ۔ سونف۔ صندل سفید۔ نگھاں۔ زعفران ۱۔ اجوائن دیسی۔ چوب چینی۔ ہر ایک ۱ تولہ کچلہ مدبر ۳ تولہ کوٹ چھان کر شہد خالص ڈیڑھ سیر ملا کر معجون بنا دیں

خوراک:۔ ۲ ماشہ سے ۶ ماشہ تک صبح و شام ہمراہ عرق سونف

فوائد:۔ تمام بلغمی و اعصابی بیماریوں کے لئے اکسیر ہے۔ فالج لقوہ۔ رعشہ۔ گنٹھیا۔ استرخا کیلئے مجرب ہے۔

بتیسا

مازو۔ مائیں۔ لودھ پٹھانی۔ باؤبڑنگ۔ باؤ کھمبہ۔ گل دھاوا۔ گوکھرو کلاں۔ گوکھرو خورد۔ گل سپاری۔ چکنی سپاری۔ موصلا سنبل

سمندر سوکھ۔ چھال درخت مولسری۔ گوند ڈھاک۔ الائچی خورد۔ مجیٹھ۔ پتنگ توڑ۔ کمرکس ہر ایک ۱ تولہ سنگجراحت ۲ تولہ۔ گوند کیکر ۵ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر روغن بناسپتی زرد میں بریاں کریں۔ میوہ ساٹھی چاول آدھ سیر۔ کھنڈ ۲ پاؤ ملا کر ناریل۔ چھوہارا۔ مغز چرونجی۔ پھول مکھانہ ہر ایک ۵ تولہ کوٹ کر ملا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ۔

فوائد:۔ عورتوں کے لئے ایک تحفہ ہے۔ درد کمر۔ کمزوری کو دور کرتا ہے۔ رطوبت آنے کو قطعاً روک دیتا ہے۔ حیض کی زیادتی کے لئے مفید ہے۔ مردوں کے جریان کے لئے فائدہ مند ہے۔

عرق مراق

گل نیلوفر۔ گل گاؤزبان۔ برگ گاؤزبان۔ عناب ولائتی ۴۰ عدد۔ گل سرخ۔ اسطوخودوس۔ عشبہ مغربی۔ منڈی بوٹی۔ بسفائج۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ تخم کاسنی۔ افتیموں ولائتی ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ ہر ایک ۳ تولہ۔ ابریشم خام مقرض ۷ تولہ۔ بالچھڑ ۱ تولہ۔ کشنیز خشک ۳ تولہ۔ گل گڑہل ۱۰۰ عدد۔ تخم ریحان۔ تخم نیلوفر ہر ایک ۲ تولہ۔ کموہ خشک ۲ تولہ آب گزر ۱ سیر آب میٹھا ۱ سیر آب مالٹا ۱ سیر۔ عرق بید مشک۔ عرق کموہ۔ عرق نیلوفر ہر ایک ڈیڑھ سیر میں رات کو بھگو کر صبح دس سیر شیر گاؤ ملا کر کے عرق کھینچیں

ترکیب استعمال:۔ ۵ تولہ صبح ۵ تولہ شام شربت احمد شاہی ۲ تولہ یا کسی مناسب شربت میں ملا کر پلا دیں۔

فوائد:۔ مالیخولیا مراقی و ہر قسم مالیخولیا۔ خفقان۔ گرمی۔ بخار پرانا
غلبہ سوداویت کے لئے اکسیر ہے۔ بارہا کا تجربہ ہے۔ مجرب پایا ؛

سفوف جریان

بھکڑا ۔ سنگھاڑہ خشک ۔ ساٹھی چاول ۔ مغز کنول ۔ گوند کیکر
۱۰ تولہ ۔ ۶ تولہ ۔ ۶ تولہ ۔ ۶ تولہ ۔ ۴ تولہ
کشتہ قلعی ۔ موچرس ۔ سمندر سوکھ ۔ سریالہ ۔ بیجبند ۔ نبات سفید
۲ تولہ ۔ ۲ تولہ ۔ ۲ تولہ ۔ ۲ تولہ ۔ ۲ تولہ ۔ ۲ تولہ

بموزن کل ادویہ کا سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ تولہ صبح ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد۔ مادہ منویہ کو غلیظ کرکے جریان۔ احتلام۔ سرعت کا قلع قمع کرتا ہے۔

سفید سرمہ

پھٹکڑی ۔ نوشادر ۔ قلمی شورہ ۔ نمک شیشہ ۔ برگ مرس
۶ ماشہ ۔ ۶ ماشہ ۔ ۶ ماشہ ۔ ۵ تولہ

پانی میں کھرل کرکے رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ بطور سرمہ آنکھوں میں لگایا کریں۔

فوائد:۔ چٹا پھولا دھند غبار جالا کے لئے نہایت مجرب المجرب ہے ؛

اکسیر قلب

زہر مہرہ خطائی۔ عقیق۔ مرجان۔ صدف مروارید۔ طباشیر اصلی دانہ الائچی خورد۔ کہربا۔ یشب سبز۔ ورق چاندی۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ روح کیوڑہ ایک پاؤ میں کھرل کرکے رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ ماشہ یہ اکسیر۔ مربہ سیب یا آملہ یا گذر ۱ تولہ میں رکھ کر عرق گاؤزبان میں رکھ لیا کریں۔

فوائد:۔ دل کو طاقت دینے کے لئے کم خرچ بالا نشین دوائی ہے۔ اس کے چند روزہ استعمال سے ضعف دل۔ خفقان۔ غشی وغیرہ۔ قطعاً دور ہو جاتے ہیں۔

نہایت عمدہ و مجرب نسخہ ہے۔ اگر یاقوت بموزن اس میں ملائیں تو زیادہ مفید ہو جاتا ہے۔

شربت طحال

حب قرطم۔ سونف۔ تخم کاسنی۔ تخم خربوزہ۔ تخم خیارین۔ مغز کدو شیریں شاہترہ۔ مکوہ خشک۔ تخم خرفہ۔ کلی سیاہ۔ برگ جھاؤ۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ گل بنفشہ۔ گاؤزبان۔ خطمی۔ ملٹھی مقشر۔ بیخ کاسنی۔ انیسون۔ بالچھڑ۔ گل غافث۔ افسنتین۔ تخم سنبھالو۔ اتیس۔ مغز کرنجوہ۔ کشمش پیل ہر ایک ۷ ماشہ۔ انجیر زرد ۵ عدد۔ مویز منقی ۳ تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کرکے کھانڈ ۳ پاؤ ملا کر شربت بنا دیں ؛

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

ترکیب استعمال سفوف طحال ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام پانی میں ملا کر پلادیا کریں اگر غذا کے بعد ۱ ماشہ دونوں وقت کھلادیا کریں۔ تو نہایت مفید نسخہ بن جاتا ہے۔

فوائد:۔ ورم طحال، سفوف طحال، عظم طحال، ملیریا مزمن ضعف جگر، سوء القینہ کیلئے نہایت مجرب تیر بہدف شربت ہے۔ جو مریض کونین کے مرکبات استعمال نہیں کرنا چاہتے ان کیلئے آب حیات ہے

نوٹ:۔ اگر کٹکی نہ ملے تو کوئی ہرج نہیں۔

کاکا پاؤڈر

بادیان بریاں۔ کشنیز خشک بریاں۔ بل گیتھ۔ گل سرخ۔ زہر مہرہ زیرہ سفید بریاں۔ الائچی دانہ مغز کنول گٹہ۔ زرور دبریاں۔ نارجیل دریائی۔ طباشیر اصلی۔ ہلیلہ سیاہ بریاں۔ آملہ خشک ہر ایک ۲ ماشہ مصری کوزہ ہموزن سب ادویہ باریک سفوف بنادیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ رتی شربت انار یا حب الآس میں ملا کر بچہ کو دن میں تین بار دیں۔

فوائد:۔ بچوں کے اسہال دستے و گرمی کیلئے خاص بھروسہ کا نسخہ ہے۔ فوری فائدہ کرتا ہے۔

سنون پائیوریا

مرداسنگ۔ انزروت۔ دانہ الائچی خورد۔ نیلا تھوتھا۔ ہر ایک ۱ تولہ باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال:۔ بطور منجن دانتوں پر برش یا مسواک سے

لگادیں اور تھوڑی دیر ٹھہر کر گرم سے کلی کریں۔

فوائد:۔ پائیوریا کے لئے سب نسخوں کا سرتاج ہے۔

باہمنی یعنی کھورا کا مجرب علاج

دبلاق، رات کو ترپھلا ۱ تولہ عرق گلاب میں بھگودیں۔ صبح اس کا پانی لے کر آنکھوں کو دھوئیں۔ پھر یہ سرمہ لگادیں۔ سرمہ سیاہ۔ سفید جست۔ رسونت۔ نیلا تھوتھا۔ پھٹکڑی۔ پارہ۔ سکہ۔ ہر ایک ۱ تولہ پہلے سکہ کو پگھلا کر پارہ ملادیں۔ پھر باقی دوائیں ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ سرمہ کی مانند ہو جائے۔

ترکیب استعمال:۔ بطور سرمہ پلکوں پر لگایا کریں۔ رات کو اطریفل زمانی ۶ ماشہ کھلادیا کریں۔

فوائد:۔ سلاق جس میں مریض کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہیں اور بال گر جاتے ہیں کے لئے حیرت انگیز اور مجرب ہے۔

بواسیری پلز

رسونت اصلی اور مصفیٰ۔ گوگل بھینسیا ہر ایک ۱۰ تولہ مولی کا پانی ۱ سیر رات کو جوش دے کر رکھ دیں۔ صبح کپڑے میں صاف کر کے کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو تخم سرس۔ زنجبیل ہر ایک ۵ تولہ باریک پیس کر ملادیں۔ اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ گولی سے ۲ گولی تک صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

فوائد:۔ بواسیر ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ خصوصاً بواسیری خون کو بند کرنے کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر احتلام

پوٹاسی۔ برمائیڈ۔ کمفر مانو برومائیڈ۔ اکسٹریکٹ ہائیوسائمس
۴ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ

کشتہ سہ دھاتہ ۱ تولہ سب کو کھرل کر کے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔

خوراک:۔ ایک ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ پانی دیں۔

فوائد:۔ جریان۔ احتلام کا جانی دشمن ہے۔ پانی کی طرح بہتا ہوا مادہ منویہ اس کے استعمال سے رک جاتا ہے ذکاوت حس ایک ہفتہ استعمال کرنے سے رک جاتی ہے۔ ہر وقت مطب میں تیار رکھنے کی چیز ہے۔

اکسیر قلاع

گاؤزبان سوختہ۔ طباشیر اصلی۔ دانہ الائچی خورد۔ کتھ سفید۔ کباب چینی۔ گل انار۔ نشاستہ گندم ہر ایک ۲ تولہ باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ دن میں ۳، ۴ بار منہ میں بھر کا کریں

فوائد:۔ بچوں کے منہ چھالوں و پھنسیوں کیلئے مجرب اور رات کی معمولی چیز ہے۔ ہر وقت مطب میں تیار رکھیں۔

شیاف زن

نوشادر نمک سیاہ لوٹ سجی صابن دیسی ملا کر شیاف بنا دیں۔
۱ ماشہ ۱۰ ماشہ ۲ ماشہ بقدر ضرورت

ترکیب استعمال:۔ ایک شیاف دایہ سے فم رحم میں رکھوائیں۔ حیض جاری کرنے کیلئے مجرب ہے۔ اگر کوئی عورت کمزور ہو۔ اور اسقاط کی ضرورت ہو تو اس کو دو تین روز استعمال کرائیں۔ "یقیناً" اسقاط ہو جائیگا۔

فوائد:۔ رحم کا منہ کھولنے اور حیض جاری کرنے کیلئے مجرب ہے

حب سہاگہ

عصارہ جار بوٹا (ہر)۔ نوشادر۔ سہاگہ سفید۔ مصطگی رومی پیس کر گودہ ٹھیکوارہ میں ملا کر گولیاں دانہ مونگ برابر بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک دو گولی بچہ کو ماں کے دودھ یا پانی میں گھس کر ذرا کھانڈ ملا کر دیں۔

فوائد:۔ بچوں کا نمونیہ۔ کھانسی۔ درد شکم۔ قبض کیلئے معمولی ہے

قرص صدر

سرطان سوختہ شاخ مرجان سوختہ عقیق سوختہ صدف مروارید
۲ تولہ ½ تولہ ½ تولہ ۱ تولہ

سو۔ کہربا شمعی ½ تولہ۔ گل ارمنی ۱ تولہ۔ طباشیر اصلی۔ گل مختوم

تخم خشخاش سفید۔ تخم خشخاش سیاہ ہر ایک سوا تولہ۔ مغز تخم خیارین
مغز تخم خربوزہ۔ مغز کدو شیریں ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز پیٹھ ۲ تولہ۔ کتیرا گوند
رب السوس۔ گوند کیکر ہر ایک سوا تولہ۔ زعفران۔ افیون ہر ایک ۵ ماشہ
کافور ۱۰ ماشہ سب کو پیس کر سریشم ماہی ۲ تولہ کو پانی میں حل کر کے باقی
دوائیں ملا کر قرص بقدر ۳ ماشہ بنا دیں۔

ترکیب استعمال :۔ ۱ قرص صبح و شام ہمراہ شربت ۲ تولہ اعجاز دیں
فوائد :۔ گو دق سل ابھی تک لاعلاج مرض ہے۔ مگر پہلا درجہ میں
اگر مریض کو یہ قرص مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کرایا جائے تو
مریض کو شفا کلی دیتا ہے۔ دوسرے اور تیسرے درجہ میں صحت ہو
یا نہ ہو۔ اتنا ضرور ہے کہ مریض ان قرصوں کے استعمال سے یوں
معلوم کرتا ہے۔ کہ میں تندرست ہو رہا ہوں۔ اور طبیب کا بڑا
مداح و معتقد ہو جاتا ہے۔ مریض کو روٹی کھانے کے بعد یا
پہلے بقدرے پانی ملا کر پلا دیا کریں۔ تاکہ اس کی طاقت قائم رہے
اور بہتر تو یہ ہے کہ مریض کو ٹی بی ہسپتالوں میں جانے کی تاکید
کریں۔ گو شفا مکمل حاصل نہیں ہوتی۔ مگر جب تک وہ علاج کیا
جائے مریض زندہ رہتا ہے۔

بچہ پال

سوڈا بائیکارب
۲ تولہ ۸ ماشہ

سوڈی برومائیڈ
۲ تولہ ۸ ماشہ

اولیم اینی تھائی
۳۲ قطرہ

اولیم اینی سائی
۳۲ قطرہ

سپرٹ ریکٹی فائیڈ
۴ اونس

شربت سادہ ۹ چھٹانک عرق سولف ۲ بوتل۔ پہلے مغز سوکھے
خوب باریک کریں۔ پھر تیل ملا کر حل کریں۔ پھر سپرٹ ذرا ذرا
ملا کر حل کرتے رہیں۔ پھر شربت و عرق ذرا ملا کر خوب کھرل کرتے جائیں
اور ملاتے جائیں۔ یہاں تک کہ ایک جان ہو جائے۔ شیشیوں میں
بھر کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک ماہ سے ۶ ماہ کے بچہ کو ۱۰ سے ۱۵ قطرہ
۶ ماہ سے ڈیڑھ سال تک ۲۰ سے ۶۰ قطرہ دیں۔ دن میں تین بار۔
فوائد :۔ بچوں کے اسہال۔ قے۔ بخار۔ کھانسی۔ سوکھا
پن کیلئے اکسیر ہے۔ دانت نکلنے کے زمانہ میں اس کے استعمال
سے تمام تکالیف سے محفوظ کر سکتا ہے۔ لاغر و دبلے بچے موٹے
تازے ہو جاتے ہیں۔

تریاق احتلام

گوند کیکر۔ طباشیر اصلی۔ سمندر سوکھ۔ کشنیز خشک۔ گل سپاری۔
ثعلب مصری۔ تالمکھانہ۔ موچرس۔ گوند کتیرا ہر ایک ۱ تولہ بنات
سفید ۹ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال :۔ ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ دودھ
بکری یا گائے بھینس استعمال کریں :۔
فوائد :۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ رقت منی کیلئے اکسیر
تیر بہدف ہے۔ خصوصاً احتلام کے لئے زیادہ فائدہ مند
مجرب ہے

آئیوڈو فارم آئیل

آئیوڈو فارم — کاربالک ایسڈ — میٹھا تیل — ملا کر رکھ لیں۔
۲ ماشہ — ۲ ماشہ — ۵ تولہ

ترکیب استعمال:۔ گندے و خراب زخموں پر لگادیں۔

فوائد:۔ گندے و سڑے ہوئے پیپ دار زخموں و پھوڑوں کو صاف کرنے کیلئے غضب کی مجرب چیز ہے۔ جراحوں کیلئے تحفہ ہے۔

مرہم آئیوڈو فارم

کاربالک ایسڈ — آئیوڈو فارم — بورک ایسڈ — زنک اکسائڈ
۲ ماشہ — ۲ ماشہ — ۶ ماشہ — ۶ ماشہ

۱۰ تولہ ویزلین ملا کر رکھ لیں

ترکیب استعمال:۔ گندے و خراب زخموں کو پیپ سے صاف کرنے اور اندمال کے قابل بنانے کے لئے مجرب ہے۔

مرہم زنگار

زنگار ۲ تولہ — شہد ۳ تولہ — سرکہ ۷ تولہ

ملا کر پکائیں۔ جب مرہم بن جائے تو اتار لیں۔

ترکیب استعمال:۔ بطور مرہم لگادیں۔

فوائد:۔ زخموں کے بڑے انگور کو جلانے اور زخموں و پھوڑوں کو صاف کرنیکیلئے مجرب ہے۔ اسکے سوا زخموں کو بھرنے والی کوئی مرہم ایسی ہے

زیادہ مفید نہیں،

شیاف ککرا

نیلا تھوتھا خام — چاکسو مدبر — کافور — افیون — انزروت مدبر
۳ تولہ — ۱ تولہ — ۱ تولہ — ۱ تولہ — ۶ ماشہ

کنیدر — گوند کیکر) سب کو الگ الگ ملا کر نیم کے پتوں کے
۲ تولہ — ۳ تولہ) پانی میں ملا کر شیاف بنادیں۔

ترکیب استعمال:۔ پلک کو الٹ کر ککروں پر بتی رگڑیں پھر بکری کے دودھ سے دھودیں اور ایک روئی کا پھایہ بکری کے دودھ سے تر کرکے آنکھوں پر رکھ دیں۔

فوائد:۔ ککروں یعنی رو ہوں کے لئے مجرب و اکسیر ہے۔

حب ذیابطیس

مغز خستہ جامن۔ افیون۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ قلعی۔ ست سلاجیت اصلی ہر ایک ۶ ماشہ کافور ۶ ماشہ باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں چنے کے برابر بنادیں

ترکیب استعمال:۔ اگولی صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب باؤ پانی یا زلال پوست التونیم دیں۔

فوری

کاربالک ایسڈ — کلورل ہائیڈریٹ — کریازوٹ — ٹنکچر آیوڈین
۲ ماشہ — ۲ ماشہ — ۳ ماشہ — ۳ ماشہ

ملا کر شیشی میں رکھ لیں

ترکیب استعمال:۔ ایک لوہے کی سیخ لے کر اس کے سرے پر تھوڑی سی روئی لگا دیں۔ اور دانت کے سوراخ میں رکھ دیں۔ یا درد کی جگہ لگا دیں۔ اتنی احتیاط رکھیں کہ دوائی دوسری جگہ نہ لگے۔

فوائد:۔ درد دانت کیلئے جادو ہے۔ ادھر دوائی لگائی ادھر درد غائب۔ مریض روتا آئے اور ہنستا جائے۔

سرفین

افیون ۳ ماشہ۔ پوست بیخ مدار ۳ ماشہ قلمی شورہ ۶ تولہ۔ باریک سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک ہمراہ عرق سونف دیں۔

فوائد:۔ کھانسی کو فوری تسکین دینے کیلئے مجرب ہے۔ پہلی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے۔

بہار آور

چھلادہ کلاہ دور کردہ ۲ تولہ ناریل ۲ تولہ چھوہارے گٹھلی دور کردہ ۲ تولہ ثعلب مصری ۵ تولہ گھی آدھ سیر کھانڈ ۱ سیر۔ دودھ ۴ سیر۔ پہلے ناریل یعنی گری کوٹیں پھر چھلادہ و چھوہارے ملا کر خوب کوٹیں۔ پھر پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں پکا دیں۔ پوٹلی کو دباتے اور ہلاتے رہیں۔ جب کھویا بن جائے تو اس کو گھی میں بھونیں۔ اور کھانڈ کا

قوام کرکے ملا دیں اور ثعلب مصری ۵ تولہ باریک پیس کر اضافہ کریں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ تولہ سے ۲ تولہ تک صبح ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد:۔ قوت باہ پیدا کرنے کے لئے مجرب ہے اتنی طاقت پیدا ہوتی ہے کہ برداشت کرنا مشکل ہوتا ہے۔ کم خرچ بالا نشین نسخہ ہے۔

تریاق الرحم

گل سپاری۔ گل لپستہ۔ گوند ڈھاک ہر ایک ۴ تولہ اندر جو شیریں اسگند ناگوری ہر ایک ۲ تولہ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان ہر ایک ۲ ماشہ کشتہ عقیق ۱۰ ماشہ مصری ۸ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک ہمراہ دودھ صبح و شام کھائیں۔

فوائد:۔ عورتوں کے سیلان الرحم یعنی رحم سے سفید پانی آنے کے لئے مجرب ہے۔

نوٹ:۔ سیلان الرحم کی مریضہ کے فم رحم میں اگر ورم ہو اور اس کی وجہ سے رطوبت آتی ہو۔ تو پہلے ورم کا علاج کرنا چاہیئے۔

ادراری

مغز املی	مرچکی	ریوند خطائی	کسیس سبز	فری ریٹ ایمونیا
۳ تولہ	۲ تولہ	۶ ماشہ	۳ تولہ	۱ تولہ میٹا اساس

باریک سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک صبح و شام ہمراہ شربت بزوری ۴ تولہ یا دینار ۲ تولہ دیں:۔

فوائد:۔ حیض کو جاری کرنے اور خون پیدا کرنے کیلئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ قبض و کش ہے۔ جسمانی کمزوری و دل کی دھڑکن کو دور کرتا ہے:۔

سُرمہ غریب نواز

پھٹکڑی۔ قلمی شورہ۔ نوشادر۔ سمندر جھگ۔ نمک سینڈھا ہر ایک ۲ تولہ نیلا تھوتھا بریاں ۱ ماشہ دو روز پانی میں کھرل رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ بطور سرمہ آنکھوں میں صبح و شام لگا دیں۔

فوائد:۔ دھند۔ جالا۔ غبار۔ پانی آنا۔ ککرے۔ سفیدی چشم کے لئے مجرب ہے۔ اس کو بنا کر مفت تقسیم کرتا ہوں۔ بڑی مفید چیز ہے۔

علاج برائے کثرت حیض و استحاضہ

نمبر ۱۔ کشتہ صدف مرواریدی۔ مرجان۔ کہربا شمعی باریک پیس کر رکھ لیں۔
۱ تولہ ۱ تولہ ۶ ماشہ

خوراک:۔ ۲ ماہ صبح و شام ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ۔ اگر زیادہ تکلیف ہو۔ تو تین چار دفعہ دیں۔ ہر جگہ کا خون بند کرنے کے لئے اکسیر ہے

نمبر ۲۔ مائیں خورد۔ ماجو بریاں۔ نسپال۔ گل دھاوا۔ پھٹکڑی نیم کوفتہ
۶ ماشہ ۶ ماشہ ۱ تولہ ۶ ماشہ ۳ ماشہ

کر کے پانی ادھ سیر میں جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ رہ جائے تو صاف کر کے رکھ لیں۔

نمبر ۳۔ سرمہ سیاہ۔ ماجو بریاں۔ دم الاخوین باریک پیس لیں
۱ تولہ ۱ تولہ ۶ ماشہ

ترکیب استعمال: نمبر ۲ کے پانی میں روئی صاف دھنی ہوئی بھگو کر نمبر ۳ کے سفوف سے لیتھڑ کر رحم میں دایہ سے یا خود استعمال کریں۔ نمبر ۱ بطور خوراک کھلایا کریں۔

فوائد:۔ عورتوں کا کثرت حیض یا استحاضہ بار بار مہینہ میں کئی بار خون آنا۔ جو کسی دائی سے بند نہ ہوتا ہو۔ اس کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتا ہے۔ سینکڑوں عورتوں پر آزمائی ہوئی چیز ہے۔

مرہم زنگاری

گندہ بروزہ ۵ تولہ، نیلا تھوتھا ۲ رتی، زنگار ۶ رتی } بروزہ کو گرم پانی سے دو چار دفعہ دھولیں پھر باقی دوائیں باریک پیس کر تیل سرسوں ۱ تولہ ملا کر مرہم بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ بطور مرہم پھاہہ پر لگا کر استعمال کریں۔

فوائد

پھوڑا پھنسی کو پھاڑنے اور صاف کرنے کے لئے عام معمولی ہے:۔

حب شباب

فیری کاربوناس ۱۲ گرین ۔ پل فاسفورس ۵۶ گرین ۔ فیری آرسیناس ۲½ گرین ۔ ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۴ گرین ۔ مشک خالص ۲ ماشہ ۔ فیری کونین سائٹراس ۳۰ گرین ۔ ایکسٹریکٹ کینے بس انڈیکا ۱۴ گرین ۔ ایکسٹریکٹ بلاڈونا ۷ گرین ۔ لوہبس ۷ گرین ۔ گولڈ کلورائیڈ ۷ گرین ۔ ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۱۰ گرین ۔ ایکسٹریکٹ ہائی ساٹی مین ۷ گرین ۔ سکوپیلا ایکسٹریکٹ

جلیٹن بقدر ضرورت ملا کر گولیاں چنے برابر بنا دیں

خوراک :۔ ا گولی صبح ا شام روٹی کے بعد ہمراہ دودھ کھا لیا کریں۔

فوائد۔ قوت باہ پیدا کرنے کیلئے اس سے بہتر نسخہ ملنا محال ہے۔ دل و دماغ اعصاب کو زبردست طاقت دیتا ہے

حب عجیب

سورنجان شیریں ۲ ماشہ ۔ بوزیدان ۳ ماشہ ۔ شحم حنظل ۳ ماشہ ۔ غاریقون ۶ ماشہ

صبر سقوطری ۶ ماشہ ۔ تربد سفید مجوف ۱ تولہ ۔ جاؤشیر ۳ ماشہ ۔ فرفیون ۳ ماشہ

جند بیدستر ۲ ماشہ ۔ قنطوریون دقیق ۳ ماشہ ۔ مشک خالص ۱۰ ماشہ سب

اشیاء اصلی اور عمدہ لے کر کوٹ چھان کر ملوہ سبز کے پانی میں گولیاں چنے برابر بنا دیں :۔

ترکیب استعمال :۔ ا گولی صبح ا گولی شام روٹی کے بعد ہمراہ پانی کھا لیا کریں

فوائد :۔ یہ عجیب و غریب گولیاں دائمی قبض کے لئے بے نظیر و لاثانی ہیں۔ جو قبض کسی دوائی سے نہ جاتی ہو۔ ان کے مسلسل استعمال سے قطعاً اور ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ عرق النساء ۔ نقرس ۔ گنٹھیا فالج درد معدہ ۔ درد گردہ ریحی اور معدہ میں ہر وقت ریاح کا رہنا جو عموماً بڑے بڑے امیروں اور روٴساء کو ہوتا ہے۔ ان گولیوں کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے ضرور ختم ہو جاتا ہے۔

حب تنکار

سہاگہ ۲ تولہ ۔ اجوائن خراسانی ۲۰ تولہ ۔ فلفل سیاہ ۱۲ تولہ ۔ صبر سقوطری ۱۸ تولہ سب کو

باریک پیس کر گھیکوارہ کے گودہ میں گولیاں چنے کے برابر بنا دیں۔

خوراک :۔ ۲ گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی تازہ کے استعمال کریں

فوائد :۔ گو یہ ایک مشہور یونانی نسخہ ہے۔ مگر نہایت مفید اور مجرب ہونیکی وجہ سے درج کر دیا گیا ہے۔ قبض کشا ہے بھوک لگاتا ہے ہاضم ہے۔ پیٹ کا بوجھل ہونا۔ اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ اسکے کھانے سے بغیر کسی تکلیف کے ٹٹی کھل کر ہو جاتی ہے۔

جواہر مہرہ برائے مراق

عقیق یمنی ۲ تولہ یشب سبز ۲ تولہ لبد ا تولہ مرجان ا تولہ ۔ زہر مہرہ خطائی

۱۰ تولہ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ یاقوت رمانی ۲ ماشہ طباشیر اصلی ۶ ماشہ الائچی دانہ سبز ۶ ماشہ ورق نقرہ ۶ ماشہ ورق طلاء ۱ ماشہ باریک پیسکر روح کیوڑہ ۲ تولہ روح گلاب ۲ تولہ میں کھرل کریں۔

ترکیب استعمال :۔ ۱ ماشہ مفرح مراق یا کسی مربہ میں ملا کر دیں۔
فوائد :۔ مالیخولیا مراقی۔ ضعف دل۔ غشی۔ کمزوری کے لئے مجرب ہے۔ دل اور روح کو تازہ کرنے کیلئے بہت مفید ہے۔

مفرح سادہ برائے مراق

گل بنفشہ ۲ تولہ۔ گلسرخ ۲ تولہ۔ گل سیوتی ۴ تولہ۔ طباشیر اصلی ۲ تولہ۔ الائچی دانہ سفید ۲ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۲ تولہ۔ عود غرقی ۱ تولہ۔ پوست سنگترہ ۱ تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ زرشک شیریں ۲ تولہ صندل سفید ۵ تولہ صندل سرخ ۲ تولہ۔ ابریشم مقرض ۲ تولہ گل گاؤزبان ۲ تولہ کوٹ چھان کر مربہ آملہ بنارسی ۱۰ عدد۔ مربہ ہلیلہ ۱۰ عدد کو پیس کر کھانڈ ملا کر قوام کریں اور پیسی ہوئی دوائیں ملادیں۔ پھر ورق نقرہ ایک دفتری حل کرکے رکھ لیں ترکیب استعمال :۔ جواہر مہرہ ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک مفرح سادہ ۱ تولہ میں حل کرکے ہمراہ عرق گاؤزبان کھانڈ یا شربت احمد شاہی ملا کر صبح و شام دیں۔ فوائد :۔ مالیخولیا ہر قسم۔ ضعف دل۔ خفقان۔ خصوصاً مالیخولیا مراقی کیلئے لاجواب نسخہ ہے۔ اگر صبح ماءالجبن ۱۰ تولہ شربت احمد شاہی ۲ تولہ دیں اور شام کو یہ جواہر مہرہ و مفرح سادہ دیں۔ اور رات کو اطریفل زمانی ۶ ماشہ کھلا چھوڑا کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ آرام نہ آئے۔

شربت مالیخولیا

گاؤزبان ۲ تولہ نیلوفر ۲ تولہ آلو بخارا ۵ تولہ

تخم خیار کوفتہ ۳ تولہ تخم کاسنی ۳ تولہ گلسرخ ۲ تولہ
افتیمون ولایتی ۲ تولہ بسفائج فستقی ۱۰ تولہ فرادیون عقربی ۱۰ تولہ فرنجمشک ۲ تولہ بادرنجبویہ ۲ تولہ
ابریشم خام مقرض ۱۰ تولہ صندل سفید ۱ تولہ عناب ۲۵ دانہ گل گاؤزبان ۱ تولہ

رات کو بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کرکے کھانڈ ملا کر شربت بنادیں ۳ تولہ صبح ماءالجبن میں ملا کر ملادیں۔ ۳ تولہ شام کو عرق گاؤزبان وغیرہ کے ساتھ دیں۔

فوائد :۔ مالیخولیا ہر قسم و تنفر و وحشت۔ گھبراہٹ کے لئے مفید ہے

ہاضم چورن

نمک اندرائن نمک سونچل۔ نمک سانبھر۔ نمک شیشہ۔ نمک نلی۔ نمک سیندھا ہر ایک ۲ تولہ۔ عصارہ ریوند۔ ریوند خطائی۔ ریوند چینی ہر ایک ۱ تولہ کالی مرچ۔ گمہاں ہر ایک ۲ تولہ۔ اجوائن خراسانی۔ اجوائن دیسی۔ ہلیلہ سیاہ۔ اجوائن کوہی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ آملہ مقشر۔ بھیڑا۔ ہینگ۔ شحم حنظل۔ پودینہ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید ہر ایک دو تولہ ست لیموں ۵ تولہ سنا مکی ۱ تولہ سونف ۳ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنادیں

ترکیب استعمال :۔ ۳ ماشہ ہمراہ گرم پانی دن میں دوبار۔
فوائد :۔ غذا کو ہضم کرتا ہے۔ قبض کشا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ نفخ و ریح کے لئے مجرب ہے۔ درد شکم کو دور کرتا ہے۔

دوائے خارش

توتیا بریاں ۲ ماشہ۔ پارہ۔ رال سفید۔ کبیلہ۔ مرداسنگ۔ سندھور۔ کالی مرچ۔ برگ مہندی ہر ایک ۶ ماشہ باریک پیس کر روغن زرد اکیس بار دھوئے ہوئے میں ملا کر بدن پر مالش کریں۔ ۲ گھنٹہ بعد گرم پانی سے نہالیں۔

فوائد:۔ تر خارش کے لئے خاص اور بھروسہ کی دوائی ہے۔ پھنسیوں کو خشک کر دیتی ہے۔

دوائے طفلان

طباشیر اصلی۔ دانہ الائچی کلاں۔ دار چینی۔ تودری سفید۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پودینہ خشک۔ اتیس۔ کاکڑا سینگی۔ مگھاں۔ سہاگہ بریاں۔ گوند کتیرا ہر ایک ۱ تولہ باریک پیس کر رکھ لیں:۔

ترکیب:۔ ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک شہد یا کسی مناسب شربت میں ملا کر انگلی کے ساتھ بچہ کو ٹھہر ٹھہر کر چٹاتے رہیں۔

فوائد:۔ بچوں کی کھانسی۔ بدہضمی۔ قبض۔ اسہال۔ بخار۔ قے کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

عطیہ خاص حکیم سید حیدر علی شاہ صاحب طبیب روحانی چک نمبر ۱۸۸/۹-۱۲L ضلع منٹگمری ڈاکخانہ ہڑپہ

حسن یوسف

(صفحہ ۵۵ پر پڑھو)

زیری سیاہ۔ گندھک آملہ سار۔ باوچی۔ تخم پنواڑ ہر ایک ۵ تولہ سفوف بنا کر رکھ لیں۔ ۱ تولہ رات کو ۱۰ تولہ پانی میں بھگو کر صبح چھانکر پی لیں۔ ۱ تولہ صبح بھگو کر شام کو پی لیا کریں۔

فوائد:۔ چہرے کے مہاسے دانے۔ داغ جو عموماً جوانی میں پیدا ہو جاتے ہیں۔ کیلئے مجرب و آزمودہ ہے۔ مصفیٰ خون ہے

اکسیر داد

ایسٹیک ایڈ فورٹس

ترکیب استعمال:۔ جہاں داد ہو پھایہ کے ساتھ لگا دیں۔ ایک دفعہ لگانے سے داد دور ہو جائیگی۔

اکسیر فواقی

پلینوکین۔ پانی میں ۳ یا چار قطرے دو دو گھنٹہ کے فاصلہ سے پلا دیں۔ دن میں تین بار دیں۔

نوٹ:۔ یہ تینوں نسخے حکیم سید علی حیدر شاہ صاحب کے مجربات ہیں

دمہ روک

پٹاسیائی آیوڈائیڈ ۱۰ گرین۔ پٹاسیائی برومائیڈ ۱۰ گرین۔ ٹنکچر لوبیلا ایتھرس ۱۵ منم

سپرٹس ایتھرس کمپاؤنڈ مٹیس ۲۰ منم۔ ایکوا کلوروفارمائی ۱ اونس

یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی چار خوراکیں بنا دیں۔

ترکیب:- جب دورہ ہو تو ایک خوراک پلا دیں۔ پھر ۲-۳ گھنٹہ بعد ایک ایک خوراک دیں۔

فوائد:- دمہ کا دورہ روکنے۔ سانس کو ٹھیک کرنے کیلئے نسخہ کیا ہے۔ جادو ہے۔ ادھر مریض کو دیا ادھر سانس درست ہوگیا۔ اور ایسے معلوم ہوتا ہے۔ جیسے دورہ ہوا ہی نہیں۔ صرف دورہ روکنے کے کام آتا ہے۔

الفڈرین پلز

یہ بھی دمہ کا دورہ روکنے کیلئے عجیب وغریب گولیاں ہیں۔ دو پیسہ کی ایک گولی مریض کو عین تکلیف اور دورہ کے وقت دے دیجئے فوری طور پر آرام آجاتا ہے۔ ہر وقت مطب میں رکھنے کی چیز ہے۔

تریاق ہچکی

سپرٹس ایمونیا ایرومیٹک ۳۰ منم۔ سپرٹس ایتھرس ۲۰ منم۔ لائیکوار مارفینی ہائیڈروکلور ۱۰ منم

ایکوا کلوروفارمائی ۱-اونس یہ ایک خوراک ہے

ترکیب استعمال:- ایسی ایک خوراک فوراً پلادیں اگر ضرورت ہو۔ تو تین گھنٹہ بعد ایک خوراک اور دے دیں۔

فوائد:- جو ہچکی یعنی فواق کسی دوا سے دور نہ ہوتی ہو اس کی ایک خوراک پینے سے فوراً اسی وقت دور ہوجاتی ہے۔ کئی دفعہ تجربہ کیا ہوا نسخہ ہے۔

حب ملین

ریوند اصلی صاف شدہ۔ انجیر زرد۔ صبر زرد اصلی تینوں کو پیس کر گوندھ یعنی لکڑا چھڑی کے پانی میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں۔

ترکیب استعمال:- رات کو سوتے وقت ایک گولی سے ۲ گولی تک کھا لیا کریں۔

فوائد:- بواسیری قبض کے لئے خاص چیز ہے۔

حب مشکی

جند بیدستر۔ مشک خالص۔ عود صلیب ہر ایک ۲ ماشہ باریک پیس کر عرق سونف میں کھرل کرکے گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنادیں۔

ترکیب استعمال:- بچہ کو آدھی گولی ماں کے دودھ میں گھول کر دیں۔ جوان کو ایک گولی سے ۲ گولی تک ہمراہ عرق سونف یا شہد کے پانی کے ہمراہ دیں۔

فوائد:- یہ بڑی مجرب اور خاص الخاص گولیاں ہیں۔ جن کی تعریف مشکل ہے۔ بچوں کی تمام بیماریوں کے لئے جو سردی اور بلغم کی وجہ سے ہوں۔ نہایت مفید ہے۔ عورتوں کو وضع حمل کے بعد سردی کی وجہ سے جو تکلیف ہو اسکے لئے بھی مجرب ہے۔ ایک عورت کو بچہ پیدا ہونے کے بعد تشنج ہوگیا۔ اور اس کا منہ بالکل بند ہوگیا۔ میں نے ان گولیوں سے اس کا علاج کیا وہ بالکل تندرست ہوگئی۔ اسی طرح کئی مقام پر ان کو استعمال کیا گیا ہے۔ بہت مفید ہیں۔ خصوصاً یہ گولیاں سردی کے عوارضات دور کرنے کے لئے تحفہ ہیں۔

حبِ فالج

سنکھیا سفید ۱ تولہ ۔ ادرک سبز پاؤ پختہ ۔ پانی میں کھرل کریں جب تھوڑا سا پانی رہ جائے تو مغز جمالگوٹہ ۱ تولہ ملا کر کھرل کریں پھر سنار کی پوست بلیلہ ندو ۔ سونٹھ مرچ کالی ۔ سہاگہ چوکیہ ۔ پھٹکڑی بریاں ہر ایک ۱ تولہ باریک پیس کر ملا دیں ۔ اور گولیاں چنے برابر بنا دیں ۔

خوراک :۔ ۱ گولی رات کو سوتے وقت روٹی کے بعد ہمراہ عرق سونف دیں ۔ ایک ہفتہ کھلانے کے بعد ایک دو دن ناغہ کر دیں ۔ اور خالی پیٹ کبھی نہ کھائیں ۔ بعد معجون انساقی یا معجون یسر کھلاتے رہیں ۔

فوائد :۔ فالج ۔ لقوہ ۔ استرخا وغیرہ بلغمی و اعصابی بیماریوں کے لئے مجرب اور بارہا کی آزمائی ہوئی گولیاں ہیں ۔

معجون جوگراج گوگل

کالی مرچ ۔ کمہاں ۔ ہنگرہ ۔ سونٹھ ۔ قسط تلخ ۔ دیودار ۔ ابہل ۔ عاقرقرحا
۶ ماشہ ۹ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۲ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ
فلفلمویہ ۔ زرنجود ۔ ریح بل ۔ جندبیدستر ۔ پوست بیلہ ۔ کبابہ ۔ تخم کاسنی
۶ ماشہ ۶ ماشہ ۲ ماشہ ۲ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ

پودینہ خشک ۵ ماشہ کوٹ چھان کر رکھ لیں ۔ گوگل سب دواؤں کے برابر لیکر کوٹیں ۔ پھر بادام روغن سے چرب کر کے خوب کوٹیں ۔ پھر خشک پسی ہوئی دوائیں تھوڑی ملا کر اور بادام ذرا ذرا ڈال کر کوٹتے جائیں ۔ یہاں تک کہ اچھی طرح ایک جان ہو جائیں ۔

ترکیب استعمال :۔ ۲ ماشہ سے ۱ تولہ تک صبح ہمراہ عرق سونف یا پانی شہد کے دیتے رہیں ۔

فوائد :۔ فالج ۔ لقوہ ۔ استرخا ۔ رعشہ ۔ تشنج وغیرہ تمام بلغمی و سرد امراض ۔ اور اعصابی بیماریوں کے لئے مجرب اور خاص الخاص چیز ہے ۔ گو یہ ایک مشہور اور عام نسخہ ہے ۔ مگر اس کے فائدے مدِنظر رکھتے ہوئے درج کر دیا گیا ہے ۔ ہر وقت مطب میں رکھنے کی چیز ہے

شیاف سُبّل

نیلا تھوتھا بریاں ۔ پھٹکڑی بریاں ۔ رسوت ۔ پوست زرد ہلیلہ ۔ افیون کتھ سفید ۔ سمندر جھاگ ہر ایک ۱ تولہ باریک پیس کر پانی کی مدد سے شیاف بنا دیں ۔

ترکیب استعمال :۔ پانی میں گھس کر آنکھ میں لگا دیں ۔

فوائد :۔ سبل ۔ سفیدی اور پرانی آنکھ دکھنے کے لئے مجرب ہے ۔

لعوق نزلی

تخم خشخاش سفید ۔ کتیرا ۔ گوند کیکر ۔ نشاستہ ۔ مغز کدو شیریں ۔ مغز بادام شیریں ہر ایک ۲ تولہ باریک پیس کر عرق بید مشک پاؤ پختہ کھانڈ پاؤ پختہ کا قوام کر کے ملا دیں ۔

ترکیب :۔ ۲ تولہ روزانہ تھوڑا تھوڑا کھاتے رہیں ۔

فوائد :۔ نزلہ ۔ زکام ۔ کھانسی جو گرمی و خشکی کی وجہ سے ہوں ۔ کیلئے مجرب ہے ۔ اگر زیادہ خشکی ہو ۔ تو بادام روغن ۲ تولہ بڑھا دیں

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

معجون دمہ

ابریشم خام مقرض ۔ برگ گاؤزبان ۔ گل گاؤزبان ۔ لسوڑیاں ۔ مویز منقی
۳ تولہ ۱ تولہ ۷ ماشہ ۱۵ دانے ۲۰ دانے

زوفا خشک ۱ تولہ ملٹھی مقشر ۱ تولہ ۔ انجیر زرد ۱۰ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کرکے کھانڈ، شہد داخل کرکے قوام کریں پھر اتار کر زعفران ۔ گوند کیکر ۔ بیخ سوسن ۔ مغز بادام ۔ مغز چلغوزہ
۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۱ تولہ ۱ تولہ

گوند کیکر ۔ الچی بریاں ۔ مغز اوٹنگن ۔ مرچکی ۔ کندر ۔ میدہ سالک ۔ ست ملٹھی
۶ ماشہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ

باریک پیس کر ملا دیں اور ورق چاندی ۲۵ عدد کلاں شامل کریں۔

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ عرق سونف ۱ تولہ یا عرق گاؤزبان ۱ تولہ۔ اگر شربت دمہ بھی ساتھ استعمال کرائیں تو بہت مجرب ہے۔

فوائد:۔ دمہ اور پرانی بلغمی کھانسی، بلغم کی زیادتی کیلئے مجرب ہے گو دمہ مکمل طور پر مشکل سے جاتا ہے۔ مگر اس نسخہ کے استعمال سے بیمار کو اتنا فائدہ ہوتا ہے کہ وہ عش عش کر اٹھتا ہے۔ اور دورہ جلدی واقع نہیں۔ نزلہ مزمن کو بھی مفید ہے

کالی دواء

اجوائن دیسی ۔ انبہ ہلدی ۔ گودہ گھیکوار ۔ دودھ آک ۔ کلائی خورد
۵ تولہ ۵ تولہ ۱۰ تولہ ۱۰ تولہ آدھ سیر پھل

جل جانے سب کو کوٹ کر ایک مٹی کے برتن میں ڈالکر گل حکمت کرکے آگ دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک شہد میں ملا کر کھائیں۔ یا معجون دمہ یا شربت دمہ کے ساتھ دیں۔

فوائد:۔ بلغمی دمہ میں بہت مفید ہے۔ بلغم کو کم کرتی ہے۔ سانس کو درست اور ہوائی نالیوں کو بلغم سے صاف کرتی ہے۔

طبیخ طحال

گل بنفشہ ۔ برگ جھاؤ ۔ شاہترہ ۔ تخم کاسنی ۔ تخم خطمی ۔ مکو خشک
۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ

تخم خرفہ ۶ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل کر صاف کرکے شربت بزوری یا سکنجبین سادہ بزوری ۴ تولہ یا شربت طحال ۲ تولہ ملا کر پی لیں

فوائد:۔ تلی کے ورم اور بخار و درد کے لئے مجرب ہے۔ اگر مریض کڑوی دوائی سے نفرت کرے۔ اور اسکو تلی کے مقام پر درد ہوتا ہو۔ بخار ہو یا گرم دوا سے مریض نفرت کرے۔ تو یہ استعمال کرائیں۔ اس کے ساتھ روٹی کے بعد سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ رائی ۲ تولہ کا سفوف بنا کر ۱ ماشہ صبح و شام دیں۔ یا اور کوئی تلی کی گولیاں دیں۔

اگر ورم کی تکلیف زیادہ ہو تو تلی کے مقام پر ضماد طحال لگا دیں جس کا نسخہ اسی کتاب میں درج ہے۔ اور اگر آپ پنسلین کا ٹیکہ کر سکیں تو وہ بھی کریں۔ فوری آرام آئے گا۔

ترکیب استعمال:- پہلے ۲ ماشہ لے کر جماع سے دو گھنٹہ پہلے دودھ کے ساتھ کھالیں اس کے بعد اگر سینہ میں جلن معلوم ہو تو دودھ پی لیا کریں اور شغول رہیں۔ اگر ۲ ماشہ برداشت ہو جائے تو آہستہ آہستہ بڑھاتے رہیں۔ ۶ ماشہ تک کھا سکتے ہیں۔ اگر ۲ ماشہ برداشت نہ ہو تو کم کھائیں:-

فتیلہ نکسیر

پھٹکڑی ۱ تولہ، مازو ۱ تولہ، گوند کیکر ۱ تولہ، کافور ۶ ماشہ، افیون سوختہ ۱۰ ماشہ باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:- صاف روئی لے کر سفیدی بیضہ مرغ میں بھگو کر یہ سفوف چھڑک کر ناک میں رکھیں۔ فوراً خون بند ہو گا۔

فوائد:- نکسیر کو روکنے کیلئے بے نظیر نسخہ ہے۔

ضماد رمد

رسوت ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں ۲ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ ماشہ، گل ارمنی ۲ ماشہ، صندل سرخ ۲ ماشہ، افیون ۴ رتی، زعفران ۴ رتی دھنیاں سبز کے پانی میں پیس کر آنکھ پر لیپ کریں۔

فوائد:- آئی ہوئی آنکھ کے لئے نہایت مفید ہے۔ سرخی۔ ورم درد و پانی آنے کو فوراً روکتا ہے۔

حب شنگرف

عقرقرحا ۱ تولہ، سونٹھ ۱ تولہ، کالی مرچ ۲ تولہ، گمہیں ۲ تولہ، لونگ ۲ تولہ، میٹھا تیلیہ مدبر ۲ تولہ، شنگرف مدبر ۲ تولہ

علیحدہ علیحدہ پیس کر آب برگ پان ۲۰۰ عدد میں کھرل کر کے گولیاں برابر چنے بنا دیں۔

ترکیب استعمال:- ایک گولی سے دو گولی تک ادرک کے پانی میں حل کر کے۔ فالج و لقوہ والے کو دیا کریں۔ کھانسی کے لئے ایک گولی پان میں رکھ کر دیا کریں۔

فوائد:- فالج یعنی ادھرنگ لقوہ۔ استرخا۔ گنٹھیا۔ بلغمی کھانسی کے لئے معمولی مطب اور نہایت مفید گولیاں ہیں۔

کم خرچ

پارہ ۱ تولہ لے کر اس کو موٹے کپڑے میں پانچ دفعہ نکال کر صاف کریں پھر گندھک آملہ سار ۱ تولہ ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر کتھ سفید۔ لونگ ہر ایک ۱ تولہ ملا کر انڈے کی زردی کے ساتھ خوب کھرل کر کے کالی مرچ کے برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:- ۱ گولی ہمراہ شوربا گوشت بکرا یا دودھ گائے کے ساتھ کھالیں۔

فوائد:- کم خرچ بالا نشین نسخہ ہے۔ تقویت باہ اور بھوک لگانے کیلئے بہت مفید ہے۔ اگر مریض کو آپ کوئی مقوی معجون استعمال کرا رہے ہیں۔

تو ساتھ ایک گولی یہ بھی کھلا دیا کریں۔ نہایت عمدہ اثرات ظاہر ہوں گے۔

برساتی

زیرہ سفید ۱ تولہ۔ سورسلم ۱ تولہ۔ آمد خشک ۱ تولہ۔ تینوں کو جلا لیں۔ کبید کسید ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ کتھ سفید ۱ تولہ سفیدی کاشغری ۱ تولہ مہندی کے پتے خشک ۱ تولہ سب کو پیس کر ہگنا گھی میں ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ پھنسیوں پر لگا دیں۔

فوائد:۔ بچوں کے سر پر جو پھنسیاں نکل آتی ہیں۔ خصوصاً برسات کے دنوں میں ان کے لئے یہ دوائی مجرب ہے۔ بچوں کے علاوہ مردوں و عورتوں کے لئے بھی اسی طرح مفید ہے۔ ہر قسم کے زخم پھلے جن میں سے رطوبت نکلتی ہے۔ کیلئے نہایت مفید مجرب ہے۔

نوٹ:۔ اگر اس میں ہلدی جلائی ہوئی و نیلا تھوتھا جلایا ہوا ملا دیں تو گنج کیلئے مجرب ہے۔

عرق لقہ

شکاعی	بادآورد	تخم کشوث لعبہ لپٹہ	برنجاسف	شاہترہ
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ
بالچھڑ	گل غافث	بیخ کاسنی	ملٹھی مقشر	گل گاؤزبان
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ
پرسیاوشاں	گل بنفشہ	زوفا خشک	تخم کاسنی	تخم خربزہ
۵ تولہ	۵ تولہ	۳ تولہ	۷ تولہ	۷ تولہ

تخم خیارین ۷ تولہ تخم خطمی ۸ تولہ سونف ۷ تولہ گلو سبز پاؤ پختہ برگ بانسہ پاؤ پختہ کوٹنے والی چیزیں اکٹھا کر تمام کو رات کے وقت پندرہ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح ۱۰ بوتل عرق کھینچیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۷ تولہ صبح ۷ تولہ شام شربت بزوری ۲ تولہ یا شربت زوفا ۲ تولہ یا شربت انجبار حسب حال ملا کر پلا دیں۔

فوائد:۔ پرانے بلغمی بخار یعنی لقہ جو عموماً بوڑھے آدمیوں کو ہوتا ہے۔ اور بالکل دق کی طرح لازم رہتا ہے۔ کھانسی بھی اکثر ہوتی ہے۔ کیلئے بارہا تجربہ میں آچکا ہے۔ باقی لوازمات کا علاج ساتھ ساتھ کرتے رہیں۔

حب خاص

جدوار خطائی	ست سلاجیت خالص	زعفران خالص	ریگ ماہی
۴ تولہ	۳ تولہ	۱ تولہ	۳ تولہ

کشتہ فولاد	کچلہ مدبر	شنگرف مدبر	افیون خالص	مشک خالص
۳ تولہ	۳ تولہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

ورق نقرہ ۶ ماشہ ڈامیانہ ۹ ماشہ ورق طلاء ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر شہد کے ہمراہ گولیاں ۲-۲ رتی کی بنا دیں۔

خوراک:۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ

فوائد:۔ ضعف باہ۔ ضعف اعصاب۔ جسم کی سستی۔ سرعت انزال۔ جریان۔ احتلام کے لئے بے نظیر ہے۔

ان گولیوں کے استعمال سے انسان نئی جوانی و جوش محسوس کرنے لگتا ہے

دولابی

گڑمار بوٹی پوست درخت گولر جامن کی گٹھلی افیون خالص
۵ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ
ٹنک ایسڈ ۱ تولہ سب کو باریک پیس کر بم پڑیا بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک پڑیہ دن میں تین بار ہمراہ پانی یا مناسب بدرقہ۔

فوائد:۔ ذیابیطس شکری کے لئے مفید ہے۔ اس کے استعمال سے پیاس، پیشاب کی زیادتی اور شکر وغیرہ کا آنا۔ تمام عوارضات دور ہو جاتے ہیں۔ گو اکثر مریضوں کو مستقل فائدہ نہیں ہوتا۔ مگر پھر بھی یہ نسخہ غنیمت اور مریض کے لئے نعمت ہے۔

پایوریا

مجیٹھ۔ دانہ الائچی کلاں۔ کرٹیا پرٹیا ہر ایک ۵ تولہ کافور ۱ تولہ عاقر قرحا ۲ تولہ۔ سفید مرچ ۲ تولہ گلیسرین ۱ تولہ پوٹاس پرمنگنیٹ ۱ تولہ کاربالک ایسڈ ۶ ماشہ باریک پیس کر ملا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ تھوڑا سا مسوڑھوں و دانتوں پر مل کر منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔ تاکہ خوب پانی نکل جائے۔ آدھ گھنٹے کے بعد گرم پانی سے کلی کریں۔

فوائد:۔ ماسخورہ۔ پایوریا کے لئے بہترین و مفید نسخہ ہے۔ جو آزمانے پر اکسیر ثابت ہوا ہے۔

نوٹ:۔ بعض مریض اس قسم کے بھی دیکھے گئے ہیں جن کو تمام دانتوں میں جھرناٹ سا شروع ہو جاتا ہے اور دانت یکدم ہلنے لگتے ہیں سخت درد ہوتا ہے۔ مسوڑے پھولے سے ہو جاتے ہیں۔ ایسے مریضوں کے مسوڑھوں اور دانتوں کی درمیانی جگہ پر مندرجہ ذیل طریقہ سے خالص کاربالک ایسڈ لگانا نہایت مفید و زود اثر ثابت ہوا ہے۔ ترکیب یہ ہے۔

ایک لوہے کی سلاخ لے کر اس کے سرے پر ذرا سی روئی لپیٹ کر کاربالک ایسڈ لگا دیں۔ اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔ فوری آرام ہوگا۔ دو تین روز لگانے سے صحت ہو جاتی ہے۔

لعوق نفث الدم

ریشہ الجبار پوست تخم خبازی تخم خطمی سوڑیاں ملٹھی
۲ تولہ ۵ عدد ۱۰ تولہ ۱۰ تولہ ۳۰ دانہ
چھلی ہوئی ۱۲ ماشہ۔ بیدانہ ۹ ماشہ عناب ۲۰ دانہ رات کو آب کدو کے مشوی آب پیٹھا مشوی میں بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کر کے کھانڈ ادھ سیر ملا کر قوام کریں۔ پھر اتار کر کہربا شمعی ، ماشہ گل ارمنی ، ماشہ رب السوس ، ماشہ دم الاخوین ، ماشہ طباشیر اصلی ، ماشہ کتیرا گوند ۹ ماشہ گوند کیکر ۹ ماشہ پیس کر ملا دیں۔

خوراک:۔ ، ماشہ سے ۱ تولہ تک صبح و شام ہمراہ شربت الجبار ۲ تولہ یا شربت اعجاز ۲ تولہ۔

فوائد:۔ منہ سے خون آنے یعنی نفث الدم۔ سل ہلکا بخار کھانسی

کے لئے مفید ہے۔

معجون فلک سیر

مغز فندق۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز کدو شیریں۔ تخم خشخاش سفید۔ تخم بھنگ ہر ایک ۶ ماشہ۔ جاوتری۔ جائفل ہر ایک ۱۰ ماشہ زعفران ۶ ماشہ۔ عنبر اشہب۔ مشک خالص ہر ایک ۱ ماشہ افیون ۳ ماشہ۔ چرس ۱ تولہ ورق سونا ۱۰ ماشہ ورق چاندی ۳ ماشہ زعفران سے پہلے تمام دوائیں عرق گلاب میں خوب حل کریں پھر شہد خالص ۸ تولہ اور کھانڈ ۱۵ تولہ کا قوام کریں۔ آخر قوام میں کھرل کی ہوئی دوائیں ملا کر ایک دو جوش دے کر اتار لیں پھر باقی کی پسی ہوئی دوائیں ملا دیں۔ پھر ورق سونا و چاندی حل کریں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ رتی سے ۱ ماشہ تک روٹی شام کی کھانے کے دو گھنٹے بعد دودھ کے ساتھ کھالیں اس کے دو گھنٹے بعد عورت کے پاس جائیں۔ اگر ہمیشہ استعمال کرنا چاہیں۔ تو ۴ رتی صبح دودھ کے ساتھ کھالیں۔

فوائد:۔ طاقت اور امساک کے لئے بہترین اور لاجواب تحفہ ہے۔ جس کی تعریف کرنی مشکل ہے۔

حب ڈبہ اطفال

پارہ ۱ تولہ گندھک ۱ تولہ دونوں کو کھرل کرکے سیاہ سفوف بنا دیں پھر مغز جائفل ۱ تولہ مغز بیلہ انجیر ۱ تولہ باریک پیس کر ملا کر ایک

جان کریں۔ اور پانی کی مدد سے گولیاں مونگ برابر بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ بچہ کو ایک گولی سے دو گولی تک ماں کے دودھ یا جوشاندہ کے ہمراہ دیں۔ اگر ننھے بچے کو ایک گولی ہی کافی ہوتی ہے۔ اور دو سال کے بچوں کو ۲ گولی۔

فوائد:۔ بچوں کے نمونیا یعنی پسلی کی بیماری کے لئے مفید ہے۔ اگر بچہ کو ایک دو دست آکر بلغم خارج ہو جاتی ہے۔ اور سانس درست ہو جاتا ہے۔

حب نسیان

مشک خالص ۲ ماشہ۔ ورق سونا ۲ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ۔ عنبر اشہب ۲ ماشہ۔ ورق چاندی ۲ ماشہ

افیون خالص ۲ ماشہ۔ زعفران اصلی ۲ ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی ۱ تولہ۔ موسیائی خالص ۱ تولہ

کشتہ چاندی ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ نمک ترپھلہ ۱ تولہ۔ اسرط کنیا ۲ رتی

سب کو باریک پیس کر عرق گلاب میں دو روز کھرل کرکے گولیاں چنے برابر بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ۔

فوائد:۔ ضعف دماغ۔ نسیان۔ ضعف باہ۔ پٹھوں کی کمزوری کے لئے حیرت انگیز ہے ہر طور پر مفید و مجرب ہے۔

دوائے درد گردہ

جواکھار۔ سہاگہ خام۔ نوشادر ٹھیکری۔ مرچ سیاہ۔ نمک سیاہ
۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ
نمک سفید۔ ہیرا ہینگ۔ قلمی شورہ پاپڑیا کھار سب کو باریک
۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ
پیس کر سرکہ ولائتی میں ملا کر لعوق سا تیار کریں۔

خوراک:۔ ۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ آدھ آدھ گھنٹہ کے فاصلہ سے دو تین دفعہ دیں۔

فوائد:۔ درد گردہ کے لئے تریاق ہے۔ فوراً درد بند ہو جاتا ہے۔

سفوف طباشیر

طباشیر اصلی ست گلو اصلی دانہ الائچی خورد کشتہ ابرق سفید
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۳ ماشہ
کھانڈ ۳ تولہ باریک سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح ہمراہ شربت بزوری ۴ تولہ پانی ملا کر دیویں۔

فوائد:۔ پرانے لازمی بخار جو دق کی مانند ہر وقت لازم رہتے ہیں خصوصاً غیر خالص و شطر الغب کے لئے اکثر مریضوں میں بہترین فوائد دکھلاتا ہے۔ نئے بخاروں ملیریا میں بھی مجرب ہے۔ کونین استعمال نہ کرنے والوں کا پیٹ پہلے صاف کرکے استعمال کرا دیں۔

حب سورنجان

سورنجان شیریں۔ صبر زرد پوست ہلیلہ زرد سنا مکی
۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ
کوٹ چھان کر لعاب گھیکوار میں گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنا دیں۔ رات کو سوتے وقت ۴ گولی سے ۶ گولی تک ہمراہ عرق سونف کھلا دیا کریں۔

فوائد:۔ وجع المفاصل یعنی گنٹھیا کے لئے مجرب ہے۔ اسہال آکر مرض میں بہت جلد تخفیف شروع ہو جاتی ہے۔ اگر ساتھ معجون سورنجان یا اور گولیاں استعمال کرا دیں۔ اور مقامی طور پر حسب حال لیپ وغیرہ کریں۔ تو مریض جلد تندرست ہو جاتا ہے۔ جس گنٹھیا میں جوڑوں پر زیادہ سوجھ و بخار ہو۔ اس کو منضج حسب حال بھی ساتھ دیتے رہیں۔ اور جلاب کرائیں۔

شیاف ناخونہ

رسوت۔ افیون۔ سفیدہ کاشغری۔ نیلا تھوتھا خام۔ پوست عاقرقرحا
۴ ماشہ ۳ ماشہ ۱ ماشہ ۱ ماشہ ۱ ماشہ
پانی میں پیس کر شیاف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ذرا سا پانی میں گھس کر بطور سرمہ ناخونہ پر لگا دیں۔

فوائد:۔ ناخونہ کیلئے خاص نسخہ ہے اس کے علاوہ پرانی آنکھ دکھنے

جالا کے لئے بھی مجرب ہے۔

حب مسان

مروارید ناسفتہ ۴ رتی۔ زہر مہرہ خطائی۔ نارجیل دریائی۔ پوست بلیلہ زرد مغز کنول گٹہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر اصلی۔ ورق دو ہر ایک ۱ تولہ سب کو نہایت باریک پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے مونگ برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک گولی ماں کے دودھ میں حل کر کے صبح و شام دیں۔

فوائد:۔ بچوں کے سوکھا میں بڑی مفید گولیاں ہیں ان کے استعمال سے بچوں کے سہال تپ۔ بخار۔ عموماً رک جاتے ہیں۔ مگر ان گولیوں کے ساتھ حالات کے مطابق اور دوائیں بھی ساتھ رکھی جائیں۔ تو بڑے عمدہ اثرات ظاہر ہوتے ہیں چونکہ بعض اوقات اور تکالیف کی موجودگی میں اکیلی گولیاں فائدہ نہیں کرتیں۔

عرق مصفی خون

شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ منڈی۔ برم ڈنڈی۔ نیل کنٹھی۔ برادہ آبنوس برادہ شیشم۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ افتیموں۔ لعوق بستہ بسفایج فستقی۔ عشبہ۔ ہر ایک ۵ تولہ۔ برگ مہندی۔ مہندی کے پھول ہر ایک ۷ تولہ۔ چھال نیم۔ چھال بکائن۔ چھال کچنال۔ چھال شیشم ہر ایک پاؤ پختہ۔ عناب۔ دھاما ہر ایک دس تولہ بیس سیر پانی میں بھگو کر صبح ۷ سیر عرق کھینچیں۔ ۵ تولہ صبح ۵ تولہ شام شربت مصفی خون ۲ تولہ ملا کر پی لیا کریں۔

فوائد:۔ خون کی خرابی۔ پھوڑے پھنسیوں کیلئے مجرب ہے۔

شربت مصفی خون

عناب۔ عشبہ اصلی۔ شاہترہ۔ منڈی۔ بلیلہ سیاہ } رات کو گرم
۵ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ } پانی میں بھگو
کر صبح ڈیڑھ سیر کھانڈ ملا کر ۲ بوتل شربت بنا دیں۔

خوراک:۔ ۲ تولہ صبح و شام عرق مصفی خون ۱۰ تولہ میں ملا کر پلا دیں۔

فوائد:۔ بچوں۔ بوڑھوں۔ عورتوں سب کیلئے مفید ہے۔ بار بار پھوڑے پھنسیوں کا نکلنا قطعاً دور ہو جاتا ہے۔ اگر زیادہ خرابی ہو تو کبھی کبھی جلاب دیدیا کریں۔

ضماد وجع المفاصل

اسبغول مسلم ۱ تولہ پوست ۱ تولہ باریک پیس کر پانی میں پکا دیں جب گاڑھا ہو جائے۔ تو روغن گل ۱ تولہ ملا کر نیم گرم جوڑوں پر لیپ کریں۔

فوائد:۔ جب جوڑوں میں سوجن و درد شدید ہو۔ تو یہ لیپ فوری تسکین دیتا ہے۔ اسی طرح سورنجاں تلخ ۱ تولہ صابون دیسی ۱ تولہ مہندی کے پتے ۱ تولہ۔ ہری مکوہ کے عرق میں پیس کر نیم گرم ضماد کرنا مجرب ہے۔

دوائی درد گوش

افیون	کافور	روغن گل	آب پیاز	لڑکی والی عورت کا دودھ
۱ رتی	۱ رتی	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ

ملا کر نیم گرم کان میں ڈالیں۔

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

فوائد:۔ کان کے درد کو تسکین دینے کیلئے مجرب ہے۔

جوہر قلیم

جوکھار	گندھک آملہ سار	سہاگہ	ہلدی	کشتہ رصاص صادق
۳ تولہ	۴ تولہ	۱ تولہ	۵ تولہ	۲ تولہ

نوشادر	نیلاتھوتھا	پھٹکڑی سرخ	سم الفار سفید
۸ تولہ	۳ ماشہ	۲ تولہ	۲ ماشہ

رسکپور ۲ ماشہ سونامکھی ۲ ماشہ سب کو پیس کر آک کے دودھ میں ۳ روز کھرل کرکے دس ٹکیہ بنادیں اور ایک پیالہ میں رکھ کر دوسرا پیالہ اس کے اوپر دے کر گل حکمت کریں۔ نیچے والے پیالہ کو بھی گل حکمت کرلیں تاکہ ٹوٹ نہ جائے اور آہستہ آہستہ آگ جلاتے رہیں۔ اوپر والے پیالہ پر ایک کپڑا بھگو کر رکھتے رہیں۔ تمام جوہر اڑ کر اس پر لگ جائے گا۔ پھر اتار کر رکھ دیں اور سرد ہونے پر اتارلیں۔

ترکیب استعمال:۔ ارتی کھانڈ میں ملا کر کچی لسّی کے ساتھ کھالیں۔ جب پیاس لگے۔ کچی لسّی استعمال کریں۔

فوائد:۔ صرف پرانے سوزاک یعنی قرعہ کیلئے مجرب ہے

مسہل یرقان

املی	پوست ہلیلہ زرد	افنتین	بنفشہ	تخم کاسنی	تخم کشوت
۳ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ

ہڑ لبتہ	تخم باتھو	پرسیاؤشاں	سونف	تخم کرفس
۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ	۷ ماشہ	۷ ماشہ

جوش دے کر صاف کرکے مغز املتاس ۴ تولہ شکر سرخ ۴ تولہ حل کرکے چھانی میں چھان لیں اور غاریقون ۲ ماشہ سقمونیا ولائتی ۴ رتی پیس کر اس پر چھڑک کر ۳ حصہ کرلیں اور ایک ایک گھنٹہ کے فاصلہ سے پلادیں۔

فوائد:۔ زرد یرقان جو سدہ کی وجہ سے ہو کیلئے فوری طور پر موثر ہے۔ ایک ہی دن میں یرقان ختم کردیتا ہے۔ یرقان زرد کے اکثر مریضوں میں اس کا باعث سدہ ہی ہوتا ہے۔ جو جگر اور پتہ کے درمیان ہو جاتا ہے۔ اس میں سفید پاخانہ ہوتا ہے۔ یہ جلاب صفرا کو بھی خارج کرتا ہے۔ اور سدہ کو فوراً کھول دیتا ہے۔ اس کے بعد حسب منشا مریض کو سرد اور منضج چیزیں استعمال کرادیں۔

چند دنوں میں آنکھوں کی زردی دور ہو جائیگی۔ حیرت انگیز مجرب و تیر بہدف نسخہ ہے۔

جنرل ٹانک

ورق چاندی	مشک خالص	عنبر اشہب	زعفران اصلی
۲ تولہ	۸ ماشہ	۴ ماشہ	۴ ماشہ
کچلہ مدبر	جوہر سم الفار	کشتہ بیضہ مرغ	دانہ الائچی خورد
۴ ماشہ	۱ ماشہ	۴ ماشہ	۴ ماشہ

مروارید ناسفتہ	یاقوت	ست سلاجیت	طباشیر اصلی
۴ ماشہ	۴ ماشہ	۶ ماشہ	۸ ماشہ
دانہ الائچی کلاں	کہربائے شمعی	صدف صادق	
۴ ماشہ	۸ ماشہ	۲ ماشہ	

پہلے ورق چاندی کو سات دن بڑ کے دودھ میں کھرل کریں باقی دوائیں باریک پیس کر روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ پھر سب دوائیں ملا کر موٹھ کے برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:- ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کیا کریں۔

فوائد:- دل و دماغ اعصاب کو طاقت دیکر رنگ سرخ کرتی ہے۔ طبیعت میں ہیجان و جذبات میں برانگیختگی پیدا کرتی ہے۔ کثرت جماع کے تمام نقصانات کو دور کرتی ہے۔ کمزوری ضعف باہ بدن کی سستی کیلئے مفید و مجرب ہے

ٹکور علاج ورم مثانہ ٹکور

بنفشہ خطمی۔ خبازی۔ پوست۔ خشخاش ڈیڑھ سیر پانی میں
۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ جوش دیں جب
آدھ سیر پانی رہ جائے تو اس میں کپڑا بھگو کر نچوڑ کر مثانہ پر ٹکور کریں پھر یہ لیپ لگا دیں۔

ضماد ورم مثانہ

ڈبل روٹی ۵ تولہ۔ تل سیاہ یا سفید ۵ تولہ دودھ پاؤ میں پیس کر روغن

بابونہ ۲ تولہ ملا کر پکا کر نیم گرم مثانہ پر لیپ کریں۔ ورم مثانہ کے لئے بے نظیر و بے مثال علاج ہے۔ علاج نہیں جادو ہے۔ کبھی اتفاق ہو تو آزما کر دیکھیں۔ پینے کے لئے حسب حال نسخہ دیں۔

نسخہ مجرب مسیح

جوارش کمونی ۶ ماشہ کھا کر اوپر سے سونف ۔ انیسوں ۔ تخم کشوث
۶ ماشہ ۳ ماشہ ۵ ماشہ
تخم کسنبہ ۶ ماشہ عرق سونف ۱۲ تولہ میں سردائی کی طرح پیس کر شربت دینار ۴ تولہ ملا کر صبح و شام ایسی ایک ایک خوراک پلا دیں۔

فوائد:- ہر جگہ کی ریح خارج کرنے کیلئے بارہا کا مجرب و معمول ہے نفخ۔ معدہ و امعاء درد گردہ۔ ریحی۔ قبض۔ ضعف ہضم۔ درد جگر ریحی درد امعاء و معدہ کیلئے آزمودہ ہے۔

نسخہ تپ مرکب

گل بنفشہ	گل نیلوفر	گل سرخ۔	تخم خربوزہ	سونف کوفتہ
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ
شاہترہ	افسنتین	گل غافث	رات کو گرم پانی میں بھگو	
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۳ ماشہ		

دیں۔ گلقند ۳ تولہ ملا کر کپڑا میں صاف کرکے پلا دیں۔

فوائد:- حب غیر خالص و شطر الغب یعنی صفرا و بلغم کے متعلق ہونے جو بخار ہوتے ہیں۔ ان کیلئے یہ نسخہ مجرب ہے۔ اگر بخار بہت پرانا ہو۔ تو

ہفتہ کے بعد جلاب بھی کرا دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اگر پیلوڈرین یا کونین وغیرہ دیتے رہیں تو بہتر ہے۔ بشرطیکہ مریض کے موافق ہو۔

جوشاندہ عرق النسار

مصطگی رومی۔ انیسوں۔ سونف۔ جڑ کرفس۔ بیخ اذخر مکی

۳ ماشہ ۲ ماشہ ۳ ماشہ ۷ ماشہ ۳ ماشہ

سونٹھ ۳ ماشہ۔ مجیٹھ ۵ ماشہ۔ شیطرج ہندی ۵ ماشہ (چترا) سورنجان شیریں کوفتہ ۵ ماشہ۔ بوزیدان ۵ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ تخم حلبہ (میتھے) ۱۰ ماشہ۔ جوش دے کر صاف کر کے گلقند ۲ تولہ کسٹرائیل ۱ تولہ ملا کر پلا دیں۔

فوائد:۔ عرق النسا یعنی ریگن وادو جع الورک یعنی چوکنے کے درد میں بعض مریضوں کو حیرت انگیز طور پر فائدہ کرتا ہے۔ اس کے ساتھ اور گولیاں معجون بھی وقتاً فوقتاً دیتے رہیں اور مالش بھی تیل کی کریں۔

حلوائے مقوی

ثعلب مصری بشقاقل مصری ہر ایک پاؤ پختہ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ آرد ماش مقشر ہر ایک ۱ تولہ سنگھاڑا خشک ۵ تولہ سب کو پیس کر گائے کے ۲ سیر دودھ میں پکائیں۔ جب کھویا بن جائے تو ۱ سیر گھی ملا کر بریاں کریں۔ پھر تین سیر کھانڈ کا قوام بنا کر ملا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ دیں۔

فوائد:۔ جریان۔ احتلام۔ رقت مادہ منویہ۔ سرعت و ضعف کے لئے مفید و مجرب ہے۔

تحفہ جراح

گوگل ۲ تولہ، صابون دیسی ۲ تولہ، رسونت خالص ۲ تولہ، ریوند چینی ۲ تولہ، نیلا تھوتھا ۶ ماشہ

تیل سرسوں ۲ تولہ، ویزلین ۵ تولہ، مردار سنگ ۲ تولہ، بیروزہ سفید ۲ تولہ، سوٹھی کا سنگ ۱ تولہ

زنگار ۱ تولہ موم سفید ۲ تولہ کاربالک ایسڈ ۲ ماشہ پہلی چاروں چیزوں ایک سیر پانی میں ایک رات دن بھگو کر جوش دیں۔ جب آدھا پانی رہ جائے تو صاف کر کے دوبارہ آگ پر رکھیں۔ اور وہ پانی گاڑھا کریں پھر باقی تمام دوائیں باریک کر کے اس میں آہستہ آہستہ ملا کر گھوٹتے رہیں۔ اور مرہم بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ بطور مرہم گندے انگور کو صاف کرنے کیلئے ناسور و دیگر زخم میں بطور بتی استعمال کریں

فوائد:۔ پیپ دار زخم۔ گندے پھوڑے ناسور اور نہ اچھے ہونے والے زخموں۔ پھوڑوں کو صاف کرنے اور بھرنے کے لئے مجرب و معمول ہے۔

ماء اللحم

گوشت بکرا ۵ سیر، گوشت مرغ ۳ عدد، گوشت تیتر ۷ عدد، گوشت کبوتر ۵ عدد، گوشت بٹیر ۲۵ عدد

گوشت چڑا ۲۵ عدد یعنی گنجشک ان سب کو چربی و ہڈیوں سے صاف کر کے قیمہ کریں۔ پھر اس میں دھنیاں ۱ تولہ ادرک ۱۰ تولہ دانہ الائچی خورد ۳ تولہ صندل

سفید ۲ تولہ دارچینی ۲ تولہ پیس کر چھڑکیں اور تلی دار دیگچہ میں ڈالکر بھون لیں۔ پھر

گاؤزبان	گل گاؤزبان	گلسرخ	کوزیہ	ابریشم	گل سیوتی
۵ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ

بہمن سفید	بہمن سرخ	ثعلب مصری	شقاقل مصری	مغز کدو
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ

مغز خیارین	مغز پستہ	مغز تربوز	مغز بادام
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ

مغز خربوزہ	مغز نارجیل	مغز اخروٹ پوست
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ

جڑ اونٹ کٹارہ	چائے خطائی	اشنہ	تخم خشخاش سفید
۵ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۳ تولہ

موصلی سفید	موصلی سیاہ	تودری سرخ	تودری سفید
۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ

حب الخضرا	حب الزلم	تالمکھانہ	ستاور	حب قلقل
۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ

موصلا سنبھل	اندر جو شیریں	تخم کسنبہ	تخم گاجر	تخم شلغم
۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۲ تولہ

تخم پیاز	تخم اسپست	بالچھڑ	بادیان خطائی	الائچی خورد
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

الائچی کلاں	جڑیاں	سونٹھ	بوزیدان	ناگ کیسر
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

جائفل	جاوتری	لونگ	زرنجور	عود غرقی	مصطگی رومی
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

کباب چینی	برگ بادرنجبویہ	تخم فرنجمشک	مایہ شتر اعرابی
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

ریگ ماہی	کشمش سبز	چھوہارے	مصطگی رومی	تخم اوٹنگن
۲ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۲ تولہ	۵ تولہ

ساذج ہندی	بیخ	تخم ہلیون	گل منڈی	کابلی چنے
۵ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۵ تولہ	۲ سیر

قضیب گاؤ سوہان کردہ	پان کے پتے	عرق کیوڑہ	عرق بید مشک
۱۵ عدد	۱۰۰ عدد	۱ سیر	۱ سیر

عرق گلاب	عرق گاؤزبان	دودھ گاؤ	گنے کا رس	گاجر کا نکلا پانی
۱ سیر	۲ سیر	۲ سیر	۳ سیر	۲ سیر

سیب کا پانی	انار کا پانی	امرود کا پانی	انگور پانی
آدھ سیر	آدھ سیر	آدھ سیر	آدھ سیر

عنبر اشہب	مشک خالص	زعفران اصلی
۳ ماشہ	۱ ماشہ	۱ تولہ

بنانے کی ترکیب

ان تمام دواؤں میں سے جو کوٹنے والی ہوں کوٹ لیں اور گوشت کا قیمہ بنا ہوا اور تمام دوائیں عرق دان میں ڈال دیں۔ پھر تمام عرقیات و دودھ ڈال کر رات کو بھگو دیں۔ صبح نیچے کے منہ پر عنبر و کستوری و زعفران باریک پیس کر پوٹلی میں باندھ کر لٹکا دیں۔ اور آدھ سیر کھینچیں۔

فوائد:- دل۔ دماغ۔ جگر اور باہ کو طاقت دینے کے لئے مشہور اور لاجواب نسخہ ہے۔ رنگ سُرخ کرتا ہے صحت میں مستی اور جذبات میں ہیجان پیدا کرتا ہے۔ جسم کو فربہ کرتا ہے

لال گولی

شنگرف رومی ۳ تولہ سہاگہ خام ۶ تولہ مغز جمالگوٹہ ۱۲ تولہ سب کو باریک پیس کر لیموں ۶۰ عدد کے صاف پانی میں مسلسل کھرل کر کے کالی مرچ کے برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:- جلاب کے لئے ۲ سے ۴ گولی رات کو دلیہ کھلا کر دودھ کے ہمراہ دیویں۔ خوب دست آجائیں گے۔ صبح بھی دودھ یا شربت کھانڈ کے ہمراہ دے سکتے ہیں۔ معمولی قبض کیلئے ایک گولی کافی ہے اگر دست زیادہ آئیں تو۔ دہی۔ لسی چاول کھلائیں۔

فوائد:- بہترین جلاب ہے۔ بغیر تکلیف کے دست لاتا ہے بخاروں میں بھی جلاب کے لئے دے سکتے ہیں

طلاء مجلوق

بیر بہوٹی	گنڈوئے خشک	سانڈا خشک	کیکڑا خشک
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ عدد	۱ تولہ

سم الفار سفید	میٹھا تیلیہ	بچھو سیاہ	جائفل	کچلہ	بیخ بنفشہ
۱ تولہ	۱ تولہ	۳ عدد	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

برادہ ہاتھی دانت ۱ تولہ۔ جوکھار سفید ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ۔ تخم دھتورہ

سیاہ ۱ تولہ۔ مالکنگنی ۱ تولہ۔ پارہ صاف شدہ ۱ تولہ مغز جمالگوٹہ ۱ تولہ آدمی کے کان کی میل ۱ تولہ۔ مغز چیڑا ۲ عدد ان تمام دواؤں کو کوٹ چھانکر بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے گولیاں بنا دیں۔ اور خشک کر کے پتال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں

ترکیب استعمال: بیمار کو پہلے دس روز لکور یعنی تکمید خاص کا استعمال کریں۔ گیارویں روز حشفہ و سیون چھوڑ کر اوپر کی طرف چوتھے حصہ پر طلاء کر کے اور اوپر ارنڈ یا پان کا پتہ باندھ دیں جب چھالا پیدا ہو جائے تو یہ فصد لگا دیں۔ بلکہ یہ مرہم لگا دیں۔ سفیدہ کاشغری۔ گائے کے گھی دھلے ہوئے میں ملا کر لگا دیں۔ جب زخم درست ہو جائے تو دوسرے حصہ پر یہ طلاء لگا دیں۔ اسی طرح تین دفعہ لگا دیں۔

فوائد:- اگر مریض بالکل نامرد ہو یا مجلوق ہو۔ یعنی اپنے ہاتھوں سے اپنے آپکو تباہ کر چکا ہو۔ تو یہ طلاء استعمال کریں۔ مجرب و بے خطا ہے

منضج وجع المفاصل

گل بنفشہ	چرائتہ	عناب	کموہ خشک	بیخ سونف	سوری کا خیری
۷ ماشہ	۷ ماشہ	۵ دانہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ	۶ ماشہ

شاہترہ	افتیموں ولایتی	بسفائج فستقی	مویز منقی	سونف
۵ ماشہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ	۹ دانہ	۷ ماشہ

رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح صاف کر کے گلقند ۴ ماشہ ملا کر پلا دیں سوویں دن اسی نسخہ میں گلسرخ سنا مکی بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کر کے مغز املتاس ۵ تولہ ترنجبین ۴ تولہ شکر سرخ ۴ تولہ حل کر کے چھانی میں چھان کر شیرہ مغز بادام کو صاف کر کے جلاب دیں۔ پھر جوشاندہ پلا کر پھر رات رہنے

حب ایارج مجرب بہ بادام روغن کھلا دیں۔ پھر جلاب بغیر التماس کے
دیں پھر جوشاندہ پلا کر اسی طرح تیسرا جلاب دیں۔ اگر گرمی زیادہ معلوم ہو
تو جلابوں کے درمیان یہ سردائی دیں۔ معجون سورنجاں کھا کر اوپر یہ شیرہ
تخم خیارین ۶ ماشہ شیرہ تخم خربزہ ۶ ماشہ شیرہ خار خسک پانی میں
سردائی کی طرح پیس کر شربت بزوری معتدل ملا کر پلا دیں۔ اس
کے بعد حب ماء معجون گولیاں وغیرہ کھاتے رہیں۔

نوٹ:۔ جوشاندوں کے ساتھ رات کو سوتے وقت معجون
سورنجان ۶ ماشہ یا حب سورنجاں ۶ ماشہ یا اور کوئی مناسب
دوائی بھی ساتھ دیتے رہیں۔

فوائد:۔ اگر گنٹھیا کو کسی صورت آرام نہ آئے۔ تو یہ علاج کریں۔
انشاء اللہ کبھی خطا نہیں جائے گا۔ مجرب ہے۔

قرص گل قابض

گل سرخ ۵ ماشہ، ریوند چینی ۵ ماشہ، لک مغسول ۵ ماشہ، گوند کیکر بریاں ۵ ماشہ، کہربا شمعی اصلی ۵ ماشہ
بالچھڑ ۳ ماشہ، عود ۳ ماشہ، زرشک ۴ ماشہ، تخم خرفہ بریاں ۶ ماشہ، گل ارمنی ۷ ماشہ } کوٹ چھان کر عرق سونف
میں قرص بقدر ۴ ماشہ بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲-۴ ماشہ شربت بزوری ۴ تولہ یا شربت حب الآس
۴ تولہ یا کسی بدرقہ کے ساتھ دیں۔

فوائد:۔ ضعف جگر۔ اسہال۔ کھانسی۔ بخار پرانا۔ چہرے و پاؤں
کی سوجن کیلئے مجرب ہے۔ اگر مریض کا رنگ زرد ہو۔ چہرہ پہ سوجن ہو بخار

کھانسی اور دست آ رہے ہوں۔ تو اس کو ضرور استعمال کر کے تجربہ کریں۔

اکسیر صرع

سم الفار سفید۔ آدمی کے سر کی ہڈی جلائی ہوئی۔ عاقر قرحا۔ ہینگ۔ عود صلیب
اصلی۔ جدوار خطائی۔ ہر ایک ۱۱ ماشہ گندھک آملہ سار ۱۵ ماشہ۔ سونٹھ ۴ ماشہ
شکر سفید ۴ ماشہ سب کو باریک پیس کر بھنگرہ بوٹی کے شیرہ میں تین روز
مسلسل کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک گولی روٹی کے بعد ہمراہ عرق منڈی ۶ تولہ
کھلا دیا کریں۔ ہفتہ کے بعد ایک دو دن چھوڑ دیا کریں۔

نسوار صرع

تخم سرس ۱ تولہ، کشمیری پتہ ۱ تولہ، ٹنڈا اک ۱ تولہ، اکرکرا، نمک چکنی ۲ تولہ، کافور ۴ ماشہ
عاقر قرحا ۶ ماشہ، کالی مرچ ۱۶ ماشہ، تخم تماکو ۱ تولہ، پوٹاس پرمینگنیٹ ۱۰ ماشہ
اسطوخودوس ۶ ماشہ نوشادر ۲ ماشہ سب کو نہایت باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ جب بیمار کو مرگی کا دورہ واقع ہو تو اس کے ناک
میں بطور نسوار دیں۔ فوراً دورہ رک جائے گا۔ وقفے کی حالت میں روزانہ
استعمال کریں۔

فوائد:۔ مرگی کے لئے مجرب اور خاص چیز ہے۔ ہر وقت
مطب میں تیار رہنی چاہیے۔

کحل الجواہر

سرمہ سیاہ	سنگ بصری	مروارید ناسفتہ	مامیران چینی	مرجان
۳ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ	۱ تولہ

ورق طلا ۳ ماشہ سوائے ورقوں کے باقی دوائیں پیس کر چار روز ہلیلہ زرد کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر چار روز عرق گلاب میں کھرل کریں پھر ورق سونا ملا کر کھرل کریں۔ جب سرمہ کی طرح باریک ہو جائے تو رکھ لیں۔
ترکیب استعمال:۔ بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔ فوائد:۔ ضعف نظر کی کمزوری کے لئے مجرب ہے۔

بھپارہ

گل بنفشہ	گل خطمی	مکوہ خشک	پوست خشخاس
۱ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۶ ماشہ

سب کو گائے کے آدھ سیر دودھ میں جوش دیں۔ اور اس کی بھاپ کان کو پہنچائیں۔
فوائد:۔ کان کے ورم اور درد کو تسکین دینے کے لئے بارہا آزمایا ہوا نسخہ ہے۔

شربت ضیق

تخم حلبہ (یعنی میتھے) گل بنفشہ۔ السی۔ پوست خشخاس۔ تخم خطمی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ بیدانہ۔ گل نیلوفر ہر ایک ۶ ماشہ۔ پرسیاؤشاں۔ زوفا خشک۔ ہر ایک اڑھائی تولہ۔ خشخاس سفید ۵ تولہ انجیر زرد ۱۲ عدد۔ مویز منقیٰ ۱۵۰ دانہ عناب

۵۰ دانہ لسوڑیاں ۵۰ دانہ سب چیزوں کو رات کے وقت پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر صاف کر کے کھانڈ ۱ سیر شہد پاؤ پختہ ملا کر شربت بنا دیں۔
ترکیب:۔ ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام پانی یا عرق ملا کر پی لیں اگر معجون کے ہمراہ کھائیں۔ تو بہت مفید ہے۔

شیاف چشم

پھٹکڑی	افیون	رسوت مصفیٰ	زعفران	نیم کے پتے
۲۸ ماشہ	۳ ماشہ	½ تولہ	۵ رتی	۵ عدد

سب کو باریک پیس کر لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ سے ذرا ذرا پانی ڈال کر خوب گھوٹیں۔ پھر آگ پر رکھ کر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو اتار کر شیاف بنائیں۔
ترکیب استعمال:۔ تقریباً ۱ رتی پانی میں گھس کر پپوٹوں پر لیپ کریں۔ ایک دو قطرہ آنکھ میں بھی ڈالیں۔
فوائد:۔ آنکھوں کی سرخی۔ سبل درد سے پانی آنا۔ کیلئے مجرب ہے۔ جب آنکھ آئی ہوئی ٹھیک نہ ہو تو یہ دوا ضرور استعمال کریں

دوائی سیلان گوش

زرد کوڑی جلائی ہوئی کندر مرکی انزروت دم الاخوین
۳ ماشہ ۳ ماشہ ۲ ماشہ ۳ ماشہ
گل ارمنی ۳ ماشہ۔ اقاقیہ ۳ ماشہ۔ مازو سبز ۳ ماشہ کف دریا ۳ ماشہ

گیرو زرد ۲ ماشہ سہاگہ بریاں ۲ ماشہ پھٹکڑی بریاں ۲ ماشہ باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ پہلے کان کو شبد اور نیم کے جوش دیئے ہوئے پانی سے کان کو صاف کریں یا ہائیڈروجن پر آکسائیڈ سے صاف کرکے اس دوائی کو کان میں ڈال کر اوپر روئی رکھ دیں۔

فوائد:۔ جن مریضوں کے کان سے رطوبت بہتی ہو اور کسی دوائی سے بند نہ ہو۔ ان کو یہ نسخہ استعمال کرائیں۔ مجرب ہے۔

روہے توڑ

زنجفر	کشتہ جست	توتیا سبز	ہیرا کسیس	پھٹکڑی	سوہاگہ
۱ تولہ	۱ تولہ	½ تولہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ

شنگرف۔ سفیدہ کاشغری۔ زنگار۔ مرداسنگ۔ شورہ قلمی۔ گندھک آملہ سار۔ کافور ہر ایک ۹ ماشہ گوند کیکر ۶ ماشہ سب کو پیس کر پانی کے ہمراہ بتیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ پلکوں کو الٹا کر ککروں پر بتی مل دیں۔ پھر گرم پانی سے دھو دیں۔ دھدر چنبل پر گھس کر لگا دیں۔ ناسور میں بتی بنا کر رکھیں۔

فوائد:۔ ککروں۔ دھدر۔ چنبل۔ خارش۔ ناسور کیلئے مجرب ہے۔

سفوف شادنج

شادنج مغسول۔ سنگجراحت۔ گل ارمنی۔ کیلک ایسڈ۔ کیلیشیم لیکٹیٹ۔ ہر ایک ۲ تولہ باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ دیں۔

فوائد:۔ ہر جگہ کا خون بند کرنے کے لئے مفید ہے۔

معجون عاقرقرعا

عاقرقرعا ۵ تولہ لے کر باریک پیس لیں پھر سرکہ خالص ۵ تولہ ملا کر کھرل کریں۔

ترکیب استعمال:۔ ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک گرم پانی کے ساتھ کھلا دیں۔

فوائد:۔ مرگی و اختناق الرحم کے لئے مجرب ہے۔

ایک مریضہ کو حمل کی حالت میں ہسٹریا کے شدید دورے ہو رہے تھے۔ میں نے یہی معجون استعمال کرایا۔ مریضہ کو فوراً ہوش آ گئی اور بالکل تندرست ہو گئی۔ پھر اس کا کئی جگہ تجربہ کیا گیا۔ نہایت مفید ثابت ہوا۔

نوٹ:۔ اگر مریض اس کی زیادہ تیزی محسوس کرے تو اور شہد ملا دیں۔

سیمابی سرمہ

جست ۲ تولہ لے کر پگھلا دیں۔ پھر اتار کر پارہ ۲ تولہ ملا دیں اور کھرل کریں پھر سرمہ سفید ۲ تولہ سمندر جھاگ ۴ تولہ بورک ایسڈ ۲ تولہ سرد چینی ۱ تولہ ست لیموں ۱ تولہ مصری کالپی ۱ تولہ۔ ست پودینہ ۸ ماشہ مشک کافور ۲ تولہ

ملا کر چار روز خوب کھرل کرکے سرمہ بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ بطور سرمہ آنکھوں میں صبح و شام لگایا کریں۔

فوائد:۔ جالا۔ پھولا۔ دھند۔ غبار۔ پڑبال۔ ککروں۔ پچھا کیلئے بینظیر۔ ہر مطب میں تیار ہونا چاہیئے۔

ضماد مقوی

جند بیدستر۔ عاقرقرحا۔ لونگ۔ فرفیون۔ سورنجان کوڑی دارچینی ہر ایک ۶ ماشہ شراب تیز میں پیس کر ۳، ۳ ماشہ کی گولیاں بنا دیں۔

ترکیب:۔ ا گولی لے کر شہد میں پیس کر نیم گرم عضو مخصوص پر ضماد کریں۔ صبح گرم پانی سے دھو دیں۔

فوائد:۔ باہ کو طاقت دینے کے لئے مجرب ہے۔

عضو مخصوص کی کمزوری و لاغری دور کرنے کے لئے خاص تحفہ ہے۔

عطیہ از حکیم ملک اللہ رکھا صاحب طبیب خاندانی گھاس منڈی منٹگمری

امساکین

بہمن سرخ	بہمن سفید	الائچی خورد	پوست خشخاش	تخم بند
۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ

پنیر مایہ سترا عرابی ۲ تولہ جدوار ۲ تولہ ثعلب مصری ۲ تولہ اقاقیا ۲ تولہ

بیدانہ۔ تخم بھنگ سب کو باریک پیس کر بڑ کا دودھ ۱۵ تولہ ملا کر گولیاں
۲ تولہ ۲ تولہ جنگلی بیر کے برابر بنا دیں۔

خوراک:۔ ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ۔

فوائد:۔ جریان۔ سرعت۔ احتلام جو کبھی دوا سے نہ جاتا ہو۔ ان گولیوں کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتا ہے۔ میری بارہا کی مجرب و بے خطا گولیاں ہیں۔

عرق النساء یعنی ریگن وائی کا مجرب و بے خطا علاج

سورنجان شیریں ۱ ماشہ بوزیدان ۱ ماشہ پیس کر معجون سورنجاں ۷ ماشہ میں ملا کر کھائیں۔ اوپر سے تخم خیارین ۳ ماشہ تخم خربزہ ۳ ماشہ پانی میں سردائی کی طرح پیس کر کپڑے میں چھان کر شربت بزوری ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح و شام پلاتے رہیں۔ رات کو سوتے وقت روزانہ یہ گولیاں کھلاتے رہیں۔

حب عرق النساء

سورنجاں شیریں	سقمونیاں ولائتی	غاریقون اصلی	صبر سقوطری
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۱۲ ماشہ

باریک پیس کر عرق گلاب میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور تین گولی رات کو کھلاتے رہیں۔ اور مندرجہ ذیل تیل کی مالش کریں۔

روغن عرق النساء

سورنجاں تلخ ۵ تولہ مہندی کے پتے ۵ تولہ تخم کرفس ۲ تولہ ۲ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ سیر پانی رہ جائے تو میٹھا تیل ۱ پاؤ ملا دیں جب پانی اور کچھ دوائیں جل جائیں تو صاف کرکے رکھ لیں۔ اور نیم گرم مالش کیا کریں۔ ہفتہ کے بعد ۵ تولہ کسٹر آئیل پلا کر جلاب دیں پھر سابقہ نسخہ شروع کریں۔ اور سات دن بعد دوسرا جلاب دیں۔ جلابوں کے بعد پھر وہی نسخہ پلاتے رہیں اور مالش کرتے رہیں۔ عام مریضوں کو پہلے ہی ہفتہ میں آرام آجایا کرتا ہے۔ اور تخفیف دو تین روز میں شروع ہو جاتی ہے۔ میں نے اس علاج کو بہت سے مریضوں پر آزمایا ہے۔ کبھی خطا نہیں کرتا۔ فرما آزمائیں۔

نسخہ ورم گردہ

چھان گندم	جو مقشر	تخم خطمی	مکوہ خشک	بابونہ	اکلیل الملک
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دے کر صاف کرکے اس میں کپڑا بھگو کر گردہ پر ٹکور کریں۔ پھر یہ ضماد لگا دیں۔

ضماد ورم گردہ

گل بنفشہ	گل خطمی	اکلیل الملک	مکوہ خشک	جو کا آٹا
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۱ تولہ

مکوہ سبز کے پانی میں پیس کر نیم گرم لیپ کریں۔

اندرونی طور پر حسب حال علاج کریں۔

ورم میں تسکین دینے اور درد بند کرنے کے لئے فوری طور پر مؤثر ہے۔ جب بیمار کو ورم کیوجہ سے گردہ میں درد ہوتا ہے۔ تو خدا کی پناہ۔ مریض مچھلی کیطرح تڑپتا ہے۔ یہ دونوں نسخے بے نظیر ہیں۔ اگر آپ اسے استعمال کریں گے تو آپ کی شہرت کو چار چاند لگ جائینگے

نسخہ درد شکم مزمن

یعنی پرانا

زرشک	پوست ترہلہ	کیکر کے پتے	آلو بخارا	املی	انار دانہ
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۳۰ دانہ	پاؤ پختہ	۲ تولہ

سرکہ پاؤ پختہ۔ پانی ۲ سیر ملا کر سب دوائیں بھگو کر رکھیں۔ روزانہ صبح ایک پاؤ پانی پلا دیا کریں۔

فوائد:۔ یہ عجیب وغریب نسخہ پرانے درد شکم کے لئے لاثانی ہے۔ میں نے اس نسخہ سے ایسے ایسے مایوس مریضوں کا علاج کیا ہے۔ جو اکثر بڑے بڑے ڈاکٹروں و حکیموں سے علاج کراتے کراتے تھک چکے تھے۔ اس کے استعمال سے قبض بھی۔ پیاس درد شکم۔ یرقان قطعا دور ہو جاتا ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے۔

خون صفا پاؤڈر

گندھک آملہ سار مصفیٰ	پوست ہلیلہ زرد	پوست بلیلہ	پوست آملہ
۳ تولہ	۲ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ

بلیلہ سیاہ ۱۰تولہ سربھوکہ ۱۰تولہ ملٹھی مقشر ۱۰تولہ صندل سرخ ۱۰تولہ شاہترہ ۱۰تولہ گیرو ۱تولہ
گلِ سرخ ۱تولہ نیلوفر ۱تولہ کوٹ چھان کر سفوف بناویں

ترکیب استعمال :۔ ۴ ماشہ صبح و شام کسی خون صفا شربت یا عرق کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد :۔ خون کو صاف کرنے کے لئے۔ اور تمام خون کی خرابیوں کو دور کرنے کے لئے مجرب ہے۔

کحل چشم

قلمی شورہ ۵ تولہ چاکسو ۵ تولہ طباشیر اعلیٰ ۲ تولہ سمندر جھاگ ۵ تولہ۔ زنک آکسائیڈ ۵ تولہ
بورک ایسڈ ۵ تولہ پھٹکڑی سرخ ۵ تولہ نمک شیشہ ۲۰ تولہ ست لیموں ۱ تولہ نیلا تھوتھا ۱ تولہ
مشک کافور ۳ ماشہ ست پودینہ ۳ ماشہ پہلے مشک کافور و ست پودینہ کو ملا کر رکھ لیں۔ پھر باقی تمام دوائیں سرس کے پتوں کے پانی ۲ بوتل میں کھرل کریں۔ اور سرمہ کی مانند پیس لیں پھر ست و کافور ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال :۔ رات کو بطور سرمہ آنکھوں میں لگایا کریں۔

فوائد :۔ آنکھوں کی خارش۔ دھند، جالا۔ پھولا۔ بجٹا کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر سوزاک

بہروزہ خشک ۵ تولہ سنگجراحت ۲ تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ کشتہ بنگ ۲ تولہ رال سفید ۲ تولہ
ماجو ۲ تولہ کتھ ۲ تولہ باریک پیس کر روغن صندل ۵ تولہ ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال :۔ ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ گھی گرم شدہ ۵ تولہ کھا لیا کریں۔ اگر گھی کسی صورت نہ پی سکیں تو دودھ ملا لیا کریں

فوائد :۔ سوزاک کے لئے تیر بہدف ہے۔ ایک ہی دن میں جلن۔ پیپ اور درد ختم ہو جاتا ہے۔ پرانے قرعہ کے لئے بھی نہایت مفید و مجرب ہے۔

حب سنگرہنی

گندھک آملہ سار مصفّی ۱تولہ پارہ صاف شدہ ۱تولہ تخم دھتورہ سیاہ ۱تولہ شنگرف مدبر ۱تولہ
میٹھا تیلیہ مدبر ۱تولہ افیون ۱تولہ پہلے گندھک اور پارہ کو کھرل کر کے کجلی بنا دیں۔ پھر افیون کو ادرک کے پانی میں حل کر کے خشک کریں۔ پھر باقی دوائیں باریک پیس کر ملا دیں اور ادرک کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنا لیں

ترکیب استعمال :۔ ۱ گولی صبح ۱ شام ہمراہ جوشاندہ گردسک ۶ ماشہ

فوائد :۔ سنگرہنی کے لئے بارہا کا مجرب ہے۔ دستوں کو فوراً بند کر دیتا ہے۔

تریاق سنگرہنی

اجوائن خورد	پوست انار	حب الآس	کندر	گلنار	سماق
۶ماشہ	۶ماشہ	۶ماشہ	۶ماشہ	۶ماشہ	۶ماشہ

مصطگی رومی	گوندکیکر	سپاری کاٹھی	افیون
۶ماشہ	۳ماشہ	۳ماشہ	۳ماشہ

باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کی قرص بنا دیں۔

خوراک:۔ ۱ قرص ہمراہ شربت حب الآس ۲تولہ

فوائد:۔ پرانے اسہال یعنی سنگرہنی کے لئے خاص نسخہ ہے۔

نسخہ آزمودہ سنگرہنی

انوشدارو سادہ ۶ماشہ کشتہ منڈور ارتی یعنی خبث الحدید کھا کر اوپر سے سونف ۳ماشہ حب الآس ۳ماشہ دانہ الائچی ۳ماشہ کلاں پانی میں پیس چھان کر شربت انار ۲تولہ ملا کر پلا دیں۔ صبح شام ایسی ایک ایک خوراک دیں۔

فوائد:۔ پرانے اسہال کے لئے مجرب ہے۔ پہلے ہی روز فائدہ محسوس ہوتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اس کے ساتھ سنگرہنی کی گولیاں بھی دیں۔

حب نیم

مغز تخم نیم	مغز تخم بکائن	کالی ہڑڑ	چاکسو	ریوند چینی
۲تولہ	۲تولہ	۲تولہ	۲تولہ	۲تولہ

کشتہ فولاد ۲تولہ۔ رسوت اصلی ۲تولہ سب کو باریک پیس کر پہلے مولی کے پاؤ بھر پانی میں کھرل کرکے پھر گیندا کے پانی میں۔ پھر ککرونڈی (ککرونڈا) کے پانی میں کھرل کرکے گولیاں جنگلی بیر برابر بنا دیں۔

خوراک:۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ پانی یا شربت انجبار۔

فوائد:۔ بواسیر خونی کے لئے مفید ہے۔

طلاء کچلہ

سم الفار	مٹھا تیلیہ	کچلہ	لونگ	زردی انڈا مرغ
۲تولہ	پاؤ پختہ	پاؤ پختہ	ادھ سیر	۵۰ عدد

تمام دوائیں پیس کر انڈوں کی زردی ملا کر خوب کھرل کرکے گولیاں بنا دیں اور آتشی شیشی کے ذریعہ تیل کھینچیں۔

ترکیب استعمال:۔ حشفہ و سیون چھوڑ کر دو چار قطرہ کی مالش کریں۔ اور اوپر ارنڈ یا پان کا پتہ گرم کرکے باندھ دیں۔

فوائد:۔ نہایت مختصر کم خرچ اور بہترین طلا ہے۔ جو عضو مخصوص کی کمزوری دور کرنے کیلئے مجرب ہے۔

حب ہیضہ

مٹھا تیلیہ مدبر	افیون	شنگرف	عاقرقرحا	گمہاں	سہاگہ	لونگ
۱تولہ	۱تولہ	۱تولہ	۱تولہ	۱تولہ	۱تولہ	۱تولہ

کالی مرچ ۱تولہ سب کو باریک پیس کر ادرک کے پانی میں چنے برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک گولی تین تین گھنٹے بعد عرق پودینہ یا بناسپت بدرقہ کے ساتھ دیں۔ تین چار دفعہ دیں۔

فوائد:۔ ہیضہ وبائی کے لئے نہایت مفید ہے۔ خصوصاً جب کہ مریض کا بدن سرد ہو رہا ہو اور دست کسی صورت سے بند نہ ہوتے ہوں۔ ان گولیوں کو استعمال کرا کر قدرت خداوندی کا تماشہ دیکھیں کئی مریضوں پر فوری اثر ہوتا ہے۔ وبا ہیضہ کے دنوں میں تیار رکھیں

آیوڈو فارم پاؤڈر

کندر	صبر زرد	انزروت	دم الاخوین	بورک ایسڈ	آیوڈو فارم
۱تولہ	۱تولہ	۱تولہ	۱تولہ	۲تولہ	۱تولہ

باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ زخم پر چھوڑک دیا کریں۔

فوائد:۔ گندے اور خراب زخموں کے لئے مفید ہے۔ خون بند کرتا ہے، پیپ کا نشان تک اڑا دیتا ہے، زخم کو بھرتا ہے۔ میں نے اس نسخہ کو بہت جگہ استعمال کر کے بے نظیر فوائد دیکھے ہیں۔

روغن آہک

چونے کا پانی ۵تولہ روغن کنجد ۵تولہ۔ کاربالک ایسڈ ۱۰قطرہ سب کو ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ململ کا کپڑا بقدر زخم لے کر اس تیل سے تر کر کے اوپر رکھ دیں۔

فوائد:۔ جلے ہوئے زخم اس کے استعمال سے بہت جلد درست ہو جاتے ہیں۔ چیچک کے آبلوں کے لئے مفید ہے۔ گندے زخموں کو پیپ وغیرہ سے صاف کر دیتا ہے۔

معجون مقوی

درونج عقربی۔ جند بید ستر ہر ایک ۲۔۱ ماشہ بالچھڑ۔ الائچی کلاں۔ اگر مائیں۔ گوند ککر ہر ایک ۶ ماشہ پنیر مایہ شتر اعرابی۔ گاؤزبان باذرنجبویہ۔ زرنج خشک۔ ریگ ماہی۔ مغز سر گنجشک نر۔ مغز چلغوزہ مغز نارجیل۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز فندق ہر ایک ۷ ماشہ۔ بوزیداں۔ سورنجاں۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ بہمن سرخ بہمن سفید زنجبیل۔ لبوب خشک۔ خارخشک دودھ میں بھگو کر خشک کیا ہوا خشخاش سفید۔ کنجد سفید مقشر۔ بیخ تخم گندنا۔ کلیاں۔ تر کھجور۔ مصطگی رومی۔ جائفل۔ جاوتری۔ قسط شیریں۔ مغز تخم خربزہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ اندر جو۔ دار چینی۔ لونگ۔ الائچی خورد ہر ایک ۱۴ ماشہ خولنجاں۔ شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ۱۰ تولہ کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ پھر تین گنا شہد لیکر اس میں پانی ڈالکر قوام کریں۔ آخر قوام میں مشک خالص ۲۔ماشہ عنبر ۴ ماشہ۔ زعفران ۱۰۔ ماشہ عرق سونف میں کھرل کر کے ملا دیں۔ پھر اتار کر باقی پسی ہوئی دوائیں ملا دیں اور ورق چاندی چار ماشہ حل کر کے رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۷ ماشہ صبح ۷ ماشہ شام ہمراہ دودھ کھالیا کریں۔

فوائد :۔ بہترین مقوی باہ ہے مغلظ منی ہے۔ گردے دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ شہوت کو برانگیختہ کرنے کے لئے مخصوص ہے

حب نزلہ

سونٹھ۔ کالی مرچ۔ لونگ۔ نمکیاں۔ پیلا مول۔ برہمی بوٹی۔ عاقرقرحا پھوکر مل۔ پوست چترا۔ کاکڑا سنگی ہر ایک ۲ تولہ۔ میٹھا تیلیہ مدبر ۲ تولہ۔ شنگرف مصفی۔ گندھک آملہ سار۔ پارہ ہر ایک ۲ تولہ پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی بنا دیں۔ پھر شنگرف ملا کر کھرل کریں۔ پھر باقی دوائیں باریک پیس کر ملا دیں اور پان کے پتوں کے پانی میں ایک دن کھرل کرکے کالی مرچ برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق سونف یا اور مناسب دواؤں کے ساتھ ان گولیوں کو بھی استعمال کراتے ہیں

فوائد :۔ ایسے بلغمی مزاج کے مریض جن کو کھانسی۔ نزلہ زکام اور پرانا بخار ہو۔ یہ گولیاں استعمال کراویں۔ اور ساتھ ساتھ دوسرے شربت، عرق وغیرہ پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ عجیب و غریب فوائد ظہور پذیر ہوں گے۔ کئی مایوس مریض اس سے تندرست ہو گئے

طلاء سائیں بخش

بیر بہوٹی	لوبان کوڑیہ	گنڈوئے خشک	عاقرقرحا
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۱ تولہ

ہڑتال ورقیہ	جائفل	جاوتری	لونگ	مغز پستہ	مغز بادام
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ

شنگرف	پارہ	گندھک آملہ سار	سہاگہ	سم الفار
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

تخم دھتورہ سیاہ	مالکنگنی	قسط تلخ	اکوڑی کٹھ
۱ تولہ	۵ تولہ	۱ تولہ	

بھلانوہ کلاہ دور کردہ	میٹھا تیلیہ	پھٹکڑی	زہر بلدیہ
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

کچلہ	کالے تل	ہلدی	جند بید ستر
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

سب کو کوٹ پیس کر ۲۵ انڈوں کی زردی۔ کیلا کچا ۱ عدد۔ دودھ بقدر ضرورت ملا کر گولیاں بنا دیں۔ اور پتال جنتر کے ذریعہ تیل کھینچیں

ترکیب استعمال :۔ حشفہ و سیون چھوڑ کر چار پانچ قطرہ کی مالش کریں۔ اوپر ارنڈ یا پان کا پتہ گرم کرکے باندھ دیں۔ صبح گرم پانی سے دھویا کریں۔ اگر دانے نکل آئیں تو مالش بند کرکے گرم گھی لگایا کریں۔ جب دانے ٹھیک ہو جائیں۔ پھر مالش کریں اسی طرح تین دفعہ کریں

٭ فوائد ٭

سب طلاؤں کا سردار ہے۔ رگوں و پٹھوں کی کمزوری دور کرکے سختی پیدا کرتا ہے۔

سُنیاسی سُرمہ

نمک لاہوری ہلدی کیلوبل چاکسو تخ کشتہ جست
۱ تولہ ۱ تولہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۵ تولہ

زعفران مغز رس قلمی شورہ طوطیا بریاں کافور سرمہ سیاہ
۱ ماشہ ۲ تولہ ۱ تولہ ۱ ماشہ ۱ ماشہ ۲ تولہ

سب کو سرمہ کی مانند باریک پیس لیں۔
ترکیب استعمال:۔ سرمہ کی مانند آنکھوں میں لگایا کریں۔
فوائد:۔ ککروں، دھند جالا کے لئے اکسیر ہے۔

علاج اپنڈے سائٹس لینی،

ورم زائدہ دودیہ

مکوہ سبز کے پتے۔ سونئے کے سبز پتے کوٹ کر آدھ پاؤ پانی نکالیں اور کپڑے میں صاف کر کے آگ پر رکھیں۔ جب پھٹ جائے تو کپڑے میں دوبارہ صاف کر کے شربت دینار ۲ تولہ ملا کر صبح شام پلاویں۔ رات کو جب تنکار جس کا نسخہ اسی بیاض میں درج ہے۔ تین عدد ہمراہ عرق سونف ۵ تولہ کھلایا کریں۔ درد کی جگہ مندرجہ ذیل ماش کی روٹی باندھیں۔

نسخہ روٹی ماش

ماش کا آٹا پاؤ پختہ لے کر بکری کے دودھ میں گوندھیں۔ اور نمک طعام ۶ ماشہ تخم سویا ۶ ماشہ۔ سونٹھ ۶ ماشہ۔ ہینگ ۶ ماشہ

باریک پیس کر ملا کر روٹی پکاویں۔ ایک طرف سے کچی رہے۔ کچی طرف کسٹرائیل سے چپڑ کر گرم گرم درد کی جگہ باندھیں۔
فوائد:۔ اگر مریض کو آنتوں میں ورم ہو یا اپنڈے سائٹس کی وجہ سے درد ہو۔ یا ریح کی وجہ سے گردہ یا پیٹ میں درد ہو تو یہ ٹکیہ ضرور استعمال کر کے فائدہ اٹھاویں۔ فوری فائدہ دیتی ہے

داد گولی

گندھک آملہ سار گوگل مولی کے بیج توتیا سبز سب کو باریک
۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ

پیس کر مولی کے پانی میں کھرل کر کے گولیاں بناویں
ترکیب استعمال:۔ گولی کو پانی میں گھس کر داد پر لگاویں۔ نئی داد اور دھدری کے لئے مجرب ہے۔

نسوانی

طباشیر اصلی	دانہ الائچی خورد	گل سپاری	گل پستہ	سونٹھ
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۳ تولہ	

بانیکارب	موصلی سفید	موصلی سیاہ	مصطگی رومی
۲ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۲ تولہ

ورق چاندی	موچرس	کشتہ بیضہ مرغ	کشتہ قلعی
۶ ماشہ	۲ تولہ	۵ تولہ	۲ تولہ

کشتہ فولاد ۱۰ تولہ ؛
کوٹنے والی دوائیں کوٹ چھان کر کشتہ جات و ورق چاندی

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

کھرل کرکے ملاویں

ترکیب استعمال :- ۲ ماشہ صبح ہمراہ مکھن ۲ ماشہ شام ہمراہ دودھ استعمال کیا کریں۔

عورتوں کے سیلان الرحم و کمزوری رحم کے لئے نہایت مفید و آزمودہ نسخہ ہے۔

جلاب بواسیری

مربہ ہرڑ ۱ عدد پہلے کھالیں اور پھر یہ نسخہ پلاویں۔ ریشہ خطمی بھگو کر لعاب نکالیں اور گل سرخ ۱ تولہ۔ گل بنفشہ ۱ تولہ۔ تخم کاسنی ۱ تولہ مغز بادام ۹ دانہ مغز کدو ۶ ماشہ۔ سونف ۱ تولہ سنا مکی ۱ تولہ تخم خیار ۶ ماشہ گلقند ۴ تولہ پانی میں پیس چھان کر شربت ورد ملا کر پلادیں۔

فوائد :- اگر مریض کو بواسیری سخت تکلیف ہو۔ قبض شدید ہو تو اس نسخہ کو استعمال کرکے اس کا حیرت انگیز اثر ملاحظہ فرمائیں۔ یقیناً آپ خوش ہوں گے۔

نسخہ قبض دائمی و بواسیر

ریشہ خطمی ۶ ماشہ بھگو کر لعاب نکالیں۔ اور سونف ۱ تولہ تخم خیارین ۶ ماشہ پانی میں سردائی کی طرح پیس کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر اسبغول مسلم ۷ ماشہ کھا کر پی لیں۔

فوائد :- دائمی قبض۔ بواسیری قبض کے لئے مجرب المجرب ہے۔

حب دیدان

سنٹونین۔ بھنگ افسنتین کیلہ صبر سقوطری باریک پیس
۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ
کر سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال :- ۲ رتی سے ۴ رتی تک روزانہ عرق سونف کے ساتھ دے دیا کریں۔ ہفتہ بعد کسٹر آئیل پلا دیا کریں۔ یہاں تک کہ بالکل کیڑے خارج ہو جائیں۔ بچوں کو ۱ رتی دیں۔

فوائد :- پیٹ کے کیڑوں کیلئے میرا کئی دفعہ کا آزمایا ہوا نسخہ ہے۔

تریاق نفث الدم

گل سرخ۔ طباشیر۔ گل ارمنی۔ گل مختوم۔ تخم خرفہ شادنج مغسول
۵ ماشہ ۵ ماشہ ۵ ماشہ ۵ ماشہ ۵ ماشہ
گلنار فارسی کہربا شمعی تخم خشخاش رب السوس اقاقیا
۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ
عصارہ لحیۃ التیس ۳ ماشہ گوند کیکر ۳ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ کوٹ چھان کر اسبغول مسلم ۳ ماشہ ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال :- ۶ ماشہ صبح و شام شربت انجبار ۳ تولہ یا حب الآس ۲ تولہ کے ساتھ دیں۔

نفث الدم یعنی منہ سے خون آنے کیلئے مجرب و اکسیر ہے۔

اکسیر شری یعنی چھپاکی

شاہترہ	چرائتہ	سرپھوکہ	منڈی	برہم ڈنڈی	عناب	بلیلہ سیاہ
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۲ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۵ دانہ	۵ ماشہ

خشبہ مغربی	برادہ صندل سرخ	برادہ صندل سفید	برادہ چوب
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۲ ماشہ	۳ ماشہ

چینی	نیل کنٹھی	بابڑنگ	برادہ شیشم
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ

دھمایا پانی میں جوش دیکر صاف کرکے شہد ملاکر پی لیں۔

فوائد:۔ شری یعنی چھپاکی پرانی جو کسی علاج سے نہ جاتی ہو۔ اس لاجواب نسخہ سے قطعاً اور ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتی ہے۔ میں نے اس نسخہ سے سات سات سال کے پرانے مریضوں کا بھی علاج کیا ہے۔

اگر مریض کو اس وقت بھی چھپاکی نکلی ہوئی ہو تو حسب مادہ مالش وغیرہ بھی کریں۔ ہفتہ ہفتہ بعد جلاب کرتے رہیں۔

خاکسی ۵ تولہ کو روغن گل ۱۰ تولہ میں پیس کر ملنا۔ دھپڑوں میں فوری تسکین دیتا ہے۔ اور خارش کو آرام آجاتا ہے۔

دوائے پائیوریا

ٹنکچر آیوڈین	یوکلپٹس آئل	ٹنکچر ایکونائٹ
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

ملاکر شیشی میں رکھ لیں

ترکیب استعمال:۔ ایک سلائی پر ذراسی روئی لگاکر دانتوں کی جڑوں پر لگادیں

فوائد:۔ پائیوریا۔ دانتوں کا ہلنا۔ بدبو آنا۔ دانتوں سے پیپ و خون خارج ہونے کیلئے مفید ہے۔

شربت روح افزا

گل گاؤزبان	گل نیلوفر	گل سیوتی	ابریشم خام مقرض	دھنیاں
۱۰ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۱۰ تولہ	۲۰ تولہ

صندل سفید	خس تازہ	الائچی چھوٹی کوٹی ہوئی
۲۰ تولہ	۲۰ تولہ	۲۰ تولہ

ایک رات دن ۱۶ سیر پانی میں بھگو کر ۱۲ بوتل عرق کھینچیں پھر اس عرق میں ۱۰ سیر کھانڈ ملاکر شربت بنالیں پھر بحساب فی بوتل روح بید مشک ۲۰ تولہ روح کیوڑہ ۲۰ تولہ رنگ سرخ یا سنگترہ ملاکر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ تولہ شربت میں برف ملاکر پی لیں

فوائد:۔ روح۔ دل اور پیاس کو تسکین دینے۔ گرمی کو دور کرنے کے لئے خاص تحفہ ہے۔

خوبصورتی

سرسوں سفید	زیرہ سیاہ	تل کالے	لودھ پٹھانی	ناگرموتھا
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

صندل سرخ ۲ تولہ۔ مسور کا آٹا ۲ تولہ۔ جو کا آٹا ۴ تولہ کافور ۱ تولہ بچھ ۱ تولہ

ہلدی ۱ تولہ ۔ مغز بادام ۳ تولہ ۔ سوڈا بائیکارب ۳ تولہ
زعفران ۶ ماشہ ۔ زنک آکسائیڈ ۲ تولہ ۔ عرق گلاب ۱ تولہ
روغن ناریل ۵ تولہ گلیسرین ۵ تولہ ۔ خشک دوائیں باریک
پیس کر کپڑ چھان کر لیں ۔ پھر روغن و گلیسرین ملا کر خوب گھوٹیں ۔
مکھن کی طرح بن جائے گا ۔

ترکیب استعمال :۔ ہاتھ منہ پر مالش کریں پھر گرم پانی سے دھو ڈالیں

فوائد :۔ چہرے کے کیل ، داغ ، دھبے دور کر کے رنگ کو
نکھارتا ہے ۔ جلد کو نرم کرتا ہے ۔ مجرب ہے ۔

بواسیر کا نایاب علاج سیف قاطع

ہڑتال ورقیہ	ہڑتال زرد	پھٹکڑی سفید	پھٹکڑی سرخ	[illegible]
۵ تولہ	۵ تولہ	۲۰ تولہ	۲۰ تولہ	۵ تولہ

بار سیرہ یعنی چونا سفید ۱۰ تولہ ۔ سرکہ خالص ولایتی ۱ بوتل ۔ تمام
دوائیں کو مٹی برتن میں ڈالکر رکھ چھوڑیں ۔ چالیس روز تک روزانہ
کسی چمچ سے ہلا دیا کریں ۔ چالیس روز کے بعد ایک مٹی کی ہنڈیا میں
ڈالکر دوسری ہنڈیا اس کے اوپر رکھ دیں ۔
دونوں کے منہ بالکل ملے ہوئے ہوں ۔ پھر گوندھا ہوا آٹا لیکر
منہ بالکل سب طرف سے اچھی طرح بند کر دیں ۔ اور خشک کر کے چولہے
پر رکھ دیں ۔ آگ نرم نرم جلائیں اندر سے ایک خاص قسم کی آواز پیدا ہوتی
ہے ۔ جب آواز نکلنی بند ہو جائے تو آدھ گھنٹہ اور رکھ کر اتار لیں
سبز رنگ کی زردی مائل دوائی تیار ہوگی ۔ جو دوائی اوپر کی ہنڈیا
میں جوہر کی شکل میں لگی باقی ہے ۔ وہ الگ رکھ لیں ۔ صرف نیچے

والی دوائی کام میں لاویں ۔

فوائد :۔ بواسیر کے مسوں کو قطع کرنے کے لئے ایک بے
مثال نسخہ ہے ۔ جس کو حاصل کرنے کے لئے طبیب ہزاروں
روپے پیش کرتے رہے ۔ مگر ہمارے خاندان نے کبھی کسی کو یہ راز
نہ بتایا ۔ بواسیر کے علاج کیلئے دہلی تک کے لوگ ہمارے
ہاں آیا کرتے تھے ۔ اور ہم نے ہزار ہا روپیہ صرف اس ایک
نسخہ کی بدولت کمائے تھے اور کما رہے ہیں ۔ صرف دنیا کی بھلائی
سمجھتے ہوئے آج یہ نسخہ پبلک کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے ۔
مگر تمام طبیب اس سے فائدہ اٹھائیں ۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ بہت
سے ہمارے خاندان کے آدمی خصوصاً حکیم بشیر احمد صاحب
بھی مجھ سے سخت ناراض ہوں گے ۔ مگر زمانہ کے انقلاب نے
مجبور کر دیا کہ کسی نسخہ کو چھپانا گناہ عظیم ہے
بواسیر کے مسے چھوٹے ہوں یا بڑے خونی ہوں یا خشک صرف
ایک ہفتہ دوائی لگانے سے جڑ سے اکھڑ جاتے ہیں ۔ اور پھر کبھی
زندگی بھر نہیں ہوتے ۔ شرطیہ اور بھروسہ کا علاج ہے ۔

ترکیب استعمال :۔ تھوڑی سی دوائی لے کر سرکہ میں ملا کر یا ویسے
ہی خشک لے کر مسوں پر سرے سے لیکر جڑ تک لگا دیں اور اسی طرح
صبح و شام دونوں وقت چھ سات روز تک لگا دیں ۔ پہلے روز مسوں
سے پانی نکلے گا ۔ اور وہ ذرا پھول جائیں گے ۔ پھر وہ سخت اور سیاہ
ہو جائیں گے ۔ ساتویں روز تک بالکل مردہ و بے جان ہو جائیں گے
اگر آپ ایک سوئی لے کر اس میں چبھو دیں گے تو مریض کو بالکل
محسوس نہیں ہوگا ۔

نوٹ :۔ مسے عموماً اندر ہوتے ہیں ۔ ان کو نکالنے کی یہ ترکیب ہے

کو مریض کو اونچی جگہ پر بٹھا کر کہیں کہ وہ اسی طرح زور لگائے جس طرح ٹٹی کے وقت لگاتا ہے۔ اس طرح وہ مسّے باہر آجاتے ہیں۔ آپ کسی دوسرے آدمی کی مدد سے مقعد کا ایک کنارہ کھچوائیں۔ دوسرا کنارہ خود کھینچیں اور مسّوں کو انگوٹھے کے زور سے باہر کھینچ کر دوائی لگائیں ایک دو دفعہ دوائی لگنے سے مسّے باہر آجائیں گے۔ اور باہر ہی رہیں گے۔ پھر اندر نہیں جائیں گے۔ روزانہ پہلی دوائی خوب صاف کرکے دوسری دوائی لگایا کریں۔ جب سات دن دوائی لگ جائے تو پھر دوائی بند کردیں۔ اور یہ پلٹس اوپر باندھیں۔

نسخہ پلٹس

آٹا پاؤ۔ گھی ۵ تولہ اور پانی اکٹھے ملا کر آگ پر رکھدیں۔ جب حلوے کی طرح پک جائے۔ تو اتار کر مسّوں پر باندھیں۔ گھی بھی لگاتے رہیں۔ دن رات میں چار یا پانچ دفعہ پلٹس باندھا کریں۔ ایک ہفتہ کے اندر اندر تمام مسّے گر جائیں گے۔ جب مسّے گر جائیں تو صرف گھی جلا کر لگاتے رہیں۔ پانی گرم میں بورک ایسڈ ملا کر یا نیم کے پتے جوش دے کر پاخانہ کے بعد ہاتھ صاف کیا کریں۔ زخم جلد درست ہو جائیگا

سیف قاطع نمبر ۲

سم الفار سفید ۲ تولہ۔ رسکپور ۲ تولہ جو کوٹ کرکے ایک پیالہ میں ڈالکر دوسرا پیالہ اوپر دے کر دونوں کا منہ گوندھے ہوئے آٹے سے اچھی طرح بند کردیں اور آگ پر رکھدیں۔ آگ نہایت معمولی ونرم ہوتی

چاہیئے۔ اوپر والے پیالے پر کپڑا بھگو کر رکھتے ہیں۔ تقریباً دو گھنٹہ میں جوہر اڑ کر اوپر والے پیالہ پر لگ جائیگا۔ اتار کر ٹھنڈا کرکے اوپر والے پیالہ سے جوہر اتار کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ارتی جوہر لے کر کڑوے تیل میں ملا کر مسّوں پر لگاویں پھر آگ پر بیٹھ کر سینک دیں۔ اسی طرح صبح وشام لگاتے رہیں۔ ایک ہفتہ کے بعد وہی آٹا والی پلٹس جس کا ذکر نمبر ۱ میں آیا ہے۔ باندھیں اسی طرح مسّے گرنے کے بعد گھی جلا کر لگاتے رہیں۔ زخم درست ہو جائیگے بھگندر پھوڑا میں جوہر مذکور کو تیل میں ملا کر سوراخ میں داخل کریں۔ ایک دو روز میں منہ کھل جائے گا۔ ایک ہفتہ میں بالکل سیاہ ومردہ ہو جائیگا۔ پھر آٹا والی پلٹس باندھیں۔ پانچ سات روز میں سب بھگندر گر جائیگا۔ پھر گھی جلا کر لگاتے رہیں۔ زخم درست ہو جائیں گے۔

فوائد:۔ بواسیر کے مسے جب صرف باہر ہی ہوں تو یہ جوہر استعمال کرنا چاہیئے۔ ناسور وبھگندر وبواسیر کے لئے جس طرح سیف قاطع نمبر ۱ مفید ومجرب وبے مثال ہے اس طرح یہ جوہر بھی لاثانی ہے۔ ایک ہفتہ لگانے سے مسے بالکل سیاہ ومردہ ہو کر گر جاتے ہیں۔ بھگندر چاہے کتنا بڑا، خراب ہو۔ بشرطیکہ گر جاتا ہے۔ بھگندر کے سوراخ میں سلائی کے ساتھ دوائی اندر داخل کردیں۔ اور اوپر بھی لگادیں۔ ہزارہا بار آزمایا ہوا نسخہ ہے۔ سورج مشرق کی بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے۔ مگر یہ دونوں نسخے خدا کے فضل سے کبھی خطا نہیں کرتے۔

نوٹ:۔ بواسیر وبھگندر کے دوران علاج میں مریض کو رات کے وقت کوئی قبض کشا دوائی دیتے رہیں۔ تاکہ پاخانہ سخت نہ آوے

تکمید مجلوق

برادہ دندان فیل	مغز نارجیل	مالکنگنی	انبہلدی	تیل سیاہ
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

مغز بنولہ	مغز گھونگچی سفید	گندوئے یعنی خراطین خشک
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

عاقرقرحا	اجوائن خراسانی	تخم کسنبہ	پوست جوزکز سفید
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تو

سٹھانیلہ	بیربہوٹی	بلادہ بکلہ	ناگیسر	لونگ
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ

تخم سویا	دارچینی	ہالون	کلونجی	مغز تخم کوکنج	مایہ قشر اعرابی
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

کوٹ چھان کر ایک ایک تولہ کی پوٹلیاں بنا دیں۔ کپڑا ململ کا ہونا چاہیئے۔

ترکیب استعمال:۔ دو پوٹلی روزانہ لے کر بھیڑ یا بھینس کے ابلتے ہوئے دودھ میں ڈال دیں اور ایک ایک پوٹلی لے کر عضو مخصوص پر ٹکور کریں جب پوٹلی سرد ہو جائے۔ تو دوسری لے لیں۔ اسی طرح آدھ گھنٹہ ٹکور کریں دس روز ٹکور کرنے کے بعد طلاء مجلوق استعمال کریں جو کہ اسی کتاب میں درج ہے۔ پھر طلاء سائیں بخش استعمال کریں۔

کھانے کے لئے اگر مریض کا ہاضمہ خراب اور قبض وغیرہ ہو۔ تو پہلے اس کا علاج کریں۔ اگر ہاضمہ درست ہو اور مریض کو جریان و احتلام ہو۔ تو پہلے سفوف احتلام یا کوئی اور نسخہ اسی کتاب میں سے دیکھ کر دیں۔ اس

کے بعد بہار جوانی یا دوسرا مقوی معجون و گولیاں دیں۔ مجلوق کا فوری علاج ہے۔ اور گئے گزرے نامردوں کے لئے آبحیات ہے۔

بچھو کاٹے کا مجرب علاج

ست لیموں۔ پوٹاش پر میگنیٹ دونوں کو الگ الگ پیس کر علیحدہ شیشی میں رکھیں۔ بوقت ضرورت تھوڑی تھوڑی دوا ڈنگ پر چھڑکیں۔ اگر جگہ خشک ہو۔ تو ذرا سا پانی ملا کر ڈنگ پر لگا دیں۔

فوائد:۔ بچھو کے کاٹے کا مجرب علاج ہے۔

سفلس پلز

بلیلہ سیاہ	شنگرف رومی	توتیا گجراتی	جمالگوٹہ مدبر	سم الفار سفید
۲ تولہ	۲ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۱ تولہ

سم الفار زرد	رسکپور	فارچکنا	ہڑتال ورقیہ	دانہ الائچی
۶ ماشہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ

خورد	لونگ	کتھ سفید
	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ

تمام دواؤں کو نہایت باریک پیس کر دو صد لیموں کے پانی میں کھرل کر کے دو دو رتی کی گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک گولی صبح و شام حلوا میں رکھ کر نگل لیں۔ گھی حلوا میں خوب ہونا چاہیئے۔ گولی کھانے سے پہلے بھی حلوا کھا لیں گولی چنے کے برابر ہوتی ہے۔

فوائد:۔ آتشک کے لئے خاص چیز ہے۔ اس کے علاوہ دھدر۔ چنبل خارش۔ جذام اور تمام سوداوی امراض میں مفید ہے۔

نوٹ:۔ گولیوں کے دوران استعمال میں کھٹی و تیل والی چیزیں و گوشت نہ کھائیں۔ گھی کا استعمال زیادہ رکھیں۔

ایک ہفتہ کے بعد ایک دن گولیاں چھوڑ دیں۔ دو ہفتہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے۔

نئی جوانی   مفرح سائیں بخش   نئی طاقت

مروارید ناسفتہ	یاقوت	مرجان	کہربا	زمرد سبز	عقیق سرخ
۹ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ

یشب سبز ۹ ماشہ لاجورد مغسول ۹ ماشہ سب کو عرق کیوڑہ عرق بید مشک میں کھرل کرکے باریک سفوف بنا دیں۔

گاؤزبان	گل گاؤزبان	بہمن سرخ	بہمن سفید	ابریشم مقرض
۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ
شقاقل مصری	ثعلب مصری	لونگ	مصطگی رومی	تودری سفید
۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ
تودری سرخ	دارچینی	تخم سردالی	چوب چینی	صندل سفید
۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۴ تولہ	۹ ماشہ
صندل سرخ	ککرا	تخم خشخاش سفید	مغز پستہ	
۹ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ	

تخم بلیون ۹ ماشہ تمام دوائیں باریک پیس کر پہلی دوائی میں ملا دیں

پھر زعفران ۱ تولہ مشک خالص ۳ ماشہ عنبر اشہب ۲ ماشہ روح کیوڑہ میں باریک کھرل کرکے الگ رکھیں۔ پھر ترنجبین ۲۵ تولہ شہد خالص ۲۵ تولہ کھانڈ کا پانی ملا کر قوام کریں۔ جھاگ اچھی طرح اتار دیں۔ آخر قوام میں زعفران و مشک والی دوائی ملا دیں۔ پھر اتار کر باقی تمام دوائیں ملا دیں۔ اور ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ ورق سونا ۲ ماشہ ایک ایک کرکے ملا دیں پھر روغن چرس اضافہ کرکے رکھ دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۳ ماشہ صبح ہمراہ دودھ گائے۔

فوائد:۔ میں نے بہت سے رؤسا کو یہ نسخہ تیار کرکے دیا ہے۔ عجیب و غریب چیز ہے۔ دل، دماغ۔ گردہ۔ مثانہ و اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ قوت باہ کے لئے خاص اور بے نظیر نسخہ ہے۔ امساک کے لئے خاص تحفہ ہے۔ تفریح بھی پیدا کرتا ہے۔ اور امساک کو بھی طاقت دیتا ہے۔ اور مستی بھی عجیب قسم کی پیدا کرتا ہے۔ صحیح چیز تو یہ ہے کہ اس کے فوائد وہی شخص سمجھ سکتا ہے۔ جس نے کبھی یہ نسخہ کھایا ہو۔ روغن چرس کی ترکیب ذیل میں درج ہے۔

ترکیب روغن چرس جو اس مفرح

میں شامل ہوتا ہے۔ چرس ۵ تولہ لے کر دو سیر دودھ میں حل کرکے جوش دیں۔ پھر ذرا ٹھنڈا کرکے خامن لگا کر دہی جما دیں صبح مکھن نکالیں اور گرم کرکے گھی نکالیں۔ یہی روغن چرس ہے۔

اکسیر ضیق

قند سیاہ	تمباکو کڑوا	نمک سونچر	نمک سیندھا	نوشادر	سہاگہ
پاؤ پختہ	پاؤ پختہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

آک کے آدھ سیر زرد پتے۔ پتوں کے علاوہ باقی تمام دواؤں کو پانی میں پیس کر پتوں پر لیپ کریں۔ اور ایک مٹی کے برتن میں گل حکمت کرکے جلالیں۔

ترکیب استعمال :۔ اس کی معجون دمہ ۶ ماشہ میں ملا کر شربت دمہ ۲ تولہ کے ساتھ صبح و شام کھالیا کریں۔

فوائد :۔ بلغمی دمہ و کھانسی۔ بلغمی پرانی کے لئے نہایت مفید ہے۔

معجون زرقی

تخم کاسنی	گلِ سرخ	ملٹھی مقشر	رب السوس	مغز خیارین
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

عصارہ افسنتین	پوست ہلیلہ زرد	ماذریون مدبر	ترنجبین	کھانڈ
۳ تولہ	۷ تولہ	۵ تولہ	ادھ سیر	ادھ سیر

مغز املتاس ۲۰ تولہ۔ پہلے املتاس و ترنجبین گرم پانی میں حل کرکے چھانی میں چھان لیں۔ پھر کھانڈ ملا کر قوام کریں۔ پھر اتار کر باقی دوائیں کوٹ چھان کر ملادیں۔

ترکیب استعمال :۔ ۶ ماشہ صبح و شام شربت دردہ ۲ تولہ کے ساتھ دیں۔ شربت دردہ اس طرح بنادیں۔

ایک سیر گل سرخ لے کر رات کو بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کرکے تین پاؤ کھانڈ ملا کر شربت بنادیں۔

نقوع ملین

آلو بخارا	املی	پوست ہلیلہ زرد	تخم کاسنی	گلِ سرخ
۲۰ دانہ	۱۰ تولہ	۴ تولہ	۵ تولہ	۱۰ تولہ

رات کو گرم پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح ملے تین حصہ کریں اور صبح دو پہر و شام بجے کھانڈ ملا کر مریض کو پلادیں۔

فوائد :۔ یرقان زرد میں صفرا کو نکالنے قبض کو دور کرنے اور سدہ کھولنے کے لئے بارہا کا مجرب ہے۔ اس کے بعد شربت سرد و سرد نقوع اور سدہ کو کھولنے والی دوائیں دیں۔ ۳ پاؤ کھانڈ ملا کر شربت بنادیں۔ فوائد استسقاء زقی :۔ کہ وہ مریض جن کا رنگ زرد پیاس و گرمی کی زیادتی ہو۔ یا مریض کو بخار آتا ہو۔ اس نسخہ کے استعمال سے یقیناً تندرست ہو جاتے ہیں۔ کئی مریضوں پر تجربہ کیا ہوا نسخہ ہے۔

استسقا زقی حار کے لئے قابل اعتماد چیز ہے۔

یہ نسخہ میرے چچا حکیم جگشیر علی خانصاحب نے خاص طور پر عطا کیا ہے

کشتہ حجر الیہود عربی

سنگ یہود ۲ تولہ لے کر باریک کریں۔ اور ایک مٹی کی کلھیہ میں ۱ تولہ بچھادیں۔ اوپر دو عدد بچھو بڑے بڑے رکھ دیں۔ اگر سیاہ ہوں تو بہت بہتر ہے۔ باقی ۱ تولہ حجر الیہود اوپر بچھادیں۔ اور گل حکمت کرکے

پانچ سیر اوپلی کی آگ دیں۔ دوائی تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ارتی دوائی بالائی میں ملا کر کھالیں۔ اوپر سے پوست خربوزہ ۵ تولہ جوش دے کر صاف کرکے کھانڈ ملا کر پی لیں۔

سنگ گردہ و مثانہ وریت اور درد گردہ کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کے واسطے نہایت مجرب واکسیر ہے۔ درد گردہ کو اسی وقت بند کر دیتا ہے۔ کنکرے وریت تمام خارج ہو جاتے ہیں۔

عرق مصفی خون

گل منڈی۔ مہندی کے پتے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ افسنتین۔ برگ بانسہ چرائتہ۔ برگ نیم۔ انبر بیل۔ ہلیلہ سیاہ۔ شاہترہ۔ گلو۔ کوڑ۔ صندل سفید صندل سرخ۔ گل سرخ۔ سونف۔ تخم کاسنی۔ پوست ہلیلہ۔ پوست آملہ۔ کشنیز خشک ہر ایک ۵ تولہ پوست نیم ادھ سیر ایک رات دن بھگو کر صبح دس بوتل عرق کھینچیں۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ صبح و شام شربت عناب یا مصفی خون ملا کر صبح و شام پلاویں۔

خون کو صاف کرنے کیلئے بہترین عرق ہے۔ پرانے بخار کے لئے مجرب ہے۔

سفوف کتھ

کتھ سفید	دانہ الائچی کلاں	طباشیر	ندددو	زیرگل سیوتی
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ

ناگرموتھا	کباب چینی	کالی ہڑ	لجاتن کا پھل	سیاہ تج
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۶ ماشہ

مغز المتاس ۸ ماشہ۔ خشک باریک پیس کر منہ میں چھڑکا کریں۔

فوائد: پرانے قلاع (یعنی منہ میں دانے پھنسیاں وغیرہ کا نکل آنا) کے لئے مجرب ہے۔ پوست درخت کچنال ۱ تولہ پوست درخت سرس ۱ تولہ پوست درخت جنگلی بیری ۱ تولہ پوست خشخاش ۵ عدد جوش دے کر کلیاں کرنا۔ رسکپور سے منہ آنے کے لئے مجرب ہے۔

جواہر مہرہ

مشک خالص	ورق چاندی	ورق سونا	عنبر اشہب	موسیائی خالص
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۶ ماشہ

زمرد سبز	کہربا شمعی	ابریشم جلایا ہوا	مروارید ناسفتہ	یاقوت رمانی
۶ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

جدوار جنیمی	یشب سبز	دندان فیل سوختہ	بارہ سنگھا جلایا ہوا
۱ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ	۶ ماشہ

مرجان ۲ تولہ۔ نارجیل دریائی ۱ تولہ سب کو الگ الگ پیس کر روح کیوڑہ سے خوب کھرل کریں۔ پھر مشک و عنبر ملا کر کھرل کریں۔ پھر ورق ملا کر اتنا کھرل کریں کہ سرمہ کی مانند ہو جائے۔

ترکیب استعمال: ۲ چاول سے ارتی تک دواء المسک ۶ ماشہ میں ملا کر دیں۔

فوائد: دل و دماغ، روح اور حرارت عزیزی کو طاقت دینے کیلئے خاص

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

تحفہ ہے۔ خفقان وحشت بغشی۔ بیماریوں کے بعد کی کمزوری کیلئے اکسیر ہے۔ باہ کو طاقت دیتا ہے۔ اور اتنی مقوی چیز ہے کہ اگر مرتے ہوئے انسان کو ایک خوراک دیدی جائے تو وہ ایک دفعہ ضرور باتیں کرنے لگتا ہے ہر مطب میں تیار رہنا چاہیے۔

ضماد ورم پستان

مویز منقیٰ ۲ تولہ کشمش ۲ تولہ مغز بادام ۲ تولہ پانی کے ساتھ پیس کر نیم گرم پستان پر لیپ کریں۔

فوائد:- پستان میں ورم ہوتے ہی ایک دو روز میں اگر اس لیپ کو استعمال کیا جائے تو فوراً ورم کو تحلیل کر دیتا ہے۔ کئی عورتوں پر آزمایا ہوا ہے۔

شربت السی

السی ایک پاؤ لے کر کوٹ کر رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیکر صاف کرکے ۲ پاؤ کھانڈ ملا کر شربت بنا دیں۔

ترکیب استعمال:- ۲ تولہ تھوڑا سا پانی ملا کر پلا دیں۔

فوائد:- قے جو کثرت آرہی ہو اور کسی صورت سے بند نہ ہو تو یہ شربت استعمال کرنے سے قے رک جاتی ہے۔ دیر کو بھی مفید ہے۔

نسخہ قے

سونف	پودینہ	آلو بخارا	لونگ	نیم کی باریک شاخیں	دانہ الائچی
۶ ماشہ	۳ ماشہ	۵ دانہ	۱ ماشہ	۷ عدد	۳ ماشہ

گلقند ۲ تولہ جوش دے کر صاف کرکے سکنجبین سادہ ۲ تولہ یا کھانڈ ملا کر پلانا قے کو فوراً روکتا ہے۔

حب ہیضہ

کافور	پوست جڑ آک	کالی مرچ	لیموں کاغذی کے بیج	مصبر زرد
۶ ماشہ	۵ دانے	۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ

ہینگ خالص	پتیس ولایتی	نارجیل دریائی	مرکی	زعفران
۳ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ

ست پودینہ ۶ ماشہ سب کو پیس کر آب ادرک میں ملا کر گولیاں چنے کے برابر بنا دیں۔

ترکیب استعمال:- ہر اسہال کے بعد ایک گولی عرق گلاب کیساتھ دیں۔ ہیضہ وبائی کے دنوں میں میں نے یہ گولیاں بکثرت استعمال کیں اور نہایت مفید ثابت ہوئیں۔

حب ملار

آکھ کی کلیاں	کالی مرچ	نمک طعام	لونگ	جواہر نوشادر
۶ تولہ	۳ تولہ	۲ تولہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ

چونا ان بجھا (آہک آب نا رسیدہ) ۳ ماشہ افیون ۱ ماشہ سب کو پیس کر ادرک کے پانی میں ۱۲ گھنٹے کھرل کریں۔ پھر ۲۴ گھنٹے لیموں کے پانی میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں

ترکیب استعمال:- دو دو گولی چار چار گھنٹے کے فاصلے سے دو دفعہ

دیں۔ ہمراہ عرق گلاب ۵ تولہ

فوائد:۔ ہیضہ کی آخری حالت میں جب کہ بدن سرد ہو۔ تشنج ہو رہا ہو اور دست و قے کسی صورت میں بند نہ ہوں۔ یہ گولیاں استعمال کریں۔

عرق فولاد

سبز گھیکوار ۴ سیر — ادرک سبز پاؤ پختہ — برادہ فولاد پاؤ پختہ — پلاناگرہ ۱ سیر — کالی مرچ ۳ تولہ — گمیاں ۳ تولہ

چھوٹی الائچی ۳ تولہ — جائفل ۳ تولہ — ناگرموتھا ۳ تولہ — دارچینی ۲ تولہ — بالچھڑ ۳ تولہ — اذخر ۳ تولہ

(کھوی) تخم کرفس ۳ تولہ — انیسوں ۳ تولہ — اجوائن ۳ تولہ — آب مکوہ سبز مروق ۱ سیر — آب

کرچھڈی سبز مروق ۱ سیر — آب مولی سبز مروق ۱ سیر — آب کاسنی سبز مروق ۱ سیر

آب کسونڈی سبز مروق ۱ سیر — عرق گلاب ۲ سیر — عرق مکوہ ۲ سیر } سب دوائیں کوٹ کر بعد

عرق و دیگر پانیوں کے ایک مٹی کے پرانے مٹکے میں ڈالیں۔ اور زمین میں دبا دیں۔ دس روز بعد نکالیں۔

ترکیب استعمال:۔ روزانہ اس میں سے ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک پی لیا کریں۔

فوائد:۔ ضعف جگر۔ استسقا۔ سوء القنیہ کے لئے بہت مفید ہے زرد رنگ کو سرخ کر دیتا ہے۔ غذا خوب ہضم کرتا ہے۔ اس کے استعمال

سے بھوک زیادہ لگتی ہے۔ جسم کو طاقت دیتا ہے۔ استسقا کے بعض مریضوں میں تو انتہائی مفید ثابت ہوا ہے۔

حب طحال

نوشادر ۱ تولہ — سہاگہ ۱ تولہ — نوڈبجی ۱ تولہ — ہیرا کسیس سب کا ۱ تولہ

پیس کر مویز منقی میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک گولی صبح و شام دیں۔

فوائد:۔ چھوٹے بچوں کو جو کڑوی دوائی نہیں پیتے یہ گولیاں استعمال کرا دیں۔ تلی بڑھی ہوئی کو اصلی حالت پر لے آتی ہیں۔ تاپ تلی کے مریض بچوں کے لئے مجرب ہیں۔

حب اٹھراء

کالی مرچ ۳ ماشہ — سہاگہ ۳ ماشہ — ہلدی ۳ ماشہ — کرفس ۳ ماشہ — اجوائن خراسانی ۳ ماشہ — ادرک سبز ۳ ماشہ

چنے بھنے ہوئے ۳ ماشہ — چھوارے ۶ ماشہ — حرمل ۶ ماشہ — تخم کشوث ۶ ماشہ — گندھک آملہ سار ۶ ماشہ

اندر جو شیریں ۶ ماشہ — تخم سروالی ۶ ماشہ — پوست ہلیلہ ۱ ماشہ — پوست ہلیلہ زرد ۱ ماشہ — پوست آملہ ۱ ماشہ

گندی ورچ ۱ ماشہ — نمک سیاہ ۱ ماشہ — نمک طعام ۱ ماشہ — تج ۱ ماشہ — افیون ۵ ماشہ — زعفران ۱ تولہ

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

باریک پیس کر دانہ مونگ برابر گولیاں پانی کی مدد سے بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک گولی روزانہ صبح ہمراہ پانی حمل کی حالت میں کھلا دیا کریں۔ جب بچہ پیدا ہو۔ تو چوتھا حصہ گولی کا بچہ کو دو ماہ تک دیں۔

فوائد:۔ جن عورتوں کی اولاد مر جاتی ہو۔ اور بچے زندہ نہ رہتے ہوں ان کے لئے یہ گولیاں میری آزمودہ ہیں۔

میں نے کئی ایسی عورتوں پر یہ گولیاں تجربہ کی ہیں۔ جن کے کئی بچے مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو کر فوت ہو گئے تھے۔ ان گولیوں کے استعمال کے بعد خدا کے فضل سے وہ صاحب اولاد ہیں۔ اور دعائیں دے رہی ہیں غریبا اور امرا کے لئے بہترین تحفہ ہے۔ چاول۔ دال ماش و مسور کی دال بینگن۔ گوبھی۔ ساگ سرسوں۔ دہی استعمال نہ کریں۔

علاج مصفیٰ خون

شاہترہ	چرائتہ	سرپھوکہ	منڈی	برہم ڈنڈی	عناب	ہلیلہ سیاہ
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۵ دانہ	۶ ماشہ

عشبہ مغربی ۶ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح صاف کر کے شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلا دیں۔ پندرہ روز تک یہ نسخہ پلا کر مندرجہ ذیل جلاب دیں۔

جلاب نمبر ۱

پھلی کیکر	پوست کچنال	جڑ تر	کنائی خورد معہ جڑ پھل پتے پوست
۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ

جڑ نیم ـ گڑ پرانا ۱۰ تولہ ۱۰ تولہ } سب کو تین سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھا حصہ رہ جائے تو صاف کر کے اس کے سات حصے کریں ایک حصہ روزانہ صبح پلا دیا کریں۔ خوب اسہال ہوں گے۔

فوائد:۔ خون کی تمام خرابیوں کے لئے اکسیر علاج ہے۔ اگر خون کسی صورت ٹھیک نہ ہو اور پھوڑے پھنسیاں۔ داد۔ چنبل۔ خارش آتشک وغیرہ جانے کا نام نہ لیں۔ تو یہ علاج ضرور کریں۔ جلاب ختم ہونے کے بعد کوئی مصفیٰ خون عرق و شربت پلا دیں۔ انشاءاللہ خون بالکل صاف ہو جائے گا۔ اگر کوئی جلدی مرض ہو۔ تو ساتھ ہی مناسب مرہمیں جلد پر لگا دیں۔

حدیدی

ضعف جگر کا یہ وہ نایاب نسخہ ہے۔ جس سے ہزارہا مایوس مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔ یہ وہ نسخہ ہے۔ جس کو ہمارا خاندان تین پشتوں سے استعمال کر رہا ہے۔ بہت سے لوگوں نے بیحد کوشش کی کہ کسی طرح منور تیار کرنے کی یہ ترکیب معلوم ہو جائے۔ مگر کچھ سوائے مایوسی کے کچھ ہاتھ نہ آیا۔ طبیب حیران ہوتے تھے کہ ۴ ماشہ سے لیکر ۱ تولہ تک کشتہ خبث الحدید کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ لیجئے آج حاضر ہے سفوف کے حساب سے ہم یہ تیار کرتے ہیں۔ اور سینکڑوں مریضوں کو استعمال کراتے ہیں۔ ضعف جگر کی بنیاد جڑ سے اکھیڑ دیتا ہے۔

خبث الحدید:۔ یعنی منور لے کر اوپلوں میں رکھ کر جلائیں۔ سرخ ہو جائیگا پھر نکال کر پانی سے دھو کر کوٹ کر مٹی کے برتن میں ڈال دیں۔ اور

غلغلوں کا پانی ۔ جامن کا پانی ۔ لیموں کا پانی ۔ ہاتھی سنڈی بوٹی کا پانی کچی
لسی ۔ سرکہ ۔ ترپھلا کا پانی ۔ جو چیز ان میں سے ملے ۔ اور جس چیز کا موسم
ہو ۔ اس کوٹے ہوئے سنور میں ڈالتے رہیں ۔ ایک سال کے بعد اس سنور
میں سے جتنا ضرورت ہو نکال لیں اسے پیکر ایک لوہے کی کڑاہی میں
ڈال دیں ۔ اور لوہے کے گول بٹے یا مضبوط پتھر کے بٹے سے دہی ڈال
کر صبح سے شام تک رگڑتے رہیں ۔ جب دہی کم ہونے لگے ۔ تو اور ڈال
دیں ۔ چار روز اسی طرح رگڑتے رہیں ۔ یہاں تک کہ وہ سرمہ کی مانند ہو جائے
پھر ایک روز گو دہ گھیکوار میں رگڑیں ۔ پھر ایک دن سرکہ خالص میں رگڑیں
پھر کڑاہی کو آگ پر رکھ دیں ۔ اور ہلاتے رہیں ۔ جب بالکل خشک ہو جائے تو دو
گھنٹہ اور کڑاہی آگ پر رکھیں پھر اتار کر خوب باریک پیس کر رکھ لیں ۔

ترکیب استعمال :۔ ۳ ماشہ سے شروع کریں اور ۶ ماشہ تک
پہنچائیں ۔ صبح ۳ ماشہ لے کر مکھن میں مریض کو کھلا دیں اور آدھ گھنٹہ ٹھہر
کر دہی کا توڑ یعنی ادھرڑ کا آدھ سیر پلا دیں ۔ شام کو ترپھلا بھگو کر دوسرے
دن شام کو صبح پی لیا کریں ۔ اور اسی وقت پھر بھگو دیا کریں ۔

فوائد :۔ ضعف جگر ۔ جوڑ ۔ تلخشتون ۔ مولد خون دواؤں اور دیگر
تمام دواؤں کو فیل کر چکا ہے ۔ اس کے استعمال سے دور ہو جاتا
ہے ۔ زرد رنگ سرخ ہو جاتا ہے ۔ دل کا دھڑکنا ۔ سانس پھولنا
چکر آنا ۔ بدن کی سوجن ۔ ہونٹوں کی سفیدی وغیرہ ضعف جگر کے تمام
عوارضات دور ہو جاتے ہیں ۔ قوت باہ کی کمزوری اور سرعت
جو اس مرض کو لازم ہوتا ہے ۔ دور ہو کر وہ طاقت پیدا ہوتی ہے ۔ جو
مریض کو تندرستی کی حالت میں بھی میسر نہیں تھی ۔ اگر اس میں کشتہ چاندی

کشتہ عقیق	کشتہ مرجان	کشتہ فولاد	کشتہ سونا	کشتہ قلعی بھی
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۱ ماشہ	۱ تولہ

ملائیں تو حیرت انگیز طور پر مفید ثابت ہوگا ۔

نوٹ :۔ ایک مریض کو آدھ سیر کشتہ دینا چاہیے ۔ اگر معمولی مرض ہو تو
پاؤ کافی ہے ۔ میں تو مریضوں کو رگڑنے کے بغیر ہی دے دیا کرتا ہوں ۔ اور
ساتھ ہی مریض کو رگڑنے کا طریقہ بتا دیتا ہوں ۔

یہ تین نسخے بھی حکیم سید حیدر علیشاہ صاحب کے عطا کردہ ہیں ۔

مرہم داد

الکتھی رول	بورک آئنٹمنٹ منٹ	زنک آئنٹمنٹ منٹ
½ اونس	۲ ڈرام	۲ ڈرام

تینوں کو ملا کر رکھ لیں اور چنبل پر لگا دیں ۔

فوائد :۔ چنبل کے لئے مفید ہے ۔

برتھ کنٹرول

سپٹون ایک انگریزی گولیاں ہوتی ہیں ۔ اگر ایک گولی عورت جائے مخصوص
میں داخل کرکے دو گھنٹہ بعد مرد کے پاس جائے تو
حمل نہیں ٹھہریگا ۔

حب فاسفورس

گولڈ کلورائیڈ	ایکسٹریکٹ دامیانہ	کونین سلفاس	الکوحل
۱ ٹیوب	۳ ڈرام	۳ ڈرام	۲ ڈرام
پل فاسفورس	سٹرکنیا	فرائی سلفاس	مشک خالص
۳ ڈرام	۲۰ گرین	۱ ڈرام	۱ ماشہ
مروارید ناسفتہ	زعفران کشمیری	میگنیشیا کارب حسب ضرورت	
۱ ماشہ	۳ ماشہ	سب کو نہایت باریک پیس کر	

گولیاں چنے برابر بنا دیں۔

خوراک:۔ ۱ گولی روٹی کے بعد ہمراہ دودھ

فوائد:۔ قوت باہ میں ہیجان پیدا کرنے کیلئے مجرب ولاثانی ہے۔ اتنا جوش پیدا ہوتا ہے۔ کہ برداشت کرنا مشکل ہوتا ہے۔

یہ پانچ نسخے میرے دوست ڈاکٹر نبی بخش صاحب

ایم۔ ڈی۔ ایچ۔ چوک لیاقت منٹگمری مہاجر فیروزپوری نے عطا کئے ہیں

چونا ان بجھ   سجی سہ ہاڑہ   تیزاب گندھک اتنا ملا دیں۔ کہ جس میں دوائیں

۲ ماشہ   ۲ ماشہ ۱   تر ہو کر مرہم کی شکل اختیار کرلیں۔

ترکیب:۔ ذرا سا روئی کے ساتھ لگا کر مسوں پر لگا دیں۔ احتیاط رہے کہ دوائی صرف مسے پر لگے۔ دوسری جگہ نہ لگے۔

فوائد:۔ ان مسوں کیلئے جو چہرے یا ہاتھ پاؤں یا بدن پر نکل آتے ہیں۔ اکسیر اور مجرب المجرب نسخہ ہے۔

نسوار بجلی

چاول ساٹھی ایک پاؤ لے کر آک کے دودھ میں اتنا تر کریں۔ کہ دو انگلی دودھ اوپر رہے۔ پھر گل حکمت کرکے جلالیں۔ پھر لوٹا ہی پر سیگنیٹ ۱ تولہ ملا دیں اور حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ بطور نسوار لیں۔

درد شقیقہ کے لئے مخصوص نسخہ ہے۔ نزلات دماغی کو خارج کرکے سر ہلکا کرتی ہے۔ زکام کے لئے مجرب ہے غرضیکہ بلغم کو سر سے نکالنے کے لئے بہترین تحفہ ہے۔

مرہم سبز

بہروزہ تر	زنگار	نیلا تھوتھا بریان	مردار سنگ	رال	مشک کافور
۲۰ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ	۶ ماشہ

پہلے بہروزہ کو گرم کرکے کپڑا میں چھان لیں۔ پھر باقی دوائیں باریک پیس کر اس میں ملا دیں۔ اور یکصد بار پانی سے دھو ڈالیں۔ مرہم تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ پھاہے کے ساتھ لگا دیں۔

فوائد:۔ پھوڑے پھنسیوں ہر قسم کے لئے نہایت مفید مرہم ہے۔

کالی مرہم

پارہ   گندھک کو کھرل کرکے کجلی بنا دیں پھر   رال   مشک کافور   سیندور

۱ تولہ   ۱ تولہ   ۶ ماشہ   ۶ ماشہ   ۶ ماشہ

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

نیلا تھوتھا بریاں زنگار رسکپور کتھ سفید سپاری جلائی ہوئی
۶ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۶ ماشہ ۲ تولہ

سب کو باریک پیس کر کھرل میں ملا دیں۔ پھر موم ۱۰ تولہ، بہروزہ خشک ۵ تولہ روغن زرد ۲۰ تولہ۔ پہلے موم بہروزہ و روغن زرد کو گرم کر کے تیل بنا دیں۔ پھر باقی باریک شدہ دوائیں ملا کر مرہم تیار کریں۔

ترکیب استعمال:۔ بطور مرہم کپڑا پر لگا کر پھوڑے پر لگا دیں۔

فوائد:۔ ہر قسم کے پھوڑے پھنسی زخم کے لئے مجرب ہے۔ آتشکی زخموں کے لئے بھی مفید ہے ؛

دھدرین

الیسڈ سیلی سلک	ایسڈ کرائی سوفونک	نیلا تھوتھا	بورک ایسڈ
۱۰ گرین	۵ گرین	۱۰ گرین	۱ ڈرام
کاربالک ایسڈ	ایسٹک ایسڈ (تیزاب سرکہ)	موم ۲ تولہ	ویزلین
۳۰ منم	۳۰ منم		۵ اونس

ملا کر مرہم تیار کریں۔

فوائد:۔ داد۔ چنبل۔ خارش کے لئے تیر بہدف و مجرب ہے۔

حب افسنتین

افسنتین	نوشادر	مرچ سیاہ	سوہاگہ یا بائیکارب	ہینگ
۱ تولہ	۶ ماشہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ

سب کو باریک کر کے عرق سونف یا پانی کی مدد سے چنے برابر گولیاں بنا دیں

ترکیب استعمال:۔ دو دو گولی روٹی کے بعد ہمراہ پانی۔

فوائد:۔ جسم کو ریح سے خارج کرنے کے لئے خاص تحفہ ہے۔ جسم میں جگہ بجگہ ریح کی دردیں اس سے دور ہو جاتی ہیں۔ بلغم جگر ہضم کی خرابی۔ نفخ کیلئے مجرب ہے۔

اکسیر سانپ گزیدہ

ریٹھا کا چھلکا ۶ ماشہ لے کر سردائی کی طرح گھوٹ کر بغیر چھانے پلا دیں فوراً قے اور اسہال کے ذریعہ زہریلا مادہ خارج ہونا شروع ہو جائیگا۔ پندرہ منٹ بعد اسی طرح ۶ ماشہ چھلکا ریٹھہ پانی پاؤ بھر میں پیس کر پلا دیں اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں۔ جب تک کہ مریض سردائی کو کڑوا نہ محسوس کرے۔ جب کڑوا معلوم ہو۔ تو پھر مریض خوب گھی کا استعمال کرے

فوائد:۔ سانپ کی زہر دور کرنے کیلئے مجرب ہے۔ نہایت مفید و تجربہ شدہ نسخہ ہے ؛

روغن مغربی

آئل آف کلوویز	آئیل آف یکجوپیٹ	آئیل آف جونیپر	ایرومیٹک
۵ بوند	۵ بوند	۵ بوند	

سلفیورک ایسڈ ۱۰ بوند۔ سپرٹ ایتھرس ۳۰ بوند سبکو ملا کر رکھ لیں ہیضہ کے لئے اکسیر ہے۔

ترکیب:۔ ایک ڈرام ایک اونس پانی میں ملا کر ہر آدھ گھنٹہ بعد دیں لیکن آٹھ خوراک سے زیادہ نہ دیں۔

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

بہت بری و شدید قسم کے ہیضہ میں آدھا آدھا ڈرام آدھے اونس پانی میں ملا کر ہر پندرہ منٹ بعد دیں۔

فوائد:۔ ہیضہ غذائی و دوائی بدہضمی کے لئے اکسیر سے کم نہیں۔ معمولی قے و اسہال جو بدہضمی میں ہو جاتے ہیں۔ ایک ہی خوراک میں ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ ہر طبیب کو اپنے مطب میں رکھنا چاہیے۔

ضماد مجلوقاں

سم الفار زرد ۳ ماشہ، سم الفار سرخ ۳ ماشہ، سم الفار سفید ۳ ماشہ، ہڑتال ورقیہ ۳ ماشہ

پارہ ۳ ماشہ، شنگرف ۳ ماشہ، مینجل ۳ ماشہ، سب کو آمیز کر کے ۱۰ تولہ دودھ میں کھرل کرکے

گولیاں بنادیں۔ ایک گولی پانی میں گھس کر چھوٹی انگلی کے برابر پٹی پر لگا کر عضو کے پچھلی طرف تھوڑی سی جگہ چھوڑ کر لگا دیں۔ حشفہ و سیون بچا کر لگا دیں۔ جب زخم ہو جائے تو پھر یہ تیل لگا دیں۔

میٹھا تیل ۵ تولہ، لونگ ۶ ماشہ، جائفل ۶ ماشہ، جاوتری ۶ ماشہ، باریک پیس کر میٹھا تیل میں ملا کر زخم پر لگا دیں۔

فوائد:۔ مجلوقین اور ان نامردوں کے لئے جن کو کسی دوائی سے آرام نہ ہو۔ ان کیلئے اکسیر ہے۔

پوٹلی آنکھ

پوست ہلیلہ زرد ۱ ماشہ۔ پوست بہیڑا ۱ ماشہ پوست آملہ ۱ ماشہ

پھٹکڑی بریاں ۱ ماشہ، انبہ ہلدی ۱ ماشہ، سیدہ لکڑی ۱ ماشہ، لودھ پٹھانی ۱ ماشہ، کافور ۱ ماشہ

سب کو پیس کر گودہ گھیکوار میں ملا کر پوٹلی بنا دیں۔ اور پوست خشخاش کو بھگو کر اس پانی میں پوٹلی تر کر کے آنکھوں پر پھیرتے رہیں۔

فوائد:۔ آئی ہوئی آنکھ کی سرخی و درد و پانی کم کرنے کے لئے نہایت آزمودہ ہے۔

حب آشوب چشم

پھٹکڑی بریاں ۳ تولہ، رسوت ۲ ماشہ، افیون ۱ ماشہ، سب کو پیس کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔

جب گاڑھا ہو جائے تو اتار کر گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی گھس کر آنکھ پر لیپ کریں۔ ایک دو قطرہ آنکھ میں بھی ٹپکائیں۔

فوائد:۔ آنکھ دکھنے کے لئے مجرب ہے۔ سرخی۔ درد۔ سوجن جلد ختم ہو جاتے ہیں۔

معجون مصفّی

پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ، پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ، آملہ خشک ۱ تولہ، ملٹھی مقشر ۱ تولہ

شاہترہ ۱ تولہ، گل منڈی ۱ تولہ، کوٹ چھان کر ہلیلہ جات کے پوست کو گھی سے چرب کر کے آدھ سیر کھانڈ کا قوام کر کے ملا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱-۱ تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ یا عرق شاہترہ

کھا لیا کریں۔

فوائد:۔ پرانے آشوب چشم اور بار بار آنکھ آنے کیلئے مجرب ہے۔

یہ تین نسخہ جات میرے دوست حکیم محمد رمضان حسن صاحب صابری سند یافتہ طبیہ کالج دہلی منٹگمری رشید حکیم محمد احمد صاحب و حکیم فرید احمد صاحب نے عطا کئے ہیں۔ عباسی

سفوف مراق

نمک برگ کنیر	کریم آف ٹارٹار	ست گلو خانہ ساز	نمک مرگانگ
۱تولہ	۱تولہ	۱تولہ	۹ماشہ
لاجورد مغسول	کشتہ ابرک سیاہ	الائچی خورد	چھوٹی چندن
۱تولہ	۹ماشہ	۱تولہ	۲تولہ
طباشیر اصلی	افیون	زعفران	کشتہ سنگ یشب
۲تولہ	۱۲ماشہ	۳ماشہ	۲تولہ

سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ماشہ سے ۲ماشہ تک صبح آدھ پاؤ دودھ کا ماء الجبن تیار کرکے شربت احمد شاہی ۲تولہ ملا کر پلا دیں دودھ روزانہ ۲، ۲ تولہ بڑھاتے رہیں۔

تنقیہ ضرور کریں۔ اور ۲۱ روز ماء الجبن کریں۔ مالیخولیا مراقی کے لئے مجرب ہے۔

سفوف دمہ

سنکھیا سفید۔ نمک چرچٹہ۔ نمک تمباکو۔ بیخ چھار اجوائن۔ ہلدی

۱تولہ ۱۲ماشہ ۹ماشہ ۳تولہ ۱تولہ

ایک جنگلی کیمو تر سے کر اجوائن کو نمکوب کریں۔ اور کیمو کا شکم چاک کرکے اس میں آدھی اجوائن بھر دیں۔ پھر آدھی ہلدی ڈال دیں۔ پھر نمک چرچٹہ و نمک تمباکو ملا کر اس ڈلی پر رکھ دیں۔ اور پھر باقی ہلدی و اجوائن اسی ترکیب سے اس پر ڈالیں پھر مٹی کے برتن میں گل حکمت کرکے آدھ سیر اوپلوں کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکالیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱رتی سے ۲رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔ دمہ کے لئے مجرب ہے۔

حب جریان

تخم کرنس سفید	عصارہ برگ برگد	کشتہ شفت	کشتہ مرگانگ
۵تولہ	۲تولہ	۱تولہ	۱تولہ
جند بیدستر	تخم بھنگ	کندر	جفت بلوط۔ سلاجیت اصلی
۵ماشہ	۲تولہ	۱تولہ	۱تولہ ۹ماشہ

ان سب کو باریک پیس کر شیر برگد ۲۰تولہ میں کھرل کرکے جنگلی بیر برابر گولیاں بنا دیں۔ مناسب بدرقہ سے استعمال کریں۔

ترکیب استعمال:۔ دو گولی صبح و شام۔ جریان کے لئے مجرب ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

حکیم صاحب فرماتے ہیں۔ کیونکہ یہ نسخہ جات عرصہ دراز سے میرے
اور میرے بزرگوار حکیم حافظ محمد خان نواز صاحب ننگری کے معمولات سے
ہیں۔ اور جن امراض کے لئے یہ دیئے جاتے ہیں ان کیلئے از حد مفید ہیں
یہ تقریباً چالیس کے عرصے تجربہ ہو رہے ہیں ان میں سے دو نسخے
میری کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ تجربہ ان کی اصلیت کو خود عیاں کرے گا۔

دوائے سوزاک

ماجو۔ کشتہ سفید۔ لوبان کوڑیا۔ مرجان باریک پیس کر روغن صندل ملا کر
۲ تولہ ۳ تولہ ۲ تولہ ۱ ماشہ ۴ تولہ
رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ شوربہ گوشت جو
مندرجہ ذیل ترکیب سے بنایا ہوا ہو۔ دیا کریں۔
گوشت پاؤ چھٹانک کر ۱ تولہ گھی میں بریان کریں۔ لہسن پیاز و مرچ
سرخ نہ ملائیں۔ نمک حسب ضرورت شامل کریں۔ پھر پانی ڈال کر شوربا
بنا دیں اور پلا دیں۔ جب مریض کو صحت ہو جائے تو شربت انجبار
۴، ۴ تولہ صبح و شام دیا کریں۔ ایک بوتل شربت کی ختم کریں۔
سوزاک کے لئے جادو ہے۔
پہلے ہی روز بہت سا فائدہ ہو جاتا ہے۔

نسخہ درد دنداں

پوست ریٹھہ ۱۰ دانہ نمک طعام ۳ تولہ کچور ۶ ماشہ پھٹکڑی ۶ ماشہ

کالی مرچ ۶ ماشہ۔ چھلکے ریٹھہ و نمک باریک کر کے مٹی کے آبخورہ میں ڈالیں
اور اس پر دو دو انگل ڈال کر خوب تر کریں اور گل حکمت کر کے جلا لیں۔ پھر باقی
دوائیں باریک پیس کر لیں۔

ترکیب استعمال:۔ بطور منجن دانتوں پر ملا کریں
فوائد:۔ وہ مریض جن کو بعارضہ درد دانت ہوتا ہو تو یہ منجن استعمال کریں
دانت پھر درد نہیں کرے گا۔ روزانہ استعمال کریں۔

نسخہ حمی مزمن

گلو سبز ملٹھی مقشر برگ بانسہ تخم پالک تخم بالنگو گل گاؤزبان
۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۳ ماشہ
تخم ترہ بانسے کے سبز پتے گل کنول گل نیلوفر چرائتہ
۶ ماشہ ۳ عدد ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۳ ماشہ
افسنتین کوڑ [illegible]
۳ ماشہ ۳ ماشہ ۶ ماشہ

رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل صاف کر کے شربت بنفشہ ۲ تولہ یا بزوری ۲ تولہ ملا کر آب کدو
مشوی ۵ تولہ اضافہ کر کے پلا دیں

فوائد:۔ ایسے مریض جن کا بخار بہت پرانا ہو گیا ہو۔ اور دق کا شبہ
ہو رہا ہو۔ یہ نسخہ استعمال کرائیں۔ پرانے ملیریا اور تپ دق دونوں کیلئے
مفید ہے۔ میعادی بخار جب زیادہ طویل ہو جائے اور خطرہ ہو کہ
کہیں دق نہ ہو جائے۔ تو یہ نسخہ دیں۔ زیادہ گرمی کی صورت میں
بہیدانہ ۳ ماشہ بڑھا دیں

تحفہ عیاشاں

عاقر قرحا ۔ طباشیر ۔ برادہ اذری ریچھ ۔ ڈنگ بچھو ۔ مشک خالص
۱ ماشہ ۲ ماشہ ۳ ماشہ ۲ عدد ۳ رتی

زعفران ۲ ماشہ دارچینی ۲ ماشہ تمام اجزاء کو باریک پیس کر عطر حنا عطر چنبیلی عطر موتیا ۔ عطر گلاب بقدر ضرورت میں ملا کر مرہم سی بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ آدھ گھنٹہ مباشرت سے پہلے عضو مخصوص پر مالش کریں اور پھر مشغول ہو دیں۔

فوائد:۔ اس کے فوائد استعمال کے بعد ہی معلوم ہو سکتے ہیں۔ مختصر لفظوں میں صرف اتنا لکھنا کافی ہے۔ کہ یہ عیش کیلئے ایک لاثانی تحفہ ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

فیور پاؤڈر

ست گلوہ خانہ ساز ۔ طباشیر اصلی ۔ دانہ الائچی خورد ۔ زہر مہرہ خطائی
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ

کونین سلفاس ۔ فناسیٹین ۔ کشتہ ابرق سفید ۔ کشتہ ہڑتال گؤدنتی
۶ ماشہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ

باریک پیس کر سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ رتی صبح دوپہر و شام شربت بنفشہ ۲ تولہ وغیرہ کے ہمراہ کھائیں۔ اگر دوائی کڑوی معلوم ہو تو کیپ شول میں بھر کر کھا دیں۔ ملیریا بخار و دیگر تمام بخاروں کے لئے مجرب ہے۔

بچہ پاؤڈر

ناگر موتھا ۔ نارجیل دریائی ۔ طباشیر کبود ۔ دانہ الائچی خورد ۔ کاکڑا
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱

سنگی ۔ انیس ۔ زہر مہرہ خطائی ۔ فلفل دراز ۔ کھانڈ } نہایت باریک
تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۹ ماشہ ۲ تولہ } پیس کر سفوف

بنا دیں۔ **ترکیب استعمال:۔** ۲ رتی سے ۱ ماشہ تک کسی مناسب شربت میں ملا کر انگلی کے ساتھ لگا کر چٹاتے رہیں۔

اس دوائی کو پانی یا اور کسی چیز میں حل کرکے بچے کے حلق میں ہرگز نہ ٹپکائیں بلکہ ہمیشہ انگلی سے چٹائیں

فوائد:۔ ننھے بچوں کی تمام تکالیف کیلئے مجرب ہے۔ مثلاً قے ۔ دست ۔ بخار ۔ کھانسی ۔ اس کے استعمال سے دانت بآسانی نکل آتے ہیں۔ اگر پیٹ میں خرابی ہو تو پہلے کسٹرائیل سے پیٹ صاف کرلیں۔

مرہم داخلیون

تخم خطمی ۔ تخم کونچ ۔ تخم میتھی ۔ السی } رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح لعاب
۲ تولہ ۳ تولہ ۳ تولہ ۳ تولہ } غلیظ نکالیں۔ پھر مردار سنگ ۱۲ تولہ

باریک پیس کر رکھ لیں۔ اور روغن زیتون کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور مردار سنگ تھوڑا تھوڑا (کر کے) ملا کر ہلاتے رہیں تاکہ مردار سنگ بیٹھ نہ جائے۔ آگ نرم ہونی چاہیئے۔ نیچے اتار کر لعاب مذکورہ ملا کر پھر کڑاہی آگ پر رکھ دیں۔ جب خوب گاڑھا ہو جائے۔ تو اتار لیں۔

ترکیب استعمال:- مرہم ایک تولہ پیس کر اس میں روغن گل ۱ تولہ ہری مکوہ کا پانی ملا کر رکھ لیں۔ اور صاف روئی لتھڑ کر رحم میں رکھیں۔

فوائد:- ورم رحم کے لئے بہت مشہور و مجرب دوائی ہے۔ خصوصاً پرانے ورم رحم کے لئے بہت مشہور و مجرب ہے۔ پرانے ورم کے لئے تو ایک تحفہ ہے۔

آپ کے پاس بہت سی ایسی عورتیں آتی ہوں گی۔ جنکو کمر میں درد اور رطوبت کا آنا۔ پنڈلیوں میں کھچاوٹ۔ حیض کا کھل کر نہ ہونا یا درد سے آنا وغیرہ عوارضات ہوتے ہیں۔ ایسی عورتوں کو اگر دائی یا لیڈی ڈاکٹر کو دکھایا جائے تو عموماً ورم رحم ہوتا ہے۔ انکو یہ مرہم استعمال کرائیں جب ورم دور ہو جائے اور حیض کے دن شروع ہو جائیں گے تو عجیب بتیاں استعمال کریں۔ ماہواری کھل کر آ جائیگی۔

اگر ورم زیادہ ہو۔ درد شدید ہو رہا ہو اور بخار ہو تو اس مرہم کیساتھ ساتھ کھانے کیلئے سلفا ڈایزین دو دو گولی شربت دینار ۲ تولہ کیساتھ دن میں تین بار دیں۔ پہلے ہی روز ورم بخار درد کافی نرم ہو جائیگا۔ اگر آپ پنسلین کا ٹیکہ کرا سکیں تو اسی روز ورم وغیرہ کافور ہو جائیگا۔

میرے محترم دوست حکیم محمد ابراہیم صاحب ساکن کوڑلیشاہ زیرین ڈاکخانہ نور شاہ ضلع منٹگمری نے عطا کئے ہیں

ذربین

سہاگہ ۱ تولہ شنگرف ۲ ماشہ پوست بیخ مدار ۲ تولہ کرڈسنگ ۱ تولہ۔

فلفل سیاہ ۶ ماشہ، نمک سیاہ ۶ ماشہ، افیون ۳ ماشہ } سب کو باریک پیس کر عرق سونف میں چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:- ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ خیرہ بادیان ۶ ماشہ نبات سفید ملا کر پلا دیں۔

فوائد:- پرانے اسہال، سنگرہنی کے لئے لاجواب تحفہ ہے۔ سینکڑوں مریضوں پر حکیم صاحب کا خود اور ان کے استاد صاحب کا آزمودہ ہے۔

یہ نسخہ میرے دوست حکیم وزیر علی صاحب زینالہ خورد نے عطا کیا ہے۔

حب آتشک

مغز جمالگوٹہ خام ۲۱ عدد، گوگل ۹ ماشہ، رسکپور ۶ ماشہ، شنگرف ۶ ماشہ، سبکو ایک بیضہ مرغ جس کی سفیدی نکال لی گئی ہو۔ بھر کر اوپر گوندھا ہوا آٹا لگا دیں۔ اور اپلوں کی آگ میں دبا دیں۔ جب آٹا سرخ ہو جائے۔ تو نکال لیں اور مٹی کے کورے پیالہ میں ڈالکر خوب کھرل کریں۔ جتنا زیادہ کھرل ہوگا اتنا ہی زیادہ مفید ہوگا۔ پھر چنے برابر گولیاں بنا لیں۔ صبح ایک گولی دودھ کی بالائی میں رکھ کر نگل لیں۔ گولی دانت کو ہرگز نہ لگے۔ اس کے ڈیڑھ گھنٹہ بعد پیاس محسوس ہوگی۔ دودھ پی لیں۔ دودھ کے پون گھنٹہ بعد بکرے یا مرغ کے گوشت کا شوربا جسمیں خوب مصالحہ و گھی پڑا ہوا ہو۔ روٹی کے ساتھ کھلائیں۔

اسی طرح سات یوم کریں۔ آٹھویں روز حب راحت کا جلاب دیں۔

فوائد:۔ آتشک کے لئے اس سے بہتر نسخہ ملنا محال ہے۔ سینکڑوں مریضوں پر آزمایا گیا اور تیر بہدف ہے۔ نئے و پرانے آتشک کی بنیاد اکھیڑ دیتا ہے۔ ترش و میٹھی چیزوں سے سخت پرہیز رکھیں۔ ورنہ منہ آ جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔ گوشت و گھی زیادہ استعمال کریں۔

یہ تینوں نسخے حکیم محمد ابراہیم صاحب ساکنہ کوٹ ولی شاہ ضلع منٹگمری نے بیاض سائنس بخش کیلئے بھیجے ہیں شکریہ کے ساتھ درج کئے جاتے ہیں۔

مازو	اقاقیا	داڑھی برڑ (ریش برگد)	کشتہ بیضہ مرغ	کہربا شمعی
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ

باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ ماشہ صبح ۱ ماشہ شام جوارش انارین میں ملا کر کھائیں۔ **فوائد:۔** عورتوں کے سیلان الرحم کیلئے مجرب و اکسیر ہے۔

سفوف قبض کشا

بادیان	سناکی	پوست ہلیلہ کابلی	پودینہ خشک	تودری سفید مقشر	سونٹھ
۱ تولہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۲ ماشہ

نمک سیاہ ۳ ماشہ تمام چیزوں کو الگ الگ پیس کر ملا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ تک عرق سونف یا شیر مادر میں

دیں۔

فوائد:۔ بچوں کی قبض کے لئے بہترین چیز ہے۔ بغیر تکلیف کے اسہال آ جاتے ہیں۔ ہاضم و مقوی معدہ بھی ہے۔

طلاء

عطر گلاب اصلی	پتہ مرغ	مشک خالص	عطر حنا	روغن جمالگوٹہ
۶ ماشہ	۲ عدد	۱ ماشہ	۳ ماشہ	۲ قطرہ

کافور اصلی	روغن عاقرقرحا
۱ ماشہ	۳ ماشہ

سب کو ملا کر ایک جان کر لیں۔ پھر آتشی شیشی میں ڈال کر پکے ہوئے چاولوں کے پلاؤ میں رکھ دیں۔ جب چاولوں کو دم دینے لگیں تو شیشی کا منہ بند کر کے دم دیں۔ پھر جب چاول ٹھنڈے ہو جائیں تو نکال کر شیشی میں ڈال دیں۔

ترکیب استعمال:۔ دو قطرہ عضو مخصوص پر حشفہ چھوڑ کر لگا دیں۔ اور اس کے معجزہ نما اثر کو ملاحظہ کریں۔

فوائد:۔ بہترین مقوی و ملذذ طلاء ہے اور بارہا آزمایا ہوا ہے۔

یہ تین نسخے میرے دوست حکیم سوہن لال صاحب فیروزپور شہر مشرقی پنجاب نے بھیجے ہیں۔

کانول

کمیلہ ۶ ماشہ بورک ایسڈ ۶ ماشہ نرزروت ۶ ماشہ گلیسرین تولہ

کھرل کرکے شیشی میں ڈال لیں۔

ترکیب استعمال:۔ کان کو پہلے ہائیڈروجن پر آکسائیڈ سے صبح و شام صاف کرکے بتی لتھیڑ کر کان میں رکھیں۔

فوائد:۔ کان کا زخم۔ ورم۔ کان بہنا۔ درد اس کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتے ہیں۔ سالوں کا بہتا ہوا کان و پرانا زخم جو کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوتا ہو۔ اس کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

نسخہ درد گردہ

لیتھین سائیٹراس	سوڈا خوراکی	اسپرین	ملا کر رکھ لیں
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	

ترکیب استعمال:۔ ۲ ماشہ ایک چھٹانک پانی میں گھول کر پلا دیں۔ اگر ضرورت ہو۔ تو دو گھنٹے کے بعد ایک خوراک اور دیں۔

فوائد:۔ درد گردہ کا دورہ روکنے کے لئے بارہا کا مجرب نسخہ ہے۔ جب مریض درد سے تڑپ رہا ہو اس کی ایک خوراک دیکر قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھیں۔

نسخہ قلاع

تیزاب گندھک ۱ تولہ پانی سادہ ۱۰ تولہ ملا کر رکھ لیں

ترکیب استعمال:۔ روئی اس میں بھگو کر منہ کے چھالوں میں لگائیں

فوائد:۔ منہ کے چھالوں کے لئے حکیم صاحب کا مجرب و بے خطا نسخہ ہے۔ فوری اثر کرتا ہے۔

روغن مقوی

دارچینی	ہلدی	سیدہ سک	کلونجی	بھنگنی	کوٹ کٹھ (قسط تلخ)
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۳ تولہ	۱ تولہ

سونٹھ	لونگ	بیٹھا تیلیہ	زعفران	ناگرموتھا	بالچھڑ
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

سم الفار سفید	گل بابونہ	جائفل	تخم دھتورہ	بیخ کبر سفید
۶ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

کچلہ	عاقرقرحا	بیخ	کانچل	ہرتال ورقیہ	زعفران
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

افیون	گھونگچی سفید	بچھناگ	
۶ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ	تمام چیزوں کو نیم کوٹ کرکے رات کو ۲ سیر پانی میں بھگو دیں

صبح جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو روغن کنجد (میٹھا تیل) ۲ پاؤ کسٹرائیل پاؤ پختہ ملا دیں۔ جب پانی جل جائے۔ اور صرف تیل رہ جائے تو اتار کر صاف کرکے بوتل میں ڈال لیں۔

فوائد:۔ میرے تجربے میں اس سے بہتر تیل آج تک نظر نہیں آیا فالج۔ لقوہ۔ استرخا۔ تشنج۔ گنٹھیا۔ عرق النساء وغیرہ بلغمی و اعصابی بیماریوں کیلئے بیحد و نہایت زود اثر و مجرب ہے۔ ہر طبیب کو یہ تیل مطب میں تیار رکھنا چاہیئے۔ اس میں اور دوائیں ملانے کیلئے یا دوسرے تیل کی ضرورت لاحق نہ ہوگی۔ قوت باہ کیلئے بھی یہی مفید ثابت ہوتی ہے

ترکیب استعمال:۔ بطور مالش استعمال کریں۔ اور اوپر روئی یا گرم کپڑا باندھیں

یہ دو نسخے میرے دوست حکیم محمد عبداللہ شاہ صاحب ساکنہ بصیر پور ضلع منٹگمری نے ارسال کیے ہیں

حب جریان

کوچیل برگد سرخ رنگ ۵ سیر بوچھلی ادھ سیر خشک ان دونوں چیزوں کو آٹھ سیر پانی میں بھگو کر رکھیں۔ پھر جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے۔ تو صاف کرکے رکھ لیں۔ اب طباشیر ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد، ثعلب مصری ۱ تولہ موصلی سفید ۱ تولہ کشتہ تلعی ۱ تولہ باریک پیس کر اس پانی میں ملا دیں۔ اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک گولی صبح ایک شام دودھ گاؤ سے کھا دیں۔

فوائد:۔ جریان و احتلام و رعت کے لئے ایک آزمودہ اور لاجواب نسخہ ہے۔

سفوف بچگان

طباشیر اصلی	الائچی خورد	سرد چینی	زہر مہرہ خطائی	ناریل دریائی
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

سنڈھور شیریں ۴ ماشہ باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماہ کے بچے کو نصف رتی۔ ۶ ماہ سے ۲ سال تک ایک رتی عرق سونف یا ماں کے دودھ میں دیں۔

فوائد:۔ بچوں کے اسہال قے۔ تالو لٹکنے کے لئے اکسیر ہے۔ ہر وقت مطب میں تیار رکھیں۔

سرمہ نور چشم

نیلا تھوتھا	پھٹکڑی سفید	سونا مکھی	بیرا کسیس
۲ ماشہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۴ تولہ
کشتہ جست	گوند کیکر	نمک پھٹکڑا	سرور سفید
۴ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۴ تولہ

سب کو باریک پیس کر آب لیموں میں کھرل کرکے رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک سلائی صبح و شام آنکھ میں لگا دیں۔

فوائد:۔ دھند جالا ککروں۔ نظر کی کمزوری۔ آنکھ سے پانی آنے کے لئے مجرب المجرب ہے۔

اکسیر شقیقہ

اجوائن خراسانی دس تولہ پانی میں رات کو بھگو کر صبح جوش دیں جب آدھا رہ جائے۔ تو صاف کرکے رکھ لیں۔ پھٹکڑی سفید ۵ تولہ لیکر توے پر رکھیں۔ نیچے آگ جلا دیں۔ اوپر اس پانی کو تھوڑا تھوڑا ٹپکاتے رہیں۔ خشک ہونے پر اتار کر باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال :۔ ۱ رتی سے ۲ رتی تک کھانڈ میں ملا کر دن میں دو تین بار دیں۔ کالی کھانسی کیلئے اس سے بہتر نسخہ آج تک ایجاد نہیں ہوا۔ گو کھانسی مکمل طور پر نہیں جاتی۔ مگر جتنا فائدہ یہ نسخہ کرتا ہے۔ کوئی انگریزی یا دیسی نسخہ نہیں کرتا۔ مجرب و بے خطا ہے۔

حب سلیم

گندھک آملہ سار مدبر	رسوت مصفیٰ	پوست ریٹھ	جو کھار
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

مغز تخم نیم ۳ تولہ کشتہ سونا مکھی ۱ تولہ سب کو ملا کر باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال :۔ ۴ رتی صبح مکھن رکھ کر کھائیں۔

فوائد :۔ بواسیر بادی و خونی کے لئے مجرب ہے۔

تریاق باہ

دانہ الائچی خورد	ریوند خطائی	سورنجاں شیریں	کشتہ فولاد شنگرفی
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۸ ماشہ

مشک خالص	ورق سونا	ورق چاندی	کشتہ شنگرف	اطرکنیا
۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۸ ماشہ	۱۰ ماشہ

مارفیا ۱ ماشہ۔ سب کو کھرل کر کے شہد بقدر ضرورت ملا کر گولیاں موٹھ کے دانے برابر بنا دیں ؛

ترکیب استعمال :۔ ایک گولی صبح ایک شام غذا کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔ گھی خوب استعمال کریں ؛

فوائد :۔ امساک اور طاقت کے لئے یہ نسخہ میرا سینکڑوں مریضوں پر آزمایا ہوا ہے۔ طاقت میں ایک ہیجان پیدا کر دیتا ہے۔

پت یعنی گرمی دانوں کا مجرب علاج

قلمی شورہ	جوا کھار	نمک خوردنی
۴ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ

سب کو باریک پیس کر دہی ایک پاؤ میں ملا دیں۔

ترکیب استعمال :۔ پہلے جسم کو صابن مل کر نہا لیں۔ پھر بدن خشک کر کے یہ دوائی مالش کریں اور آدھ گھنٹہ بعد نہا لیں۔ صبح و شام ایسا کریں تمام پت صاف ہو جائیگی اور جسم ریشم کی مانند نرم ہو جائیگا۔ نہایت مجرب و بے خطا نسخہ ہے۔ ضرور آزمائیں۔ گرمیوں کے لئے تحفہ ہے۔

روغن داد

برادہ ٹاہلی	چھلکا ناریل	گندھک آملہ سار	کالی مرچ	بابچی
۱ سیر	پاؤ پختہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ

ہلدی	نوشادر	میٹھا تیل
۲ تولہ	۲ تولہ	۲۰ تولہ

بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔

ترکیب استعمال :۔ روئی کے ساتھ چنبل و داد کی جگہ لگا دیں۔

فوائد :۔ داد چنبل کے لئے لاثانی نسخہ ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے دوسرے نسخہ کی ضرورت نہیں رہتی ؛

علاج ملیریا یعنی موسمی بخار

اگر مریض کو ہر وقت بخار رہتا ہو۔ اور کسی وقت نہ اترتا ہو۔ قبض ہو۔ پیاس زیادہ ہو۔ تو یہ نسخہ دیں۔ اس سے بخار نرم ہو جائیگا اور دو چار پاخانے بھی آجائیں۔

نقوع آلو بخارا

گلسرخ	گل نیلوفر	آلو بخارا	املی	تخم کاسنی	سنا مکی
۱ تولہ	۱ تولہ	۱۰ دانہ	۲ تولہ	۷ ماشہ	۶ ماشہ

ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ اور جب پیاس لگے۔ تھوڑا تھوڑا پانی صاف کر کے شربت بنفشہ ۵ تولہ یا صندل ۵ تولہ ملا کر پلاتے رہیں۔

نوٹ:۔ اگر مریض کے سر میں درد ہو۔ تو اسی میں مغز کدو ۶ ماشہ مغز بادام ۹ دانے کی سردائی بنا کر ملا دیں۔ ساتھ ہی مریض کو بخار روکنے والی دوائیں دیدیں۔ تاکہ جب بخار اتر جاتے تو فوراً مریض یہ دوائیں شروع کر دے۔

ضروری نوٹ:۔ اگر مریض کو ایک دفعہ سنا مکی استعمال کرنے سے کھل کر پاخانے آجائیں۔ تو پھر سنائی نکال کر باقی نسخہ استعمال کرتے رہیں۔

اگر مریض کو بخار بہت تیز ہو۔ پیاس سخت ہو۔ مریض بے چین اور قے کرتا ہو۔ سر میں درد ہو۔ قبض ہو۔ اور مریض سخت گھبراہٹ کر رہا ہو۔ اور دل کمزور ہو۔ تو نقوع مفرح دیں:۔

نقوع مفرح

گل سرخ	گل نیلوفر	گل بنفشہ	آلو بخارا	املی	تخم کاسنی	سنا مکی
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۹ دانہ	۲ تولہ	۷ ماشہ	۹ ماشہ

زرشک	تخم خرفہ	پوست الائچی چھوٹی	زہر مہرہ پسا ہوا
۹ ماشہ	۹ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

اسبغول ۶ ماشہ سب دواؤں کو ایک سیر پانی میں بھگو دیں اور مغز کدو ۶ ماشہ مغز خربوزہ ۶ ماشہ۔ مغز بادام ۹ دانہ سردائی کیطرح پیس کر اضافہ کر دیں اور شربت نیلوفر، شربت بنفشہ یا سکنجبین سادہ ملا کر پلاتے رہیں یہاں تک کہ مریض کو دو تین اجابتیں ہو جانے پر بخار۔ پیاس۔ سر درد وغیرہ عوارضات کم ہو جائیں۔

فوائد:۔ بڑا ہی عجیب و غریب نسخہ ہے۔ بخار کو نرم کرتا ہے۔ پیاس قے۔ سر درد۔ قبض دور کرتا ہے۔ اور مریض کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مجھے کسی نے بہشت میں پھینک دیا ہے۔ ساتھ ہی مریض کو بخار روکنے والی دوائیں مناسب حالات دیں۔ جن کا ذکر آرہا ہے۔

اگر مریض کو سخت قے ہو۔ پیاس ہو۔ بخار ہو۔ اور کسی صورت قے نہ رکھے تو پھر یہ جوشاندہ پودینہ دیں۔ فوراً رک جائیگی۔ اور مریض کو تسکین ہو جائیگی۔

جوشاندہ پودینہ

آلو بخارا ۹ دانہ املی ۲ تولہ زرشک ۹ ماشہ زیرہ سفید ۳ ماشہ

بلو دیز خشک　پوست ہیلی چھوٹی　مویز منقیٰ } جوش دیکر صاف کرکے
۳ ماشہ　۱ تولہ　۹ دانہ } سکنجبین سادہ چار تولہ

ملاکر یا ویسے ہی کھانڈ ۲ تولہ ملاکر ایک ایک گھونٹ ذرا ٹھہر ٹھہر کر پلاتے رہیں۔ **فوائد**:۔ یہ نسخہ قے کو روکنے کیلئے اکسیر ہے کم نہیں فوراً ہی مریض کی قے روک کر گھبراہٹ و متلی دور کردیتا ہے۔ پیاس کو کم کرتا ہے۔ مجرب و بے خطا ہے۔

اگر مریض کو بخار کی حالت میں۔ خون کے اسہال و خونی قے بکثرت آرہے ہوں۔ تو اُن کو روکنے کے لئے نقوع قرطم استعمال کریں۔ فوراً آرام آجائیگا۔ لاکھ روپے کا نسخہ ہے۔ بے ضرر و مجرب ہے۔

نقوع قرطم

گلسرخ　گل نیلوفر　آلو بخارا　املی　تخم کسنیز کوفتہ　زرشک
۶ ماشہ　۶ ماشہ　۹ دانہ　۲ تولہ　۱ تولہ　۶ ماشہ
الائچی خورد کوفتہ　تخم خرفہ　زہر مہرہ پسا ہوا　اسبغول
۶ ماشہ　۶ ماشہ
۶ ماشہ　۶ ماشہ　۶ ماشہ

سبکو ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ اور مغز تربوز ۶ ماشہ مغز کدو ۶ ماشہ سردائی کیطرح پیس کر اسی نسخہ میں ملادیں۔ جب پیاس لگے تو ذرا ٹھہر ٹھہر کر سکنجبین سادہ ۴ تولہ یا شربت نیلوفر ۵ تولہ یا شربت بنفشہ ۵ تولہ ملاکر پلاتے رہیں۔ ساتھ ہی مریض کو بخار روکنے کے لئے کوئی یونانی گولیاں و ٹھنڈا شربت دیں۔ تاکہ بخار اترتے ہی مریض وہ استعمال کرسکے۔ مگر کونین یا اور انگریزی دوائی ہرگز نہ دیں۔

ہاں۔ بخار اُترنے کے بعد انجکشن کونین کا کرسکتے ہیں۔ مگر ساتھ ہی لعاب بیدانہ یا اسبغول وغیرہ ٹھنڈی دوائیں بکثرت دیں۔ تاکہ پھر خون نہ آنا شروع ہو جائے۔ اگر مریض کو بخار تیز ہو۔ پیاس۔ گھبراہٹ۔ بے چینی و قے وغیرہ علامات سخت ہوں۔ اور ساتھ ہی دست بھی آرہے ہوں۔ تو یہ سردائی دیں۔

نسخہ سردائی

لعاب بیدانہ　لعاب اسبغول۔ شیرہ عناب۔ شیرہ مغز کدو۔ شیرہ
۳ ماشہ　۵ ماشہ　۵ دانہ　۶ ماشہ
تخم خیارین　شیرہ زرشک　شیرہ کشنیز خشک (دھنیاں)　شیرہ مغز تربوز
۶ ماشہ　۶ ماشہ　۳ ماشہ　۶ ماشہ
شیرہ صندل } پانی یا عرق بید مشک ۵ تولہ عرق کیوڑہ ۵ تولہ میں پیس
۳ ماشہ } کر شربت صندل ۲ تولہ یا نیلوفر ۲ تولہ ملاکر پلادیں۔

اگر دست قے زیادہ آرہے ہوں۔ تو ساتھ ہی جوارش طباشیر دیں۔

فوائد:۔ مریض کے بخار۔ دست و قے وغیرہ میں زبردست تسکین ہو جائیگی۔ اگر مریض کو بخار ہو اور ساتھ ہی کھانسی ہو۔ قبض ہو۔ تو یہ نسخہ دیں۔

نقوع معتدل

گل بنفشہ　گل نیلوفر　عناب　لسوڑیاں　خطمی۔ خبازی　گاؤزبان
۱ تولہ　۱ تولہ　۵ دانہ　۹ دانہ　۶ ماشہ　۶ ماشہ　۳ ماشہ
سنا کی ۱ تولہ　ملٹھی مقشر ۵ ماشہ　سب کو بھگو کر بوقت پیاس شربت بنفشہ ۲ تولہ

بلاکر پلاتے رہیں۔ اگر سر میں زیادہ درد ہو اور بخار تیز ہو۔ تو اسی نسخہ میں شیرہ مغز کدو۔ شیرہ مغز تربوز۔ شیرہ مغز بادام اضافہ کر دیں
۱۲ ماشہ ۶ ماشہ ۹ دانہ

فوائد:۔ اس نسخہ سے مریض کو دو چار اجابتیں آکر بخار اتر جائیگا یا نرم ہو جائیگا۔ دوسرے روز سنا کی نکال دیں اور مریض کو بخار روکنے والی دوائیں اور لعوق پلاتے رہیں۔ کھانسی بخار سب دور ہو جائینگے۔ اگر کھانسی زیادہ ستائے تو ساتھ ہی لعوق سپستان فداہ الطلاب میں۔ اگر مریض بخار کی حالت میں لعوق وغیرہ پینا مناسب نہ سمجھے اور آپ بخار کو کم کرنا چاہتے ہوں تو یہ عرق معرق پلا دیں۔ یہ ایک انگریزی نسخہ ہے جو بخار کو بھی کم کر دیتا ہے اور ایک دو پاخانے بھی لے آتا ہے:۔

عرق بخار ملین

ڈیکوار ایمونیا ایسی ٹے ٹس	سپرٹس ایتھر نائٹرو سائی۔	پوٹا سیائی
۲ ڈرام	۳۰ قطرہ	

ایسی ٹاس	پوٹاسیائی نائٹراس	میگنیشیا سلفاس	ایکوا کمفیوری
۱۰ گرین	۵ گرین	۲ ڈرام	۱ اونس

یہ ایک خوراک ہے مریض کو ایسی چھ خوراک بنا دیں اور تین تین گھنٹہ کے بعد ایک ایک خوراک پلاتے رہیں۔ جبتک کہ بخار نہ اتر جائے۔

فوائد:۔ اس نسخہ کے استعمال سے بخار بھی اتر جاتا ہے۔ اور مریض کو دو تین پاخانے بھی آجاتے ہیں۔ بخار اترنے کے بعد بخار کو روکنے والا نسخہ دیں:۔

اگر مریض کو بخار سخت تیز سر درد ہو۔ جیسا کہ بعض دفعہ بچوں اور جوانوں میں ایک سو چھ درجہ تک بھی بخار پہنچ جاتا ہے۔ تو بخار کو فوراً کم کرنے کے لئے یہ نسخہ دیں۔

زود اثر

اسپرین	فناسٹین	کیفین سائٹراس باریک کر کے ملالیں۔
۲ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ

اور ۲ رتی سے ۴ رتی تک مریض کو گرم پانی سے دیدیں۔ ۴ سال کے بچہ کو ۱ رتی کافی ہے۔

فوائد:۔ بخار کو فوری کم کر دیتا ہے۔ دردسر کو دور کرتا ہے۔ اور پسینہ بکثرت لاکر بخار اتار دیتا ہے۔

یہ تمام نسخے جو پہلے تحریر کئے گئے ہیں۔ اسوقت استعمال ہوتے ہیں جب بخار ہر وقت رہتا ہو یا جب مریض آپ کے پاس آئے۔ تو اس کو بخار چڑھا ہوا ہو۔ اب وہ نسخے تحریر کئے جاتے ہیں۔ جو بخار کو روکنے کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ اور اسوقت مریض کو دیئے جاتے ہیں۔ جب بخار اترا ہوا ہو۔ یا مریض کو بخار چڑھنے اترنے والا ہو

انجکشن کونین

کونین کے ٹیکے دو قسم کے بازار میں ملتے ہیں۔ ایک دس گرین کے ہوتے ہیں۔ دوسرے پانچ گرین کے۔ دو سال سے بارہ سال تک کے بچوں کو ۵ گرین کا ٹیکہ کرنا چاہیئے۔ اور اس سے بڑی عمر والوں کو ۱۰ گرین

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

کا ٹیکہ کرنا چاہیئے۔ ٹیکہ کونین ہمیشہ چوتڑوں پر لگا کرنا چاہیئے۔ اگر کوئی
عورت یہ کہے کہ بازو پر لگا دو۔ تو ہرگز نہ لگاویں۔ چونکہ بازو کے سوجنے
کا اندیشہ ہوتا ہے۔ انجکشن اسوقت کرنا چاہیئے۔ جب بخار اترا ہوا ہو
یا خفیف ہو۔ اور انجکشن کرنے کیبعد مریض کو تقریباً پندرہ منٹ لیٹے
رہنا چاہیئے۔ ہرگز اٹھنے نہ دیں۔ ٹیکہ کرنے سے پہلے مریض کو تھوڑا بہت
دودھ پلا لینا چاہیئے۔ یا اور کوئی چیز کھلا دیں تاکہ مریض کو چکر نہ آجائے۔
ٹیکہ کرنا بالکل آسان ہے۔ ضرور آپکو کسی سے سیکھنا چاہیئے۔ چونکہ ملیریا کو روکنے
کیلئے تیر بہدف اور فوراً اثر کرتا ہے۔ اگر مریض گاؤں سے آیا ہو اور فوری جانا
چاہتا ہو تو آپ مریض کو پہلے زود اثر دیکر بخار اتار دیں۔ پھر ٹیکہ کر دیں مریض کو اسی
دن ضرور بخار ہو جائیگا۔ مگر دوسرے دن بخار ہرگز نہ ہوگا ٹیکہ کر دینے کے بعد بھی مریض کو
بخار روکنے کیلئے تین چار روز کیلئے کوئی دوائی دیدیں۔ جسکا ذکر آگے آرہا
ہے۔ مریض کی حالت کیمطابق کوئی ٹھنڈا شربت یا فقوع یا سردائی وغیرہ
کا نسخہ بھی دیدیں۔ تو بہت بہتر ہوتا ہے۔ مریض گرمی و خشکی محسوس
نہیں کرتا۔ عموماً ایک ہی ٹیکہ سے بخار نہیں ہوتا۔

کونین مکسچر سادہ

کونین سلفاس ۹ ماشہ — سلفیورک ایسڈ ڈائیلیوٹ ۱۰ ماشہ — میگنیشیا سالٹ ۲۰ تولہ

پانی ملا کر ایک بوتل بنا لیویں۔

ترکیب استعمال:۔ جب بخار اترا ہوا ہو۔ تو کچھ کھلا کر مریض کو ۲ تولہ
یہ مکسچر پلا دیں۔ تین گھنٹے کے بعد پھر اسی طرح ایک خوراک پلا دیں۔ بخار بھی

رک جائیگا۔ اور دو تین پاخانے بھی آجائیں گے۔ کونین ہمیشہ
پاؤڈر کی اصلی خریدنی چاہیئے۔ ملاوٹ والی و نقلی اصلاً فائدہ نہیں کرتی۔

ملیریا توڑ

کونین سلفاس پاؤڈر ۱۲ ماشہ — سلفیورک ایسڈ ڈائیلیوٹ (یعنی تیزاب گندھک پانی ملایا ہوا) ۱۰ ماشہ — جوکھار ½ تولہ — میگنیشیا سالٹ ۱۵ تولہ — عرق مکوہ ۵ تولہ — عرق سونف ۵ تولہ — بادرنجبویہ

عرق بیخ کاسنی ۵ تولہ اگر عرق نہ ملیں۔ تو پانی ملا کر ایک بوتل تیار کریں

ترکیب استعمال:۔ مریض کا جب بخار اترا ہوا ہو۔ یا ہلکا سا ہو تو اس
کو دودھ ڈبل روٹی یا دلیا یا صرف دودھ یا فروٹ۔ چاول وغیرہ
کھلا کر ایک اونس یعنی ۲ تولہ دوائی پلا دیں۔ چار گھنٹے کیبعد دوسری خوراک
پھر اسی طرح پلا دیں۔ اگر مریض کو دستوں کی شکایت ہو۔ تو سالٹ نکال دیں

فوائد:۔ ملیریا کے لئے اکسیر ہے۔ نیا ملیریا ہو یا پرانا ہر حالت میں تیر
بہدف ہے۔ ہزارہا مریضوں پر آزمائی ہوئی چیز ہے۔ کبھی خطا نہیں کرتا۔ ملیریا
کے علاوہ تاپ تلی۔ ضعف جگر۔ قبض کیلئے بھی مجرب و لاجواب نسخہ ہے
اسکے استعمال سے ملیریا و تاپ تلی خواہ کتنے پرانے کیوں نہ ہوں۔ یقیناً
دور ہو جاتے ہیں میں نے اکثر ایسے مریض بھی دیکھے ہیں۔ جنکو پرانا ملیریا
ہوتا ہے۔ تھوڑی سی یا زیادہ تلی بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔ ساتھ ہی
کھانسی بھی پرانی ہوتی ہے۔ تمام حکیم و ڈاکٹر مریض کو دق کا فتویٰ دے دیتے
ہیں۔ حالانکہ اس کو ملیریا پرانا ہوتا ہے۔ ایسے مریضوں کو یہ نسخہ اس طریقہ

سے دیں۔

صبح

گلو بنفشہ یا خشک ۶ ماشہ، ملیٹھی مقشر ۶ ماشہ، برگ بانسہ ۶ ماشہ، نائے بنج ۹ عدد، ماکو دانہ } بھر گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل صاف کر کے شربت اعجاز ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

دوپہر

دوپہر کو روٹی کے بعد ایک خوراک ملیریا توڑ کی پلا دیا کریں۔

شام و رات کو

لعوق سپستان ۲ تولہ یا اور کوئی کھانسی کا لعوق تھوڑا تھوڑا کھلاتے رہیں۔ خدا کے فضل سے بخار، تاپ تلی، کھانسی چاہے کتنے پرانے ہوں۔ تین دن میں ختم ہو جائیں گے۔

اگر مریض زیادہ کمزور ہو تو ان کو کسی وقت ایک چمچہ دودھ یا دودھ والٹر بری کمپونڈ کا ذرا پانی ملا کر پلا دیا کریں اگر اس علاج کے تین دن استعمال کرنے سے مریض کی حالت ٹھیک نہ ہو۔ تو شبہ کرنا چاہیے کہ مریض کو تپ دق نہ ہو اس کو اگر آپ دیکھ سکتے ہوں تو آلہ سماع الصدر لگا کر دیکھئے۔ اگر آپ خود نہ دیکھ سکتے ہوں۔ تو دق کے ہسپتال میں دکھائیے۔

نوٹ:۔ اگر مریض کو نئے بخار کے ساتھ کھانسی ہو۔ تو مریض کو ملیریا غائب کے ساتھ کوئی جوشاندہ یا لعوق سپستان یا فلوول یا ذیلو بس وغیرہ انگریزی دوائی کے ہمراہ دیں یا کھانسی کا بیان دیکھیں۔

اکسیر ملیریا مغربی

کونین سلفاس ۶ ماشہ
سلفورک ایسڈ ڈائیلیوٹ یعنی تیزاب گندھک ہلکا (پتلا) ۱۰ ماشہ
میگنیشیا سالٹ ۱۵ تولہ
لائیکوار آرسنک ہائیڈروکلورائیڈ ۴۰ قطرہ
سپرٹ کلوروفارم دو ڈرام۔ ایک بوتل میں ڈال کر عرق مکوہ یا پانی سے بھر لیں

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک اونس یعنی ۲ تولہ روٹی کھانے کے بعد دونوں وقت استعمال کیا کریں۔

اگر مریض کی تلی بڑھی ہوئی ہو۔ یا وہ گرمی محسوس کرے۔ تو سکنجبین بزوری صبح و شام یا شربت بزوری ۴-۴ تولہ پانی ملا کر پلا دیا کریں۔ اور اگر تلی زیادہ ہی بڑھی ہوئی ہو۔ تو تلی کی گولیاں بھی صبح و شام سکنجبین بزوری کے ہمراہ دیا کریں۔

فوائد:۔ چوتھا بخار جو دو دن چھوڑ کر تیسرے دن آتا ہے کیلئے لاجواب بے خطا اکسیر و مجرب ہے۔ ہزار ہا مریض جو کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوتے تھے اور دو دو سال سے چوتھیا میں مبتلا تھے۔ اس نسخہ سے درست ہو گئے اس کے علاوہ پرانے ملیریا تاپ تلی۔ ضعف جگر۔ ضعف ہضم۔ قبض کیلئے مجرب المجرب ہے۔

عرق طحال

کونین سلفاس	ست لیموں	سالٹ میگنیشیا	بیراکسیس
۶ ماشہ	۲ تولہ	۲۰ تولہ	۳ ماشہ

عرق سونف یا پانی ملاکر بوتل سالم بنالیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام روٹی کے بعد پلادیا کریں اگر کھانسی ہو۔ تو پھر یہ نسخہ نہ پلادیں۔

فوائد:۔ ملیریا نیا ہو یا پرانا۔ تلی خواہ کتنی بڑھی ہوئی ہو۔ اس کے استعمال سے قطعاً آرام آجاتا ہے۔ تاپ تلی یعنی بڑھی ہوئی اسپلین کیلئے تو سیف قاطع ہے۔ جو تلی کسی دوائی سے حل نہ ہوتی ہو۔ اس نسخہ کے استعمال سے یقیناً ٹھیک ہو جاتا ہے۔

سپلین کیور

کونین سلفاس	سلفیورک ایسڈ ڈائیلوٹ (تیزاب گندھک پانی ملایا ہوا)
۶ ماشہ	۹ ماشہ

میگنیشیا سالٹ	فری ریٹ ایمونیا سائٹراس	ایمونیا کلورائیڈ
۲۰ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

پہلے کونین کو عرق سونف یا پانی میں ملاکر خوب ہلائیں۔ پھر سلفیورک ایسڈ پانی ڈھیلا ملائیں۔ کونین حل ہو جائیگی۔ پھر سالٹ و ایمونیا وغیرہ ملاکر رکھ دیں۔ جب خوب حل ہو جائیں تو پھر فری ریٹ ایمونیا سائٹراس ملادیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام روٹی یا دلیا یا چاول کھلا کر پلا

دیا کریں۔ دودھ۔ گھی۔ مکھن۔ دہی کا استعمال خوب کریں۔ خوراک اچھی رکھیں۔ **فوائد:۔** پرانا ملیریا دتلی یعنی اسپلین کیلئے اکسیر ہے۔ ضعف جگر جسم کی سوجن۔ رنگ کی زردی۔ قبض۔ ہضم کی کمزوری کیلئے تیر بہدف مجرب ہے۔ ہزارہا مریض اسکے استعمال سے شفا حاصل کر چکے ہیں۔ غرضیکہ بینظیر و لاجواب نسخہ ہے تلی کیلئے بشرطیکہ مفید و مجرب ہے۔

حب کونین

بازار کی بنی ہوئی پانچ پانچ گرین کی گولیاں ہوتی ہیں۔ جو انگریزی دوکانوں سے عام ملجاتی ہے۔ بخار کے مریض کو پہلے کوئی جلاب دیکر پیٹ صاف کرلیں۔ مثلاً حب راحت صاف مسہل کیمیکل ورکس دو گولی سے چار گولی تک دودھ کیساتھ دیں۔ یا ڈبی ٹیبل بلز دو تین گولی ماسکو کھا دیں یا کیسٹو نین کی دو تین گولیاں دیدیں۔ جب پیٹ صاف ہو جائے۔ تو بخار چڑھنے سے پہلے دودھ کیساتھ اسی طرح ۲ گھنٹے کے فاصلے سے ایک ایک گولی تین دفعہ دیں۔ اسی طرح دو چار روز استعمال کریں۔ بخار یقیناً دور ہو جائیگا۔ اگر مریض گرمی محسوس کرے تو ساتھ کوئی شربت اچھا رہتا ہے۔

کونین کے کیپ شول

کیپ شول ڈاکٹروں کی دکانوں پر تین روپیہ سیکڑہ کے حساب سے عام ملتے ہیں۔ ہر پانچ گرین کے خرید کر کونین سے بھرلیں۔ بخار چڑھنے سے پہلے تین تین گھنٹے کے فاصلے سے ایک ایک کیپ شول دودھ یا کسی مناسب شربت کے ساتھ دیں۔ مریض کو کہدیں کہ کیپ شول ایسے مرطوبوں کا استعمال

کرائیں۔ جو کہ دوائی میں ہیں ان کے علاوہ میرے تجربہ میں یہ بھی آیا ہے کہ
بعض مریضوں کا بخار کونین کمپچر سے نہیں اترتا۔
مگر جب کیپ شول کونین کے دیئے جاتے ہیں تو بخار فوراً دور ہو جاتا ہے
خصوصاً ایسے مریض جنکا ملیریا ملا ہوا ہو اور تقریباً ہر وقت رہتا ہو انکے ساتھ
شربت بزوری یا شربت بزوری صندل بھی نہایت مفید رہتا ہے
اگر مریض کے بخار چڑھنے میں تھوڑا وقت باقی ہو۔ تو دو
کیپ شول اکٹھے کھلادیں۔ یا کونین کی ٹکیہ دو عدد یک وقت کھلادیں
بخار رُک جائیگا۔

پیلوڈرین

یہ بڑی سستی گولیاں ہیں۔ جو بازار میں عام ملتی ہیں۔ چھوٹی گولیاں ہوں
تو دودھ و کسی شربت کے ہمراہ دیدیں۔ دن میں تین دفعہ دیں مگر بڑی
ٹکیہ ہوں تو ایک ایک ٹکیہ دیں۔ دو تین روز دینے سے بخار دور ہو جاتا ہے
حاملہ عورت کو بھی یہ ٹکیہ دے سکتے ہیں۔ کوئی نقصان نہیں کرتیں
حاملہ عورت کو کونین ہرگز استعمال نہیں کرنی چاہیئے۔ بلکہ یہ پیلوڈرین
یا یونانی گولیاں حب بخار کی دینی چاہیئے۔ حاملہ عورتوں کو بڑی گولی
آدھی آدھی صبح و شام کسی مناسب شربت کیساتھ دیں۔

حب بخار

کشتہ ابرک سیاہ	طباشیر اصلی	فلفل سیاہ	دانہ الائچی خورد یا کلاں
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ

مغز کرنجوہ	انیس	ست گلو اصلی	سبکو باریک پیس کر عرق سونف
۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	کی مدد سے گولیاں

چنے کے برابر بنا دیں۔

ترکیب استعمال :۔ دو دو گولی بڑے آدمی کو دن میں تین بار شربت
بنفشہ یا نیلوفر یا صندل یا سکنجبین بزوری کے ہمراہ دیں۔ مگر ان گولیوں کے
استعمال سے پہلے کوئی جلاب ضرور لے لیں۔ تاکہ پیٹ صاف ہو جائے
حاملہ عورتوں کیلئے نیز ان بیماروں کیلئے جو کونین نہیں کھا سکتے یا جنکو کونین
نقصان کرتی ہے۔ نہایت مفید گولیاں ہیں۔ گرمیوں کے دنوں میں یہ استعمال کریں

حب اتیس

یہ گولیاں ہر مطب میں تیار رہنی چاہیئے۔ ملیریا اور سب بخاروں کیلئے مجرب
ہیں۔ گو جتنی جلدی کونین فائدہ کرتی ہے۔ یہ گولیاں نہیں کرتیں۔ مگر اُن
لوگوں کیلئے جو کونین استعمال کرنا نہیں چاہتے۔ یہ نہایت مجرب و اکسیر ہیں
الکا نسخہ و ترکیب استعمال اسی بیاض میں پہلے لکھ چکا ہوں۔ وہاں دیکھ لیں۔

ایٹبرین

یہ بھی انگریزی گولیاں ہیں۔ بہت مہنگی بکتی ہیں۔ بعض مریض جن
کو پرانا ملیریا ہوتا ہے۔ اور ان کو معمولی کونین سے فائدہ نہیں ہوتا
اُن کو یہ گولیاں استعمال کرادیں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک ایک ٹکیہ صبح دوپہر شام کسی شربت یا دودھ
کے ہمراہ استعمال کرادیں۔ اگر مریض کمزور ہو یا اسکو کھانسی ہو۔ یا بار بار

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

بخار۔ اگر مریض کا رنگ سیاہ ہو گیا ہو۔ تو روٹی کھانے کے بعد دونوں
واٹربری کمپونڈ ایک ایک چمچہ درمیانہ قدرے پانی ملا کر پلا دیا کریں۔
پھر بخار نہیں چڑھے گا۔

میپاکرائن

یہ بھی بڑی سستی گولیاں ہیں۔ جن کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ یہ بھی مطب
میں رکھنی چاہیئے۔ ایک تو غریبوں کے لئے اچھی رہتی ہیں۔ دوسرے شاذ و
نادر ایسے مریض بھی دیکھنے میں آئے ہیں۔ جنکا بخار کونین کے مرکبات سے
دور نہیں ہوتا۔ مگر انکے استعمال سے تندرست ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ہر
قسم کی دوائیں موجود ہونی چاہیئے۔ تاکہ مریض آپکا ہی معتقد رہے
اور آپ کے مطب کی کامیابی میں فرق نہ آئے۔

ترکیب استعمال:۔ دو دو گولیاں کسی شربت کے ہمراہ صبح
دوپہر شام دیں۔ ملیریا کیلئے مجرب ہیں۔

کاموکین

یہ بھی زیادہ قیمت کی انگریزی گولیاں ہیں۔ جو کہ نئی ایجاد ہوئی ہیں۔
ملیریا بخار کے لئے بہترین چیز ہے۔ نہایت زود اثر و مجرب ہے
ترکیب استعمال:۔ ایک ایک گولی صبح دوپہر شام کسی مناسب
شربت کے ساتھ دیں۔

ایسٹن سیرپ وو کونین

یہ ایک انگریزی دوائی ہے۔ جو شیشیوں میں بند ہوتی ہے۔ ایک روپیہ چار

میں عام ملتی ہے۔ جن مریضوں کو بار بار بخار ہو جاتا ہو اور کسی طرح پیچھا نہ
چھوڑتا ہو۔ تو انکو پہلے ملیریا توڑ۔ یا عرق طحال یا سپلین کیور سے علاج کریں
جب بخار اتر جائے اور تلی بالکل ٹھیک ہو جائے۔ تو پھر اس شربت کو استعمال کریں
ترکیب استعمال:۔ چھوٹا چمچہ یعنی ٹی سپون آدھا صبح آدھا شام قدرے پانی
ملا کر روٹی کے بعد دیا کریں۔ تین چار روز بعد ایک ایک چمچہ پورا دے
دیا کریں۔ دودھ۔ گھی۔ مکھن۔ پھل خوب استعمال کریں۔

دوائے کافوری

طباشیر اصلی، ست گلو اصلی، دانہ الائچی خورد، گل گاؤزبان، کافور
تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ
کشتہ ابرق سفید تولہ نبات سفید تولہ باریک سفوف بنا دیں۔
ترکیب استعمال:۔ ۴ ماشہ صبح ۴ ماشہ شام ہمراہ بزوری ۲ تولہ دیں۔ اگر
کھانسی ہو تو بشربت اعجاز ۲ تولہ کے ہمراہ دیں۔
فوائد:۔ ایسے مریض جن کو ہلکا ہلکا بخار بہت پرانا ہو گیا ہو اور دق کا
شک معلوم ہوتا ہو۔ مریض سخت گرم مزاج ہو۔ تو اسکو یہ نسخہ استعمال کرا دیں۔

حب سائیں بخش

افتیمون اصلی آدھ سیر لیکر تین سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ چوتھے روز آگ پر رکھ کر
پکاویں جب ایک سیر رہ جائے۔ تو نیم گرم ملکر صاف کرلیں۔ اب اس صاف شدہ
پانی کو دوبارہ آگ پر رکھیں۔ جب افیم کی طرح گاڑھا ہو جائے۔ تو اتار لیں
جتنا یہ عصارہ ہو۔ اس کے برابر مغز کرنجوا اور کونین سلفاس پاؤڈر کی ملا کر

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

گولیاں چنے برابر بناویں۔

خوراک:۔ ۲ گولی صبح ۲ دوپہر ۲ شام ہمراہ شربت بزوری دیا کریں۔ یا اور کسی مناسب شربت یا دودھ کے ہمراہ۔

فوائد:۔ ملیریا کیلئے اکسیر اور نایاب نسخہ ہے۔ جس کی مثال ملنی مشکل ہے۔ نیا بخار ہو یا پرانا دونوں میں یکساں مفید ہے۔ خصوصاً پرانے ملیریا کو تو بنیاد سے اکھیڑ دیتا ہے۔ بار بار حملہ کرنیوالا ملیریا اس سے کوسوں بھاگتا ہے۔ ہر دو مطب میں تیار رکھیں

نوٹ:۔ بچوں کو ایک ایک گولی دیں۔ بہت چھوٹے بچوں کو آدھی گولی دن میں تین بار دیں۔

آسینوفیل

یہ بھی ایک انگریزی گولیاں ہیں جو اٹلی کی بنی ہوئی ہیں۔ جن کو کونین فائدہ نہ کرے یا بخار پرانا ہو گیا ہو۔ تو یہ استعمال کریں۔ بعض مریضوں کو یہ حیرت انگیز طور پر ٹھیک کر دیتی ہیں۔ طبیب کو فرد یہ گولیاں اپنے ذہن میں رکھنی چاہیئے۔

ترکیب استعمال:۔ دو گولی صبح دو دوپہر، دو شام ہمراہ دودھ دیں دس بارہ سال کے بچے کو ایک گولی دیں۔

شربت افسنتین

شاہترہ	افسنتین	املی	گل سرخ	مویز منقی	آلو بخارا
۳ تولہ	۳ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ	۵۰ دانہ	۵۰ دانہ

ان کو بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کر کے کھانڈ ۳ پاؤ ملا کر شربت بناویں

ترکیب استعمال:۔ ۲ تولہ صبح پانی ملا کر پلاویں۔ یا عرق مکوہ و کاسنی ملا کر پلاویں۔

فوائد:۔ پرانے ملیریا و ضعف جگر، سوء القنیہ کیلئے نہایت مفید ہے۔ صفرا کو خارج کرتا ہے۔ حاملہ عورتوں کو بھی دے سکتے ہیں۔ جبکہ حاملہ عورتوں کا رنگ زرد ہو جائے۔ بخار ہو۔ جہاں زیادہ ہو۔ جسم میں سوجن پیدا ہو جائے۔ تو یہ شربت پیلوڈرین یا حب بخار کے ساتھ دیں۔ لیوجن بھی ساتھ دیں۔

لیورجن

یہ ایک انگریزی دوائی ہے۔ جو پرانے ملیریا ضعف جگر۔ خون کی کمی سانس پھولنے اور دل دھڑکنے کیلئے نہایت مجرب اور میری معمول ہے پرانے ملیریا کے مریضوں کو حب ملیریا تو کبھی یا عرق طحال یا اسپلین کیور استعمال کراتا ہوں۔ تو صبح و شام ایک ایک دو چمچہ ذرا پانی ملا کر اسکو بھی پلایا کرتا ہوں۔ ایک تو مریض کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ دوسرے بخار نہیں لوٹتا ہے۔ اور طاقت بہت آجاتی ہے۔ اگر لیورجن نہ ملے تو لیوجن خرید لیں۔ یہ ولایت کی بنی ہوئی دوائی ہے۔ بغیر بخار کے صرف ضعف جگر کیلئے بھی اکسیر ہے۔ حاملہ عورتیں بھی استعمال کر سکتی ہیں

انجکشن لیور ایکسٹریکٹ ساختہ پارک ڈیوس کمپنی

یہ خون پیدا کرنے کیلئے بہت مفید و مجرب انجکشن ہے۔ ۲ سی سی

روزانہ یا ایک دن چھوڑ کر لگا کریں۔ پرانے ملیریا کے مریضوں کو جب ضعف جگر ہو جاتا ہے۔ تو ان انجکشنوں کا استعمال بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

الوبین

یہ بھی خون پیدا کرنے والے انجکشن ہیں ترکیب استعمال ساتھ ہی ہوتی ہے۔ یہ پہلے ٹیکوں سے بھی زیادہ زود اثر و مفید ہیں۔

شربت گلو

گلو تازہ	گل سرخ	گل بنفشہ	افسنتین	نیلوفر
۶ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ	۳ تولہ

رات کو بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کر کے تین پاؤ کھانڈ ملا کر شربت بنا دیں

ترکیب استعمال:۔ ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام پانی ملا کر پلا دیں اسکے ساتھ حب سائیں بخش نہایت مفید ثابت ہوتی ہے۔ حاملہ عورت کے پرانے بخار کو بہت مفید ہے۔ حاملہ عورتوں کو حب بخار یا ہیلو ڈائن کی گولیاں اس شربت کے ہمراہ دیں۔ قبض کا ہر حالت میں خیال رکھیں۔

دوائے بخار مرکب

گلو	چرائتہ	افسنتین	کوڑ
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ

رات کو بھگو کر صبح مل کر صاف کر کے ۴ تولہ شربت بزوری ملا کر پلایا کریں۔ پرانے بخار شطر الغب۔ غب غیر خالص

وغیرہ مرکب بخاروں میں یہ نسخہ نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ تپ مرکب

اگر مریض بخار ملیریا یا شطر الغب یا غب غیر خالص کسی طرح ٹھیک نہ ہو تو نسخہ جس کا ذکر اسی کتاب میں پہلے آ چکا ہے۔ آٹھویں روز پلا کر شربت افسنتین مسہل سے جلاب کرائیں۔ انشاءاللہ مریض تندرست ہو جائیگا۔

ملیریا بخار کا بار بار لوٹنا

بعض مریض ایسے بھی ہوتے ہیں جن کو چند روز بخار چھوڑ جاتا ہے۔ مگر پھر ہو جاتا ہے۔ ایسے مریضوں کی تلی۔ جگر خراب ہو جاتے ہیں۔ رنگ زرد و سیاہ ہو جاتا ہے۔ اور باقی تمام طاقتیں بھی جواب دے جاتی ہیں۔ بعض کو ساتھ کھانسی بھی شروع ہو جاتی ہے ایسے مریضوں کو ملیریا توڑ۔ عرق ضحال سپین کیوڑہ وغیرہ استعمال کریں۔ صبح و شام سکنجبین بزوری و شربت بزوری بھی دیں۔ اور حب بھی ساتھ ہی استعمال کرتے رہیں۔ جب مریض تندرست ہو جائے۔ تو پھر طاقت کے لئے واٹربری کمپونڈ استعمال کریں دودھ گھی۔ مکھن۔ دہی و پھل ہر قسم بکثرت استعمال کرائیں۔ حب سائیں بخش بعد میں استعمال کرتے رہیں۔

ضروری نوٹ

بعض مریض اس قسم کے بھی دیکھے ہیں کہ ان کو بخار ملیریا ہوتا ہے۔ کھانسی کیساتھ سینہ میں درد ہوتا ہے۔ اور ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے مریض کو نمونیا

حالانکہ اسے شخص کو پیپ نکال کر دیکھا جاتے تو نمونیا نہیں ہوتا اس قسم کے مریضوں
کے علاج میں اس طرح کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرماویں۔
دس گرین کا ٹیکہ کونین کا مریض کو کردیں اور ساتھ ہی دو گولی یا ایک گولی نمبر ۶۹۳
کی کھلادیں۔ اور ساتھ اس کو اور گولیاں نمبر ۶۹۳ کی دیدیں۔ تاکہ تین تین
گھنٹہ بعد ایک ایک گولی دو دفعہ کھالیں۔ بیماری کا بخار۔ کھانسی۔ درد
اس طرح غائب ہو جاتا ہے کہ لوگ حیران رہ جاتے ہیں۔
اگر مریض کو بخار زیادہ تیز ہونے کا خطرہ ہو تو ساتھ ہی ایک خوراک [illegible]
کی دیدیں اور مریض کو کہدیں کہ اگر بخار ٹیکے کی وجہ سے زیادہ تیز ہو جائے تو
یہ خوراک کھالینا ورنہ نہ کھانا۔ اور مجھے تو کبھی ضرورت ہی پیش نہیں آئی۔ نمبر ۶۱۵
سے بھی بخار پسینہ آکر نرم ہو جاتا ہے۔ یہ ایک بے نظیر علاج ہے جو معجزہ کی طرح
اثر دکھاتا ہے۔ اور شہرت کا باعث ہوتا ہے۔ ملیریا کا جو علاج میں ۱۵ سال
سے استعمال کر رہا ہوں۔ بے دریغ شائع کر دیا ہے۔ اگر آپ اسے
معمول بنائیں گے تو خدا کے فضل سے شہرت آپکے قدم چومیگی۔

نوٹ:۔ غب خالص۔ غیر خالص۔ شطر الغب۔ ربع۔ دائرہ لازمہ
وغیرہ حقیقتاً ملیریا ہی ہوتا ہے۔ صرف موسم کا لحاظ ضروری ہے۔

میعادی بخار

اس کو ٹائیفائیڈ۔ محرقہ۔ موتی جھرہ۔ پھل ماتا۔ مبارکی بھی کہتے
ہیں۔ اس کا بہترین نسخہ جو عام اخبار کا معمولی ہے۔ یہ ہے

جوشاندہ محرقہ

عناب	مویز منقیٰ	خوبکلاں
۵ دانہ	۱۰ دانہ	۶ ماشہ

پانی میں جوش دیکر صاف کر کے شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلادیں صبح و شام
اگر مریض کو بخار زیادہ تیز ہو۔ اور وہ گرمی محسوس کرتا ہے۔ تو پھر بجائے جوش
دینے کے سردائی کیطرح پیسکر خوبکلاں اوپر چھڑک کر پلادیں۔ اگر بیمار کو کھانسی
ہو تو اسی جوشاندہ میں تخم خطمی ۶ ماشہ گاؤزبان ۴ ماشہ بڑھا دیں اور لعوق
سپستان تھوڑا تھوڑا کھلاتے رہیں۔ اگر مریض کچھ کمزور ہو۔ تو خمیرہ مروارید
بھی اس نسخہ کے ساتھ دیں۔ اگر بخار طویل ہو جائے اور مریض
ٹھیک نہ ہو رہا۔ تو یہ نقوع دیں۔

نقوع محرقہ

گلسرخ	گل نیلوفر	گل بنفشہ	شاہترہ	مویز منقیٰ	سونف
۴ ماشہ	۴ ماشہ	۴ ماشہ	۴ ماشہ	۱۰ دانہ	۴ ماشہ

آملہ خشک	مہندی کے پتے	برادہ صندل سرخ
۴ ماشہ	۴ ماشہ	۴ ماشہ

رات کو گرم پانی میں بھگو صبح صاف کر کے شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلادیں
اگر قبض ہو تو بجائے شربت کے گلقند ۲ تولہ ملادیں۔ اگر مریض ہذیان
کرتا ہو یا اس کے سر میں درد ہو تو اسی نسخہ کو تیار کر کے شیرہ مغز کدو
۶ ماشہ۔ شیرہ تخم کاہو ۶ ماشہ ملا کر پلادیں۔
اور ساتھ ہی کمر د پٹی استعمال کریں۔

نسخہ سرد پٹی

سرکہ	روغن گل	عرق گلاب
۱ تولہ	۲ تولہ	۵ تولہ

ملا کر اس میں پٹی تر کرکے پیشانی و تالو پر رکھتے رہیں۔ اگر گرمیوں کا موسم ہو تو برف بھی اس میں ڈال دیں جب مریض کا بخار تیز ہو اور وہ ہذیان کرتا ہو اس پٹی کا استعمال نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔ بلکہ ساتھ ہی لخلخہ و پاشویہ بھی استعمال کریں۔ تو بہتر ہے۔ لخلخہ و پاشویہ کے نسخے اسی کتاب میں درج ہیں۔

اکثر دیہات میں جب اس بخار کو زیادہ دن ہو جاتے ہیں۔ تو گھی میں بادام یا گندم یا خشخاس جلا کر مالش کرتے ہیں۔ جو تجربہ میں مفید ثابت ہوئی ہے۔ اس لئے مالش بھی ضرور کرنی چاہیئے۔

اگر گرمیوں کے دن ہوں بخار سخت تیز ہو۔ مریض ہذیان کرتا ہو۔ پیاس و بے چینی کی شدت ہو۔ تو پھر دانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے مریض کو تسکین دینے کیلئے یہ نسخہ دینا چاہیئے۔

تبرید برائے ٹائیفائیڈ

لعاب بہیدانہ	شیرہ عناب	شیرہ مغز کدو	شیرہ تخم کاہو	شیرہ صندل
۲ ماشہ	۵ دانہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ	۳ ماشہ

عرق بید مشک	عرق کیوڑہ	عرق گاؤزبان یا پانی میں پیس کر
۵ تولہ	۵ تولہ	۱۰ تولہ

چھان کر شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلا دیں۔ اور سر پر وہی سرد پٹی استعمال کریں۔

مریض کی قبض کا خیال رکھیں۔ اس لئے کہ قبض کی صورت میں ہذیان و بخار تیز ہو جاتا ہے۔ مگر کوئی جلاب نہیں دینا چاہیئے۔ بلکہ ہلکی قبض کشا دوائیں دیں۔ تاکہ مریض کو اسہال نہ شروع ہو جائیں۔

سفوف خشخاس

پوست خشخاس	گوند کیکر بریاں	گلنار	غنچہ گل سرخ	طباشیر
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ

تخم حماض	زرشک	سیماق	گل ارمنی
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ ۵ ماشہ صبح و شام خیرہ تخم بارتنگ ۶ ماشہ شربت انجبار ۲ تولہ کے ہمراہ دیں۔

فوائد:۔ چیچک بخار میعادی کے اسہال کو بند کرنے کیلئے مفید ہے۔

کلوروما یسٹین

یہ میعادی بخار کیلئے بہت اکسیر انگریزی دوائی ہے جس کے استعمال سے بخار نرم ہو جاتا ہے۔ اور جلد اتر جاتا ہے۔ ہوش و حواس ٹھیک رہتے ہیں۔ اور کسی قسم کی پیچیدگی پیدا نہیں ہوتی۔ یہ بہت مہنگی دوائی ہے۔ غریب استعمال نہیں کر سکتے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک کیپ سول ہر چار گھنٹے کے بعد دیں۔

علاج نمونیا

پنسلین دس لاکھ کی ایک شیشی لے کر اس میں دس سی سی پانی ڈال دیں اور تین تین سی سی کا تین تین گھنٹے کے فاصلہ سے تین انجکشن کر دیں اور ساتھ ہی یہ جوشاندہ دیں۔

جوشاندہ نمونیا

گل بنفشہ ۶ ماشہ، گل نیلوفر ۶ ماشہ، عناب ۵ دانہ، سپستاں ۹ دانہ، خطمی ۶ ماشہ، خبازی ۶ ماشہ، ملٹھی مقشر ۴ ماشہ
جو مقشر ۱ تولہ، پرسیاؤشاں ۵ ماشہ، انجیر زرد ۲ دانہ، مویز منقیٰ ۹ دانہ، جوش کر صاف

کر کے شربت بنفشہ ۲ تولہ یا کھانڈ ملا کر پلا دیں۔ شام کو اسی کا ثفل پھر پکا کر پلا دیں۔

اگر بلغم اچھی طرح خارج نہ ہو۔ تو صبح و شام ۲-۲ ماشہ بادام روغن بڑھا دیں۔

اگر مریض کمزور ہو یا اسکو سانس جلد جلد آتا ہو۔ تو کورامین کا ایک ٹیکہ بھی کر دیں۔ یا کورامین لیکوئیڈ کی شیشی منگوائیں۔ اور ایک پیمانہ جو اس شیشی میں موجود ہوتا ہے۔ بھر کر ۴-۴ گھنٹے کے فاصلے سے دو تین بار دیں مریض کا سانس بھی درست ہو جائیگا اور طاقت بھی آ جائیگی اگر کھانسی زیادہ تنگ کر رہی ہو تو ساتھ ہی مریض کو لعوق سپستان یا لعوق خیار شنبر ۲ تولہ بھی چٹاتے رہیں۔ اگر مریض کو قبض ہو۔ تو انکو لعوق

خیار شنبر ۲ تولہ یا اطریفل ملین ۷ ماشہ یا دبجی ٹیبل پلز ۲ سے ۳ گولی تک یا گیسٹوفین ۲ عدد دے دیں

اینٹی فلوجیٹن کے استعمال کی ترکیب

ایک ڈبہ بیکر کھول لیں پھر اس پر ڈھکنا دیکر ایک دیگچی میں رکھ دیں۔ اور اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ منہ کھلا رہے۔ اب اس دیگچی کو آگ پر رکھ دیں پندرہ بیس منٹ بعد وہ ڈبے والی دوائی گرم ہو جائیگی۔ اس کو نکال کر ایک موٹے کپڑے پر جلدی سے پھیلا دیں اور گرم گرم درد کی جگہ لگا دیں۔ چوبیس گھنٹے کے بعد یہ لیپ اتار کر نیا پلستر کر دیں۔ کپڑا اتنا لیں جو درد کی جگہ آگے پیچھے سینہ پر آ جائے۔ یہ پلستر آپ کو ہر وقت مطب میں رکھنا چاہیے۔ اور انجکشن کسی تجربہ کار ڈاکٹر یا کمپوڈر سے سیکھنے چاہئیں۔ بالکل آسان چیز ہے۔ مگر اس میں صفائی واحتیاط کی سخت ضرورت ہے۔ جو سیکھنے سے ہی آ سکتی ہے۔

یہ ایک دن کا علاج ہے۔ اور ایسا حیرت انگیز علاج ہے کہ آج کیا اور دوسرے دن ایسے معلوم ہوتا ہے۔ کہ مریض کو نمونیا ہوا ہی نہیں۔ صبح نہ تو بخار ہی اتنا ہوتا ہے اور نہ ہی درد صرف کھانسی اور ہلکا سا بخار رہ جاتا ہے پھر اگلے دن پنسلین دس لاکھ کی ایک شیشی لے کر اسی طرح دس سی سی پانی ڈال کر اس کے چار انجکشن کر لیں جو دو دو سی سی کرنے سے ہو جاتے ہیں۔ اور تین تین گھنٹے کے فاصلہ سے چاروں انجکشن کر دیں۔

بس اس روز کوئی تکلیف باقی نہ رہے گی پھر جوشاندے پلاتے رہیں مریض ٹھیک ہو جائیگا کھانسی کیلئے لعوق خیار شنبر یا لعوق سپستان دیدیں۔ بعض مریض ایسے بھی ہوتے ہیں جنکو زیادہ تکلیف ہوتی ہے انکو رات دن میں

تین تین گھنٹے کے فاصلے سے دو دو لاکھ کے انجکشن کرتے رہیں۔ اگر
مریض کو ابھی تکلیف باقی ہو۔ جوش ذونادر ہی کسی مریض میں ہوتی ہے۔
تو اس کو پھر انجکشن تیسرے و چوتھے روز بھی کریں۔ جب تک کہ آرام نہ
آ سکے کھانے کیلئے دودھ سیر ڈیڑھ سیر رات دن میں دیدیں۔ دلیا بھی
آپ دے سکتے ہیں پینے کیلئے ذرا گرم پانی دیا کریں۔ ان تین چیزوں
کے علاوہ کوئی غذا نہ دیں۔ کمرہ کو آگ سے گرم رکھیں مگر دھواں نہ ہو
ہوا کی آمد و رفت بھی جاری رہنی چاہئے۔ تاکہ تازہ ہوا اندر داخل ہوتی رہے
دس بارہ سال کے بچے دو دو لاکھ کے انجکشن کرنے چاہئیں۔ اور دو سال
کے بچے کو ایک ایک لاکھ کے ٹیکے کرنے چاہئیں۔ بہر حال اگر مریض شدید ہو
تو انجکشن کی طاقت زیادہ کر دیں اور اگر ہلکا مرض ہو۔ تو کم کر دیں۔ بہتر طریقہ
تو یہ ہے۔ کہ ہر تین گھنٹے کے بعد انجکشن کیا جائے۔ اگر مرض خطرناک ہو تو
ایسا ہی کرنا چاہئے۔ اور اگر مریض کی حالت اچھی ہو تو مذکورہ طریقہ ہی کافی
ہوتا ہے۔ اور میں نے تو سینکڑوں مریضان نمونیا کا علاج اسی طرح سے کیا
ہے۔ اور جتک کوئی مریض ناکامیاب نہیں ہوا۔

پنسلین

یہ دو قسم کی ہوتی ہے ایک تو تین تین گھنٹے کے فاصلے سے بطور ٹیکہ استعمال کرنی
پڑتی ہے۔ دوسرے جلد پنسلین ہوتی ہے۔ اس کے چار لاکھ کے یونٹ کے
ٹیکے ہوتے ہیں ایک ٹیکہ بارہ گھنٹے کے بعد لگانا پڑتا ہے۔ جس کی وجہ سے
مریض کو زیادہ تکلیف نہیں ہوتی یہ نمونیا میں اسی طرح ہی فائدہ کرتی ہے۔ دوسری
پنسلین کے ایک ایک لاکھ سے بلکہ دس لاکھ یونٹ تک کے انجکشن بنے بنائے ملتے

ہیں انکا طریقہ استعمال کسی ڈاکٹر سے سیکھ لینا چاہئے۔ یہ دنیا کی بہترین دوائی
ہے۔ ہر جگہ کے ورم و پیپ۔ پھوڑے پھنسی۔ سوزاک کو دور کرنے کیلئے
اس سے زیادہ مفید دوائی آج تک دیکھنے میں نہیں آئی۔
نمونیا ہو یا ورم رحم۔ ورم معدہ یا ورم امعا سوزاک ہو یا اور جگہ ورم گھنٹوں میں
دور کر دیتی ہے۔ انجکشن آپ کو پنسلین کے کرنے چاہئیں اور باقی علاج
ہر مرض کی مطابق یونانی کر لینا چاہئے۔ سوزاک میں آپ اس کے ٹیکے کریں اور
خدا کی قدرت و شان ملاحظہ فرماویں۔ چوبیس گھنٹے میں تمام تکالیف جڑ سے اکھڑ
جاتی ہیں۔ ورم رحم سے چلاتی ہوئی عورتوں کو آپ پنسلین کے ٹیکے کریں۔ فوراً
مریضہ آرام سے سو جائیگی۔ زیادہ تکلیف دور ہونے کے بعد بقایا تکلیف کو
رفع کرنے کیلئے یونانی دوائیں حسب حال دیتے رہیں۔ نمونیا کی طرح
باقی دردوں میں بھی اسی طرح ٹیکہ کریں۔

نمونیا کا یونانی طریقہ کا علاج

جو کہ میرا مجرب ہے اور میں نے کئی سال اس طریقہ سے نمونیا یعنی ذات الریہ
اور ذات الجنب کا علاج کیا ہے۔ اور وہ یہ ہے۔
اگر مریض کو نمونیا ہوئے تین دن سے زیادہ نہ گزرے ہوں۔ تو جس طرف درد
ہوتا ہے اسکے دوسری طرف کی باسلیق کی فصد کھولیں اور مریض کی طاقت کو مدنظر
رکھتے ہوئے آدھ سیر تین پاؤ خون نکالیں۔ پھر یہ جوشاندہ دیں۔ اگر مریض تین
دن کے بعد آئے تو درد کی جانب والی باسلیق کی فصد کریں۔

نسخہ جوشاندہ

گل بنفشہ ۶ ماشہ عناب ۵ دانہ۔ لسوڑیاں ۹ دانہ خطمی ۶ ماشہ خبازی ۶ ماشہ

گاؤزبان ۴ ماشہ خطمی مقشرہ ۵ ماشہ بہدانہ ۳ ماشہ جوش دیکر صاف کرکے شربت بنفشہ ملا کر دیں۔ اگر کھانسی زیادہ ہو تو لعوق خیار شنبر ۳ تولہ یا لعوق سپستان ۲ تولہ کھلاتے رہیں قبض ہو تو لعوق خیار شنبر ۲ تولہ یا اطریفل ملین دیں۔ یا گلیسرین کی پچکاری کریں۔ یا اسی جوشاندہ میں بادام روغن ۶ ماشہ و مغز املتاس ۵ تولہ بڑھادیں۔ نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔ سینہ پر درد کی جگہ یہ قیروطی لگادیں۔

قیروطی نمونیا

یہ یونان کی بہترین قیروطی ہے۔ جس کا استعمال نمونیا میں عام ہوتا ہے اور بڑی مفید چیز ہے۔ اگر درد زیادہ ہو۔ تو اس میں عنبر ۱ ماشہ زعفران ۱ ماشہ پیس کر بڑھادیں۔ اس کا نسخہ اسی کتاب میں پہلے درج ہے۔ وہاں دیکھیں دو تین روز بعد وہ جوشاندہ دیں جس کا ذکر میں نے پنسلین کے ساتھ کیا ہے۔ اور صحت تک یہی جوشاندہ پلاتے رہیں۔ اگر درد زیادہ ہو اور مریض طاقتور ہو تو ساتھ ہی 693 کی گولیاں ایک دن میں تین بار دیں اگر آپ دیکھیں کہ مریض کی بلغم اچھی طرح خارج نہیں ہوتی تو جوشاندہ میں بادام روغن صبح و شام تین ماشہ ملا دیا کریں۔ فصد کے بعد بھی مریض کو اگر درد زیادہ ہو تو یا تو انٹی فلوجسٹین کا پلستر لگادیں اور اگر مریض کی طاقت کافی ہو تو درد کی جگہ پچھنوں کے ساتھ سنگیاں لگوادیں۔ درد فوراً بند ہو جائیگی

قیروطی ملین

جب بلغم اچھی طرح خارج نہ ہو۔ تو یہ قیروطی سینہ پر مالش کریں گل بنفشہ

۲ تولہ گل خطمی ۲ تولہ و تخم السی ۲ تولہ ۲ سیر پانی میں جوش دیں جب آدھ سیر رہ جائے تو ملکر صاف کرکے روغن گل ۸ تولہ ملادیں اور آگ پر رکھ دیں۔ جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے تو موم ۴ تولہ ملا کر اتار لیں اور گرم کرکے سینہ پر مالش کریں۔ بادام روغن ۲ تولہ بھی آپ بڑھا سکتے ہیں۔

نوٹ:۔ 693 یا 760 یا سلفا ڈائیزین کی ٹکیہ دیتے وقت سوڈا بائیکاب ہموزن ملا لینا چاہیئے۔

یونانی علاج کیساتھ ناعرف دلیا دینا چاہیئے۔ پینے کیلئے گرم پانی دیں۔ اگر 693 وغیرہ آپ دے رہے ہوں تو گوشت ہرگز نہ دیں۔ اگر گولیاں استعمال نہ کر رہے ہوں تو چوزہ کا گوشت پاؤ بھر لے کر ایک سیر پانی اور حسب ضرورت نمک ملا کر جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ پانی رہ جائے تو بغیر روٹی کے پلادیں۔ اس یونانی علاج کیساتھ اگر آپ کورامین لیکوئیڈ بھی دن میں دو تین بار دیں۔ تو نہایت مفید ثابت ہوتی ہے۔ مریض کی طاقت بھی قائم رہتی ہے۔ اور سانس بھی درست رہتا ہے۔ اگر یونانی علاج کے ساتھ آپ دیکھیں کہ مریض ٹھیک نہیں ہو رہا۔ تو فوراً پنسلین استعمال کریں۔ دوائی کیا ہے۔ جادو ہے۔ جو منٹوں میں مرض کو روک دیتا ہے۔

علاج کھانسی

اگر گرم نزلہ کی وجہ سے کھانسی ہو تو یہ جوشاندہ دیں۔

گل بنفشہ	عناب	سوڑیاں	خطمی	خبازی	گاؤزبان
۶ ماشہ	۵ دانہ	۹ دانہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۴ ماشہ

ملٹھی مقشر	بیدانہ
۵ ماشہ	۳ ماشہ

جوش دے کر صاف کر کے شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلا دیں
اس کے ساتھ لعوق سپستان تھوڑا تھوڑا چاٹتے رہیں اگر کھانسی
بہت سخت ہو تو۔

لعوق سپستان	لعوق معتدل	عرق گاؤزبان یا پانی
۱ تولہ	۱ تولہ	۱۰ تولہ

میں جوش دے کر بغیر صاف کئے پلا دیں۔

فوائد: نزلہ زکام جو گرمی کی وجہ سے ہو۔ بخار نزلی۔ نزلی کھانسی کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اگر مریض کو نزلہ کی وجہ سے تیز بخار ہو۔ پیاس و سر درد ہو۔ تو ایسی جوشاندہ میں تیاری کے بعد شیرہ مغز کدو ۶ ماشہ شیرہ تخم کاہو ۶ ماشہ بڑھا دیں۔ قبض کا خیال رکھیں۔

یہ انگریزی نسخہ بھی اسی قسم کے نزلہ و کھانسی و بخار کے لئے مجرب اور نہایت زود اثر ہے۔

انگریزی نسخہ

لائیکوار ایمونیا ایسی ٹیٹس	سپرٹ ایتھر نائٹروسائی
۲ ڈرام	۳۰ قطرہ
وائینم ایپکاک	ٹنکچر کیمفوری کمپاؤنڈ
۷ قطرہ	۲۰ قطرہ

ایکوا کیمفوری ۱ اونس۔ یہ ایک خوراک ہے ایسی ایک ایک خوراک ہر ۴ گھنٹہ بعد ایک گھونٹ گرم پانی ملا کر پلا دیں۔ سخت کھانسی کو فوراً روکتا ہے۔ یہ سینہ کی جلن و سوزش کو بند کرتا ہے۔ بلغم کو گاڑھا کر کے باسانی خارج کرتا ہے۔ بخار اتارتا ہے۔

علاج نزلہ زکام و کھانسی بارد

اگر سردی کی وجہ سے نزلہ کھانسی ہو تو یہ جوشاندہ دیں۔ نہایت مجرب ہے۔

سونف	ملٹھی مقشر	گاؤزبان	انجیر زرد	مویز منقیٰ	زوفا خشک
۵ ماشہ	۵ ماشہ	۴ ماشہ	۳ دانہ	۹ دانہ	۵ ماشہ

السی	اسطوخودوس	تخم خطمی	
۵ ماشہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ	جوش دے کر صاف کر کے کھانڈ ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

بوڑھوں۔ بچوں۔ بلغمی مزاج والوں کے لئے مجرب ہے۔
سردی کا نزلہ زکام کھانسی بہت جلد رفع کر دیتا ہے۔ کھانسی زیادہ ہو تو لعوق سپستان ۲ تولہ یا لعوق ۲ تولہ معتدل بھی کھلاتے رہیں۔

نسخہ لعوق معتدل

ملٹھی مقشر	مویز منقیٰ	انجیر زرد	پرسیاؤشاں	سونف	زوفا
۶ ماشہ	۹ دانہ	۵ دانہ	۲ ماشہ	۴ ماشہ	۴ ماشہ

تخم ہیتھی۔ پودینہ خشک۔ السی۔ بیدانہ۔ پوست خشخاش۔ تخم خطمی ہر ایک ۶ ماشہ رات کو ۲ سیر پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کر کے شہد خالص ۱ سیر داخل کر کے قوام کریں۔ آخر قوام میں شیرہ تخم خشخاش ۱۲ ماشہ شیرہ مغز بادام ۶ ماشہ

شیرہ مغز کدو ۶ ماشہ اضافہ کرکے قوام کرکے اتار لیں۔ پھر گوند کیکر، گوند کتیرا، تخم بالنگو ہر ایک ۶ ماشہ باریک پیس کر ملادیں۔ اور خوب گھوٹیں۔

خوراک:۔ ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک۔ کھانسی۔ نزلہ اور بلغم کو کاٹ کر نکالنے میں مفید و مجرب ہے۔

نسخہ لعوق سپستان

لسوڑیاں	عناب	خطمی مقشر	تخم خطمی	تخم خبازی	تخم خیارین
۵۰ دانہ	۳۰ دانہ	۱ تولہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ

بہدانہ ۳ ماشہ پوست خشخاش ۲ تولہ سب ادویات پانی میں بھگودیں۔ صبح جوش دیکر صاف کرکے تین پاؤ کھانڈ ملاکر قوام کریں۔ آخر قوام میں شیرہ تخم ۱ تولہ شیرہ مغز بادام ۱ تولہ شیرہ تخم خشخاش ۱ تولہ اضافہ کرکے قوام کریں۔ اور اتار لیں۔ پھر گوند کیکر ۲ ماشہ گوند کتیرا ۲ ماشہ رب السوس ۲ ماشہ باریک پیس کر ملادیں۔ اور خوب گھوٹیں۔

خوراک:۔ ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک ایک وقت کھلائیں۔ یا تھوڑا تھوڑا کھانسی کے وقت چاٹتے رہیں۔

زیلوبس

یہ ایک انگریزی شربت ہے۔ جو ایک روپیہ چار آنہ میں تمام انگریزی دواخانوں سے مل جاتا ہے۔ اس کا ایک ایک چمچہ در زیادہ قدرے پانی ملاکر مریض کو دن میں تین دفعہ پلادیں۔

فوائد:۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام کو اتنی جلدی فائدہ کرتا ہے۔ کہ حیرت ہے۔

بلغم کو سینہ سے خارج کرتا ہے۔

قیصوم

یہ بھی ایک انگریزی شربت ہے۔ تین روپیہ بارہ آنہ میں بازار سے مل جاتا ہے۔ اس کا ایک ایک چمچہ در زیادہ قدرے پانی ملاکر دن میں تین بار دیں۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام کے لئے مشہور اور نہایت زود اثر ہے۔

ظفرول

یہ بھی کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔ یہ ایسے مریضوں کو استعمال کریں جن کے سینہ میں بلغم خرخر کرتی ہو۔ سانس تکلیف سے آتا ہو یا دمہ کی تکلیف ہو۔ ایک ایک چمچہ تا دو چمچہ دن میں تین بار دیں۔

وکس

یہ ایک انگریزی ٹکیہ ہوتی ہے۔ جس کو اگر شدید کھانسی میں چوستے رہیں تو کھانسی نہیں آتی اور مریض بہت خوش ہوتا ہے۔
ان کا پیکٹ ۹ آنہ میں بازار سے عام ملتا ہے۔

واٹربری کمپونڈ

یہ بھی ایک انگریزی دوائی ہے۔ جو پرانے نزلہ، زکام، کھانسی، دق سل کے لئے نہایت مفید ہے۔ طاقت پیدا کرتی ہے۔ بخار کے بعد کی کمزوری کو دور کرنے کے لئے نہایت مجرب ہے۔

گلقند ۲ تولہ پانی میں پیس کر چھان کر سکنجبین ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔ پیٹ کو صاف کرنے ہضم کو درست کرنے کیلئے مجرب۔ اسہال اس کے استعمال کے بعد خود بخود بھی بند ہو جایا کرتے ہیں۔ پیچش میں گرم آبل ہی اچھا رہتا ہے۔ یا پھر گلسرخ ۱ تولہ۔ گل بنفشہ ۱ تولہ ریزہ خطمی ۱ تولہ کا جوشاندہ تیار کرکے مغز املتاس ۵ تولہ حل کرکے چھانی میں چھان لیں اور روغن بادام ۶ ماشہ ملا کر خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ سے میٹھا کرکے پلا دیں۔

گنگا دھر رس

یہ ایک دیسی نسخہ ہے جو ہر وقت مطب میں تیار رہنا چاہیے۔ اسہال پیچش کو اتنی جلدی روک دیتا ہے کہ مریض حیران رہ جاتا ہے۔ مگر پہلے پیٹ صاف کر لینا چاہیے۔ شاید نسخہ نمبر

پارہ مصفٰی	گندھک آملہ سار مصفٰی	بل کتھ	اندرجو	افیون
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۲ ماشہ	۶ ماشہ

لودھ پٹھانی	موچرس	گل دھاوا
۶ ماشہ	۱۲ ماشہ	۶ ماشہ

پہلے پارہ اور گندھک کو پیس کر سیاہ کجلی بنا دیں پھر باقی دوائیں پیس کر شربت انار خوب کھرل کریں۔

ترکیب استعمال:- ۱ رتی دہی کی لسی کے ساتھ مریض کو دیدیں گرمی یا سردی پیچش و اسہال کو روکنے کیلئے لاجواب نسخہ ہے۔

نسخہ اسہال گرمی

دھنیاں خشک	انار دانہ	زیرہ سفید	زردرد	گردکاق
۵ ماشہ	۵ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۲ ماشہ

الائچی چھوٹی ۵ عدد زرشک ۳ ماشہ پہلی پانچ دوائیں بریان کریں پھر سب کو سردائی کیطرح پانی میں پیس کر چھان کر شربت انار ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔ گرمی بہت زیادہ ہو تو خرفہ بھی بریان کرکے ملا دیں۔ زردرد نہ ملے تو کچھ ہرج نہیں۔

فوائد:- اگر مریض کو پیاس زیادہ ہو۔ اسہال بکثرت آتے ہوں۔ گرمی علامات موجود ہوں۔ اس نسخہ کو استعمال کریں اور قدرت خدا کا کرشمہ دیکھیں۔ ادھر آپ نے نسخہ استعمال کیا ادھر مریض تندرست ہوا جادو کیطرح فائدہ کرتا ہے۔ بخار کی حالت میں بھی دے سکتے ہیں لیکن شرط یہ کہ پیٹ صاف ہو۔

ڈائریا پاوڈر

گندھک آملہ سار	پاوڈر	گلہاں	کالی مرچ	سونٹھ
۶ ماشہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ

زیرہ سیاہ	زیرہ سفید	ہینگ	نمک لاہوری	نمک سیاہ
۵ ماشہ	۵ ماشہ	۳.۰ ماشہ	۳.۰ ماشہ	۳.۰ ماشہ

برگ بھنگ بریاں سوا تولہ پہلے گندھک اور پارہ کو کھرل کرکے کجلی بنا دیا اور خوب کھرل کریں۔ پھر باقی دوائیں باریک پیس کر ملا دیں۔

ترکیب استعمال: ۱ ماشہ ہمراہ عرق سونف یا شربت انجبار ۲ تولہ

فوائد:۔ بھوک لگانے غذا کو ہضم کرنے اور نئے و پرانے اسہال کے لئے بڑی زود اثر چیز ہے۔

حب ہندی

سہاگہ بریاں	شنگرف	افیون
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۱ تولہ

باریک پیس کر لیموں کے پانی میں مرچ سیاہ برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ دو گولی ہمراہ عرق یا پانی دیں۔ اسی وقت اسہال بند ہو جائیں گے اگر پیٹ میں نفخ درد موجود ہو اور آپ سمجھ رہے ہوں کہ پیٹ میں مواد موجود ہے۔ تو پہلے پیٹ صاف کرلیں مجرب واکسیر نسخہ ہے۔

سفوف پیچش

طباشیر	گل ارمنی	نشاستہ بریاں	گوند کیکر بریاں	تخم خرفہ بریاں
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

حب الآس بریاں	گلنار فارسی بریاں	تخم خشخاش بریاں
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

سب کو کوٹ چھان کر بجھار تخم ۴ تولہ سالم ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک صبح و شام ہمراہ ریشہ خطمی ۳ ماشہ گل نیلوفر ۳ ماشہ بہیدانہ ۳ ماشہ انجبار ۶ ماشہ بھگو کر صاف کر کے شربت انجبار ۲ تولہ یا صندل ۲ تولہ یا بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

فوائد:۔ اگر پیٹ میں سدہ ہوا اور آنتوں کی خراش ہو کے پیچش

آرہی ہو خون کثرت سے آرہا ہو۔ تو اس نسخہ کے استعمال سے پہلے ہی دن فائدہ ہو جاتا ہے۔ ہر مطب میں تیار رہنے کی چیز ہے۔

جوشاندہ پیچش

مکوہ خشک	گل بنفشہ	مویز منقیٰ	بیخ کاسنی	سونف	پرسیاوشاں
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۹ دانہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

تخم خطمی	ملٹھی مقشر	انجیر زرد	ریشہ خطمی	تخم کنوچہ
۵ ماشہ	۵ ماشہ	۳ دانہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ

جوش دے کر صاف کر کے شربت بنفشہ ۲ تولہ یا نزوفا ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

فوائد:۔ کہنہ پیچش کیلئے مجرب ہے۔ خصوصاً بوڑھوں کیلئے بہت مفید ہے۔ اس کیساتھ اگر بوڑھوں کو یہ سفوف دیا جائے۔ تو بہت مفید ہوتا ہے۔

نسخہ پیچش

سونف	زیرہ سفید	سونٹھ	آملہ خشک	کالی ہڑ
½ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

پوست خشخاش ½ تولہ سب کو الگ الگ گھی میں بھون لیں اور کھانڈ [illegible] تولہ باریک شدہ ملا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۵ ماشہ ہمراہ جوشاندہ مذکورہ دیں یا کسی شربت مناسب یا لعاب ریشہ خطمی ۵ ماشہ کے ہمراہ دیں۔ پیٹ اگر صاف ہو۔ تو پیچش کو روکنے کیلئے یہ نسخہ بھی عجیب و غریب ہے۔

علاج پرانی پیچش

امی ٹین کا ایک ٹیکہ روزانہ صبح کر دیں۔ جوان آدمی ہو۔ تو ایک گرین کا اگر دس بارہ سال کا بچہ ہو۔ تو آدھی گرین کا ٹیکہ روزانہ کریں۔ صرف اتنا خیال کریں کہ مریض زیادہ کمزور نہ ہو۔ اور اس کی نبض بہت مدہم نہ ہو۔ چونکہ یہ ٹیکہ دل کو کمزور کرتا ہے۔

یہ بے نظیر لاجواب اور اکسیر انجکشن ہے۔ جو پرانی پیچش کی بنیاد اکھیڑ دیتا ہے۔

نوٹ:۔ پرانی پیچش عموماً امیبی ہوتی ہے۔ ان ٹیکوں کے ساتھ ساتھ صبح وشام یہ سفوف مقلیاثا دیں اور رات کو روٹی کے بعد کابرسون کی ایک گولی دیں۔

سفوف مقلیاثا

ہالون	زیرہ سیاہ سبز کردہ بریاں	تخم السی	تخم گندنا	کالی ہڑ
۲۴ تولہ	۷ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

بروغن زیتون بریاں۔ مصطگی رومی ۱ تولہ ہالون کے بغیر باقی دوائیں کوٹ چھانکر ہالون ملا کر رکھیں۔ اور صبح وشام ۵-۵ ماشہ پانی کے ہمراہ کھلا دیا کریں۔

راتکو

سوتے وقت ایک گولی کابرسوں کی پانی یا دودھ کے ساتھ کھلا دیا کریں۔
دونوں وقت بھی ایک ایک گولی کابرسوں کی روٹی کے بعد دے سکتے ہیں۔

ایسے جو انجکشن کریں۔ مریض کو غذا صرف چاول یا دلیا۔ دودھ یا دہی دیں اور کوئی چیز نہ دیں۔ چاولوں پر دال مونگ یا شوربا شلغم یا کالا چنے سکتے ہیں۔ اس کے بعد مریض مندرجہ ذیل دوائیں دیں۔

صبح

سفوف مقلیاثا ۶ ماشہ ہمراہ پانی یا شربت کھلا دیا کریں۔ روٹی کے بعد دونوں وقت ملٹھی ۲ تولہ گوند کیکر ۲ تولہ پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بنا دیں اور جنگلی بیر برابر دے دیا کریں۔

راتکو سوتے وقت کابرسون کی گولی دے دیا کریں۔ مریض کا پرہیز بتدریج کھیں صرف تھوڑی تھوڑی روٹی چاولوں کیساتھ ہی شروع کریں۔ اور روزانہ بڑھاتے رہیں۔ ایک ہفتہ یہ علاج کرنے کے بعد یہ ترک دیں۔

ہوالشافی

جوارش عود ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام پانی کے ہمراہ کھا لیا کریں۔ اور دال گوند کیکر والی گولیاں روٹی کے بعد دونوں وقت کھلا دیا کریں۔ اب مریض روٹی و چاول تبدیلا کھا سکتا ہے۔ مگر بیمار کو کہہ دیں کہ خوراک بھوک سے کم کھایا کرے

تجربہ:۔ یہ علاج میرا بیس سال کا معمولی ہے۔ ایسے الفاظ نہیں جن سے اس علاج کی تعریف ہو سکے۔ کئی کئی سالوں سے بیمار پڑے مریض اس بے نظیر علاج سے تندرست ہو چکے ہیں۔ علاج کیا ہے جادو ہے۔ اور آپ شروع کریں ادھر فائدہ دیکھ لیں۔ ساتھ ہی کوئی بد نصیب مریض ہو جو اس علاج سے

تندرست نہ ہو۔ میں تو کہتا ہوں۔ کہ آپ خدا کے فضل و کرم سے مریض کو
دعویٰ سے کہدیں کہ پیچش چاہے کتنی پرانی ہے نہیں، پچھلی سالوں کی
پیچش صرف ۲ روز کے علاج سے دور ہو جائے گی۔

سات انجکشن

انجکشن کونین۔ انجکشن ایمے ٹین۔ انجکشن پنسلین۔ انجکشن کورامین۔ انجکشن
ڈیجی ٹیلس۔ ایڈرینالین۔ انجکشن مارفیا۔ انجکشن کیمفر ان آئیل یہ سات
انجکشن آپکو ضرور استعمال کرنے چاہئیے۔ مگر پہلے کسی ڈاکٹر یا کمپونڈر سے
انجکشن کرنے سیکھیں۔ انجکشن کی کتابیں بھی ملتی ہیں۔ ان کا خوب مطالعہ کریں چونکہ
یہ بڑی اہم چیز ہے۔ اس لئے بغیر کسی کامل شخص سے عملی طور پر سیکھے نہ کریں
پنسلین کا انجکشن اور اُس کے فوائد خوب سیکھنے چاہئیے اگر آپ انجکشن
کرنا نہیں جانتے تو آپکی طب اس زمانہ میں نامکمل ہے۔ باقی انجکشن کتابوں میں دیکھیں۔

نسخہ جوارش عود

جو پیچش میں ٹھیک ہونے کے بعد مریضوں کو تقویت کیلئے کھلایا جاتا ہے۔

اسارون	زعفران	عود ہندی	دارچینی	جائفل	تج
۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ
الائچی خورد	الائچی کلاں	لونگ	جڑ پان	گمہاں	
۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ	۱۰ ماشہ	

کوٹ چھانکر تین گنا شہد میں ملا کر جوارش بنا دیں۔
ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام روٹی کے بعد کھایا کریں۔

فوائد:۔ معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔

صداع۔ دردِ سر

درد سر کے علاج کیلئے مندرجہ ذیل مجربات ہر وقت طبیب کو
اپنے مطب میں تیار رکھنے چاہئیے۔

تریاق صداع

اسپرین ۲ تولہ، فناسیٹین ۱ تولہ، کیفین سائٹراس ۶ ماشہ پیس کر ملالیں

خوراک ۲ رتی ہمراہ پانی۔ یہ نسخہ مریض کو اسوقت دیں جب سر درد شدید
ہو رہا ہو۔ اگر ایک خوراک سے آرام آجاتا ہے۔ تو بہتر ورنہ دو گھنٹے بعد ایک
خوراک اور دیں۔ سر درد کو دور کرنے بخار کو فوری اتارنے پسینہ لانے مطلق
دردوں کو دور کرنے کیلئے جو بخار کی حالتیں ہو تو بہت ہی نسخہ نہایت مفید ہے۔

تبرید برائے دردِ سر گرم

لعاب بہیدانہ	شیرہ تخم کاہو مقشر	شیرہ مغز کدو	مغز تربوز
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

پانی سردائی کی طرح پیس کر شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پلا دیں صبح و شام
فوائد:۔ درد سر گرم۔ بخار۔ گرمی کی وجہ سے۔ سرسام کیلئے مفید ہے
اور مجرب ہے

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

روغن عجیب

کافور	ست پودینہ	ست اجوائن
۱ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ

سب کو کھرل میں حل کر کے شیشی میں رکھ دیں۔ تھوڑے عرصہ میں روغن بن جائیگا۔

فوائد:- ہیضہ۔ اسہال۔ بدہضمی۔ درد معدہ۔ درد امعا۔ نفخ شکم۔ درد جگر قولنج۔ متلی۔ قے۔ دردسر۔ درد دندان۔ درد کان۔ بچھو سانپ۔ بھڑ وغیرہ کے کاٹنے کیلئے مجرب دوائی ہے۔ اس کو امرت دھارا کہتے ہیں۔ (بعض کو جب دردسر سخت ہو رہا ہو تو ماتھے یعنی پیشانی پر لگا دیں۔ دیگر امراض میں کھانے کے لئے ۵ قطرہ بتاشہ میں رکھ یا کسی مناسب عرق میں ملا کر دیں۔ کان کی درد میں چند قطرے گرم کر کے ڈالیں۔ دانت درد میں پھویہ بھگو کر سوراخ میں رکھدیں۔

ضماد دردسر

صندل سفید	تخم کاہو	کافور
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۱ ماشہ

سبز دھنیے کے پانی میں پیس کر لیپ پیشانی پر کریں۔

فوائد:- دردسر گرم میں نہایت مفید اور فوری اثر کرنیوالا لیپ ہے۔

نسخہ برائے دردسر صفراوی

املی ۵ تولہ۔ آلو بخارا خشک ۱۰ دانہ جوش دیکر صاف کر کے شربت ورد ۲ تولہ ملا کر

پلا دیں۔

فوائد:- دردسر صفراوی۔ بخار کی حالت میں قبض کھولنے۔ صفرا کے نکالنے کے لئے مجرب ہے۔ اگر مریض میں صفرا کے غلبہ کیوجہ سے دردسر ہو۔ تو یہ نسخہ استعمال کریں۔

نسخہ شربت ورد مکرر

گل سرخ تازہ سوا سیر یا خشک ادھ سیر لیکر چھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تین سیر رہ جائے۔ تو پھر اتنے ہی پھول ملا کر جوش دیں۔ پھر صاف کر کے قند سفید تین سیر ملا کر قوام کریں۔

خوراک:- دو سے چار تولہ تک پانی ملا کر پلا دیں۔

فوائد:- بخار۔ قبض۔ دردسر کی حالتیں نہایت مفید ہے۔

نسخہ برائے دردسر بارد یعنی بوجہ سردی

گل بنفشہ	اسطوخودوس	گاؤزبان
۵ ماشہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ

جوشاندہ کر صاف کر کے شہد ۲ تولہ ملا کر نیم گرم پلا دیں۔

پھر دارچینی چائے میں پکا کر گرم گرم پلا دیں۔

فوائد:- اگر مریض کو سردی کیوجہ سے دردسر ہو۔ تو نہایت مجرب ہے۔

طلاء دردسر بارد

روغن دارچینی ۱ تولہ، روغن گل ۱ تولہ ملا کر نیم گرم پیشانی پر لگا دیں۔

فوائد:- اگر مریض کو سردی کیوجہ سے دردسر ہو۔ تو یہ طلاء استعمال کریں۔ روغن عجیب

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

بھی مفید ہے۔

اطریفل زمانی

عناب ۱۰۰ عدد سپستاں ۶۰ عدد گل بنفشہ ۳ تولہ پانی میں جوش دیکر چھان کرکے شیر ہلیلہ ربی ۱ سیر شہد خالص ۲ پاؤ ملاکر قوام کریں۔ میل و جھاگ خوب اتاریں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ گل بنفشہ سقمونیائے ولایتی ہر ایک پونے چار تولہ۔ تربد سفید (تردی) کشنیز خشک پوست ہلیلہ۔ آملہ خشک۔ گلسرخ۔ طباشیر۔ گل نیلوفر ہر ایک ۲ تولہ۔ صندل سفید۔ کتیرا گوند ہر ایک ۳ ماشہ سے ۲ تولہ تک۔ کوٹ چھان کر بادام روغن ۲ تولہ میں چرب کرکے قوام میں ملادیں۔

فوائد: معدہ، دماغ کے تنقیہ کیلئے مجرب ہے۔ مالیخولیا مراقی۔ دائمی نزلہ قبض کیلئے مفید ہے۔ اگر دردسر کے مریض کو قبض ہو۔ تو رات کو سوتے وقت ایک دو تولہ دیں۔ روزانہ استعمال کیلئے ۶ ماشہ کافی ہے۔ اگر زیادہ قبض کشائی ہو۔ تو ۵ تولہ سناکی کوٹنے والی دواؤں میں ملا دیں۔

اطریفل کشنیزی

ہلیلہ سیاہ	آملہ خشک	پوست ہلیلہ زرد	پوست ہلیلہ کابلی
۲ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ

کشنیز خشک ۵ تولہ کوٹ چھانکر ہلیلہ جات کو ۵ تولہ روغن بادام یا روغن گاؤ سے چرب کرکے شہد خالص ادھ سیر قوام کرکے ملا دیں۔

فوائد: دردسر۔ درد آنکھ۔ درد کان۔ تبخیر۔ قبض۔ پرانی آنکھ دکھنے کیلئے مفید ہے۔ دماغ اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اگر دردسر کے مریض

کو قبض تبخیر ہو۔ تو رات کو سوتے وقت یہ اطریفل ۱ تولہ کھلا دیا کریں۔

۲ اطریفل اسطوخودوس

پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ خشک سنائے مکی۔ تربد سفید مجوف۔ بسفائج فستقی۔ اسطوخودوس۔ افتیمون ولایتی مصطگی رومی۔ کشمش سبز۔ مویز منقی ہر ایک دو دو تولہ کوٹ چھانکر روغن بادام سے چرب کرکے شہد خالص ادھ سیر کا قوام کرکے ملا دیں

فوائد: دردسر جو سردی اور دماغ میں بلغم اور سودا کی وجہ سے ہو کیلئے مفید اور مجرب ہے۔ دماغ اور معدہ کو غلیظ خلطوں سے صاف کرنے مرگی والیخولیا کیلئے بھی مفید ہے۔ نزلہ زکام پرانا جو سردی کی وجہ سے ہو کیلئے بھی مفید ہے۔

معجون دماغ افروز

نشاستہ	گوند [illegible]	کھوپرا گری	بالائی شیر یعنی ملائی چاول
پاؤ	۱۵ تولہ	۱ سیر	اشیاء کو الگ الگ گھی ۲ سیر میں

بھون کر رکھ لیں۔

دانہ الائچی خورد	مغز بادام مقشر	مغز پستہ
۶ تولہ	۲ پاؤ	۱۰ تولہ

ورق نقرہ ۱ دفتری باریک پیس کر اس میں ملا دیں پھر کھانڈ ۲ سیر کا قوام کرکے تمام چیزیں ملا دیں۔

خوراک: ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک صبح و شام ہمراہ دودھ یا ویسے ہی کھالیں۔ نوٹ۔ اگر نزلہ زکام رہتا ہو تو خشخاش ۱ سیر دودھ میں پیسکر گھی میں بریاں

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

کرکے اضافہ کریں۔

فوائد:- ضعف دماغ کیلئے ایک لاجواب نسخہ ہے۔ وکیلوں سکولوں اور کالجوں کے طالب علموں کیلئے ایک بے بہا تحفہ ہے۔ اگر مریض کو دماغ کی کمزوری کی وجہ سے درد سر ہو۔ تو یہ معجون استعمال کریں۔ نزلہ زکام مزمن کیلئے اکسیر ہے۔

حریرہ مقوی دماغ

مغز بادام مقشر	نشاستہ	گوند کیکر	گوند کتیرا	تخم خشخاش	مغز کدو
۷ دانہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ

مغز تربوز ۳ ماشہ دانہ الائچی خورد ۱ ماشہ ایک پاؤ دودھ میں پیس کر ۲ تولہ کھانڈ ملا کر آگ پر رکھیں جب گاڑھا ہو جائے۔ تو دو تولہ گھی ڈال کر اتار لیں اور پھر نیم گرم صبح یا رات کو سوتے وقت کھا لیا کریں۔

فوائد:- بہترین مقوی دماغ ہے۔ نیند کی کمی۔ خشکی و بدن کی لاغری کیلئے مجرب ہے۔ نزلہ زکام مزمن کیلئے مفید ہے۔ درد سر بوجہ ضعف دماغ اور نیند نہ آنے کیلئے اکسیر صفت ہے۔

اطریفل مقوی دماغ

آملہ مربی ۱۰ عدد ہلیلہ مربی ۱۰ عدد کی گٹھلیاں نکال کر عرق گاؤزبان ایک پاؤ میں پیس کر کپڑے میں چھان لیں اور کھانڈ سفید ملا کر قوام کریں۔ پھر گل بنفشہ ۲ تولہ برگ گاؤزبان ۲ تولہ برگ بادرنجبویہ ۲ تولہ اسطوخودوس ۱ تولہ مغز بادام ۲ تولہ مغز کدو شیریں ۲ تولہ کشنیز خشک ۲ تولہ۔ گل سیوتی ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ پوست ہلیلہ کابلی ۲ تولہ

پوست ہلیلہ، ہلیلہ سیاہ	آملہ خشک	کشمش سبز	مویز منقیٰ
۲ تولہ ۲ تولہ	۲ تولہ	۱۰ تولہ	۱۰ تولہ

پیس کر ہلیلہ جات کو ۲ تولہ روغن بادام سے چرب کرکے قوام مذکور میں ملا دیں۔

خوراک:- ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک۔

فوائد:- دماغ و معدہ کو طاقت دینے کیلئے بہت مفید ہے۔ نزلہ زکام مزمن کے لئے مجرب ہے۔ اگر مریض کا دماغ و معدہ کمزور ہو۔ درد سر رہتا ہو۔ نزلہ زکام رہتا ہو۔ تو ایسی حالت میں مریض یہ اطریفل دیں۔

اکسیر نقرئی

طباشیر اصلی	مروارید ناسفتہ	ورق نقرہ	دانہ الائچی خورد	عرق کیوڑہ
۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۱۰ تولہ

میں کھرل کرکے رکھ لیں۔

خوراک:- ۱ رتی سے ۲ رتی تک ہمراہ مغز بادام ۵ دانہ دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ کھانڈ یا مصری ملا کر کھالیں۔

فوائد:- یہ نسخہ مقوی دماغ ہے معدہ کو کمزور نہیں کرتا۔ درد سر کمزوری دماغ کی وجہ سے ہو تو مجرب ہے۔

جوشاندہ اسطوخودوس

گل بنفشہ	عناب	لسوڑیاں	خطمی خبازی	گاؤزبان	تخم مقشر
۶ ماشہ	۵ دانہ	۱۰ ماشہ	۶ ماشہ	۴ ماشہ	۵ ماشہ

اسطوخودوس ۶ ماشہ جوش دیکر صاف کرکے کھانڈ ملا کر پلا دیں۔

فوائد:۔ درد شقیقہ اگر نزلہ اور کھانسی کے ہمراہ ہو۔ تو یہ نسخہ دو تین روز پلانے سے درد قطعاً غائب ہو جاتی ہے۔ اگر درد زیادہ ہو۔ تو ساتھ حب شقیقہ بھی دیں۔

حب شقیقہ

فناسٹین ۱ تولہ، پوٹاشیم برومائیڈ ۱ تولہ، کونین سلفاس ۱ تولہ، تینوں کو ببول گوند کے لعاب میں گولیاں کابلی چنے کے برابر بنا دیں۔

خوراک:۔ دو گولی دن میں دو بار ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد:۔ اگر مریض کو درد سخت ہو رہا ہو۔ تو فوری تسکین دینے کیلئے مفید ہیں اگر مریض کو کھانسی نزلہ اور درد شقیقہ ہو تو۔ جوشاندہ اسطوخودوس کے ہمراہ دیں درد شقیقہ و عصابہ کو روکنے کیلئے دو گولی ہمراہ اسطوخودوس ۶ ماشہ کشنیز خشک ۴ ماشہ فلفل سیاہ ۹ عدد پانی میں پیس کر چھان کر سورج نکلنے سے پہلے دیں۔ تین چار روز استعمال کریں۔ ہر قسم کے درد شقیقہ و عصابہ کو روکنے کیلئے اس نسخہ کے ہوتے ہوئے اور کسی نسخہ کی ضرورت نہیں۔

ملیریا بخار کیلئے بھی گولیاں مفید ہیں۔

ضماد شقیقہ

پوست بیخ بیدانجیر ۶ ماشہ، صندل سفید ۶ ماشہ، زنجبیل سونٹھ ۶ ماشہ

سالم چاول کے دھوون یا پانی میں پیس کر گرم کر کے پیشانی پر ضماد کریں۔

فوائد:۔ شقیقہ کو روکنے کیلئے اور درد کو بند کرنے کیلئے نہایت مجرب ہے

ضماد شقیقہ نمبر ۲

کنتھر آئیلاس پلاسٹر جو عام انگریزی دوکانوں سے ملتا ہے۔ گول چھاپہ پرکار کر بقدر [illegible] لگا دیں۔ اس سے آبلہ پیدا ہوتا ہے۔ چھالا اتار کر اوپر گھی [illegible] لگاتے رہیں۔ فوائد:۔ پرانے شقیقہ کیلئے ازحد مفید ہے نئے شقیقہ کو بھی فائدہ کرتا ہے۔ عضو مخصوص پر آبلہ ڈالنے کیلئے بھی اس کو استعمال کرتے ہیں۔

زروق صداع دودی

روغن تارپین ۱ تولہ کو ایک پاؤ گرم پانی میں ملا کر رکھیں۔ اور روزانہ اس سے پچکاری کیا کریں۔ ناک کے تمام کیڑے نکل جائیں گے۔

فوائد:۔ اگر مریض کو ناک کے کیڑے کی وجہ سے درد سر رہتا ہو۔ ناک سے کبھی کبھی خون جاری ہوتا ہو اور باقی تمام علامات کیڑوں کی موجود ہوں تو اس کی پچکاری کا استعمال کریں۔

نسخہ جو صداع دودی کیلئے مفید ہے

کیلا ۱۱ ماشہ اطریفل شاہترہ میں ملا کر رات کو سوتے وقت کھایا کریں۔

دیگر

لوبان ارتی خمیرہ گاؤزبان اترال میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے گاؤزبان ۳ ماشہ گل گاؤزبان ۳ ماشہ عناب ۵ دانہ ابریشم مقرض ۳ ماشہ مصری ۲ تولہ جوش دے کر پلا دیا کریں۔

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

فوائد: جو درد سر ناک کے کیڑوں کی وجہ سے ہو۔ اس میں اس نسخہ کا صبح و شام استعمال کرنا بے حد مفید و مجرب ہے۔

سرد پٹی

روغن گل ۲ تولہ عرق گلاب ۵ تولہ سرکہ ۱ تولہ ملا کر برف سے سرد کر کے یا ویسے ہی اس میں کپڑا بھگو کر سر پر رکھیں۔ جب گرم ہو جائے تو پھر کپڑا بھگو کر رکھیں۔ فوائد: بخار کی حالت میں جب درد سخت ہو رہا ہو تو اس کو روکنے کیلئے اکسیر ہے۔ اس کے علاوہ برسام۔ تیز بخاروں مثلاً ملیریا یعنی محرقہ جسے لوگ [illegible] یا میعادی بخار کہتے ہیں۔ میں جب مریض ہذیان کر رہا ہو۔ تو اس کا استعمال بیحد مفید ہے۔ بخار کو کم کر دیتا ہے۔ سر درد ہذیان کو روکتا ہے۔ مریض کو نیند آ جاتی ہے۔

نسخہ سدر دوار نمبر ۱

بلیلہ مربی ۱ عدد دھو کر ورق نقرہ ۱ عدد لپیٹ کر ہمراہ گل بنفشہ ۶ ماشہ آلو بخارا ۵ دانہ گاؤزبان ۴ ماشہ کشنیز خشک ۶ ماشہ آملہ خشک ۶ ماشہ گرم پانی میں بھگو کر صاف کر کے شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

فوائد: اگر مریض کو چکر آ رہے ہوں۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا آ جاتا ہو۔ مریض کو ہر چیز گھومتی ہوئی معلوم ہوتی ہو۔ تو یہ نسخہ نہایت مفید ہے۔ قبض ہو۔ تو اطریفل ملین ۱ تولہ یا زمانی ۱ تولہ رات کو سوتے وقت کھلا دیں۔

نسخہ سدر دوار نمبر ۲

مغز بادام	مغز کدو	مغز تربوز	تخم خشخاش سفید	کشنیز خشک
۵ دانہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

پانی میں پیس کر چھان کر کھانڈ ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

فوائد: ضعف دماغ۔ گرمی و چکر آنے کیلئے مجرب ہے۔ اگر کسی کا دماغ کمزور ہو۔ گرمی بھی زیادہ محسوس کرتا ہو۔ چکر آتے ہوں اور بخارات اوپر کو اٹھتے ہوں۔ تو یہ نسخہ استعمال کریں۔

معجون برائے سدر دوار

تخم خشخاش سفید	مغز تخم کدو شیریں	تخم کاہو مقشر	مغز تربوز
۹ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ

تخم خرفہ سیاہ	کشنیز خشک	مغز بادام
۴ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

سب کو نبات سفید ۱ سیر کا قوام کر کے ملا دیں۔

خوراک: ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام

فوائد: سدر دوار۔ ضعف دماغ۔ کیلئے بیحد مفید و مجرب ہے۔

اطریفل برائے سدر دوار

پوست بلیلہ زرد	پوست بلیلہ کابلی	بلیلہ سیاہ	آملہ مقشر	گل سرخ
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

تخم خشخاش ۲ تولہ گل گاؤزبان ۲ تولہ کشنیز خشک مقشر ۲ تولہ کوٹ چھانکر روغن بادام سے چرب کر کے قند سفید ۱۲ تولہ ترنجبین ۱۲ تولہ کا قوام کر کے بعد مشک خالص ۱۱ ماشہ زعفران ۲ تولہ کو عرق گلاب میں پیس کر ملا کر اتار لیں۔ اور دوائیں ملا دیں۔

خوراک: ۳ ماشہ سے ۱ تولہ تک رات کو سوتے وقت کھلا دیں۔

فوائد: سدر دوار کے لئے مفید ہے۔ اگر مریض کو چکر آتے ہوں معدہ۔ دماغ کمزور ہوں۔ تو یہ بلا تامل استعمال کرائیں۔

پاشویہ سرسام

گل بنفشہ	گل نیلوفر	تخم خطمی	سبوس گندم	نمک طعام	برگ بیری
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	پاؤ پختہ

پانچ سیر پانی میں جوش دیکر صاف کر کے کچھ اور سرد پانی ملا کر پاشویہ کریں۔

فوائد: سرسام حقیقی و غیر حقیقی دونوں کیلئے مجرب ہے۔ اگر تیز بخاروں میں مریض بکواس کر رہا ہو۔ سر میں شدید درد ہو۔ نیند نہ آتی ہو یا حقیقتاً سرسام ہو چکا ہو۔ تو یہ پاشویہ استعمال کریں۔

لخلخہ سرسام

صندل سفید ۳ ماشہ کافور ۱۰ ماشہ آب کشنیز ۲ تولہ یا شیرہ کشنیز خشک ۶ ماشہ آب خیار ۳ تولہ آب کدو ۳ تولہ روغن گل ۱ تولہ سرکہ ۱ تولہ ملا کر بیمار کو سنگھاتے رہیں۔

فوائد: سرسام حقیقی و غیر حقیقی دونوں کیلئے مجرب ہے۔ اگر مریض کو تیز بخار ہو۔ یا میعادی بخار ہو۔ جسے محرقہ یا پھل ماتا کہتے ہیں۔ اور مریض کی عقل قائم نہ رہے تو یہ لخلخہ سنگھائیں۔

تبریدیہ سرسام

لعاب بہدانہ	شیرہ تخم کاہو مقشر	شیرہ مغز کدو شیریں	شیرہ تخم خرفہ
۵ ماشہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ

شیرہ مغز تخم خیارین ۵ ماشہ شیرہ مغز تربوزہ ۵ ماشہ پانی یا عرق گلاب ۱ تولہ عرق کیوڑہ ۲ تولہ میں پیس کر چھانکر شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

فوائد: سرسام حقیقی و غیر حقیقی دونوں میں مفید و مجرب ہے۔ اگر مریض تیز بخار میں خواہ وہ کسی قسم کا ہو۔ بکواس کر رہا ہو۔ تو یہ نسخہ پلا دیں۔ حقیقی سرسام میں بھی مجرب ہے۔

ٹھنڈی پٹی

روغن گل۔ سرکہ۔ عرق گلاب بھگا کر درد سر میں ہو چکا ہے۔ سر پر رکھیں مجرب ہے۔ نوٹ: اگر دماغ یا دماغ کی جھلیوں میں ورم ہو جائے تو اسکو سرسام حقیقی کہتے ہیں۔ اگر ورم نہ ہو اور مریض بخار کی تیزی۔ قبض یا بخارات کی وجہ سے ہذیان کر رہا ہو۔ تو اس کو غیر حقیقی کہتے ہیں۔ جیسا کہ محرقہ و ٹائیفائیڈ یعنی پھل ماتا یا دیگر تیز بخاروں میں عموماً ہوتا ہے۔ اس کے لئے سابقہ چاروں نسخے اکسیر ہیں۔ اگر مریض کو قبض ہو۔ تو گلیسرین کی پچکاری کریں۔ یا کوئی سرد ملین چیز دیں۔

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

نسخہ مالیخولیا

خمیرہ صندل ۱ تولہ ورق نقرہ ۱ عدد کھلا کر اوپر سے یہ سردائی پلا دیں۔

لعاب گاؤزبان	شیرہ عناب	شیرہ مغز کدو	شیرہ مغز تربوز	شیرہ تخم خرفہ
۴ ماشہ	۵ دانہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ	۵ ماشہ

عرق گاؤزبان	عرق کیوڑہ میں پیس کر چھان کر شربت گڑہل	یا نیلوفر ملا کر
۱۰ تولہ	۳ تولہ — ۲ تولہ	۲ تولہ

پلا دیں۔ مالیخولیا میں تسکین دینے کیلئے بے حد مفید ہے۔ اگر مریض شور کر رہا ہو۔ گالیاں دیتا ہو۔ مارتا ہو۔ تو اس کے جوش کو سرد کرنے کیلئے مجرب نسخہ ہے۔

صبح و شام اس وقت تک دیں۔ جبتک مریض کو سکون نہ پیدا ہو جائے۔ اس کے علاوہ گرمی۔ دل کا دھڑکنا۔ گھبراہٹ۔ خفقان کیلئے بھی مجرب ہے۔

نسخہ عجیب برائے مالیخولیا

قرص دواء الشفا ہندوستانی دواخانہ لاہور سے منگوا کر مریض کو دیں۔ مریض مالیخولیا جنون کے جوش کو توڑنے اور نیند لانے کے لئے اس سے زیادہ مفید کوئی دوا نہیں۔ صبح دو دو ہر شام ایک ایک قرص پانی کے ساتھ دیں۔

تبرید نمبر ۲

آملہ مربی ۱ عدد دھو کر چاندی کا ورق ۱ عدد لپیٹ کر ہمراہ شیرہ آلو بخارا ۵ دانہ۔ شیرہ کشنیز خشک ۴ ماشہ۔ شیرہ تخم خرفہ ۴ ماشہ پانی میں پیس کر چھان کر

شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پلا دیں

سفوف مالیخولیا

صندل سفید گھسا ہوا	بادیان	کشنیز	زیرہ سفید	تخم کاسنی
۳ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ
تخم خرفہ	زہر مہرہ خطائی	طباشیر اصلی	یشب سبز	کہربا شمعی
۱ تولہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ	تمام ادویہ

سفوف بنا دیں۔

خوراک:۔ ۱ تولہ ہمراہ شربت مالیخولیا۔

فوائد:۔ مالیخولیا کے لئے تنقیہ کے بعد یعنی منضج و مسہل کے بعد میرا دادا میرے والد و خود میرا معمول ہے۔ نہایت مفید ہے۔

شربت احمد شاہی

گل بنفشہ	گاؤزبان	گل گاؤزبان	بادرنجبویہ	گلسرخ
۱۰ تولہ	۵ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ

گل نیلوفر	افتیمون ولایتی	تخم فرنجمشک	برگ شاہترہ
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ
ہلیلہ سیاہ	بسفائج فستقی	برگ فرنجمشک	برگ سنا مکی
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ

اسطوخودوس ۲ تولہ ان کو پانی ۲ سیر میں بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کر کے عرق گلاب ۳ پاؤ مصری ۳ پاؤ ملا کر شربت بنا دیں۔

خوراک:۔ ۲ تولہ صبح و شام

فوائد:۔ مالیخولیا کی تمام اقسام کیلئے مفید ہے۔ سوداویت گھبراہٹ تبخیر۔ وحشت و بے چینی کے لئے مجرب ہے۔ اگر ماء اللحم میں ملا کر پیئں تو بہت مفید ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ عرق روح بہار تیار کردہ مشہور کیمکل ورکس ملا کر پینا سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔

جوارش مراق

آملہ مربی۔ ہلیلہ مربی۔ سیب مربی۔ انناس مربی ہر ایک ۵ تولہ پانی سے دھو کر پیس کر قند سفید ڈیڑھ پاؤ ملا کر قوام کر کے اتار لیں۔ اور صدف مروارید۔ طباشیر۔ عود غرقی۔ زرنباد۔ دانہ الائچی خورد دانہ الائچی کلاں دارچینی قلمی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تیزپات۔ مصطگی رومی۔ بالچھڑ ہر ایک ۳ ماشہ باریک پیس کر چھانکر قوام مذکور میں ملا دیں۔ پھر ورق چاندی ۲۵ عدد ملا کر رکھ لیں۔

خوراک:۔ ۱ تولہ صبح و شام ہمراہ شربت احمد شاہی۔

فوائد:۔ مالیخولیا مراقی۔ ضعف دل۔ تبخیر کے لئے مفید ہے۔ معدہ و دل کو طاقت دیتی ہے۔

تلیین مراق

اطریفل زمانی ۶ ماشہ کھلا کر اوپر سے شیرہ بادیان ۶ ماشہ شیرہ تخم کاسنی ۶ ماشہ عرق مکوہ ۵ تولہ عرق گاؤزبان ۶ تولہ میں پیس کر شربت دینار یا گلقند ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

آنکھ آنا علاج آشوب چشم

ایکری فلیوین لوشن

ایکری فلیوشن ۱ گرین
زنک سلفاس ½ گرین
بورک ایسڈ ۱۰ گرین
عرق گلاب ۱ اونس

ملا کر رکھ لیں۔ اور ڈراپر سے آنکھ میں ڈالا کریں۔

فوائد:۔ آنکھ دُکھنے کے لئے بہت مجرب ہے۔ سرخی۔ پانی، درد کو جلد تسکین دیتا ہے۔

آرجی رول لوشن

آرجی رول ۲۲ گرین
عرق گلاب ۱-۱ اونس

ملا کر رکھ لیں۔ ڈراپر سے آنکھ میں ڈالا کریں۔ آنکھ دُکھنے کیلئے مجرب ہے۔

پروٹارگال لوشن

پروٹارگال ۳۰ گرین۔ عرق گلاب ۱-۱ اونس ملا کر رکھ لیں۔ ڈراپر سے آنکھ میں ڈالیں۔ آئی ہوئی آنکھ کیلئے بےنظیر ہے۔

باقی نسخہ جات آشوب چشم یعنی آنکھ کے دکھنے کے۔ اسی کتاب میں ملاحظہ فرمادیں۔

https://www.facebook.com/AlHamdDwakhana

دوائے ورم لثہ

ٹنکچر آیوڈین ریکٹی فائیڈ اسپرٹ والی ۱ ڈرام ٹنکچر مر ۱ ڈرام آئیکل یوکلپٹس ۱ ڈرام گلیسرین ۲ ڈرام ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:- ایک سلائی پر روئی لپیٹ کر دوائی سے تر کر کے مسوڑوں پر لگا دیں۔

فوائد:- مسوڑوں کے ورم و درد کیلئے مجرب ہے۔ ہر وقت مطب میں تیار رکھیں۔

دوائے ورم لوزہ

آیوڈم	پاٹاسی آیوڈائیڈ	منتھول	گلیسرین
۱۵ گرین	۱۵ گرین	۲۰ گرین	۱-۱ اونس

ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:- ایک لوہے کی سلائی پر روئی لپیٹ کر دوائی سے بھگو کر حلق میں لگا دیں۔

فوائد:- گلے و لوزتین کے ورم کیلئے مجرب ہے۔

بورک گلیسرین

بورک ایسڈ ۱ ڈرام۔ گلیسرین ۱-۱ اونس ملا کر رکھ لیں۔

فوائد:- منہ پکنے کے لئے مجرب ہے، بچوں کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

ایئر ڈراپ

ٹنکچر اوپیم ۱ ڈرام گلیسرین ۱-۱ اونس ملا کر رکھ لیں۔ ذرا سا لیکر چمچہ میں گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ کان کے درد کیلئے بہت مفید ہے۔

ٹنکچر آیوڈین

آیوڈین	پوٹاشیم آیوڈائیڈ	اسپرٹ میتھلیٹڈ
۱ تولہ	۱ تولہ	۲۰ تولہ

پوٹاشیم آیوڈائیڈ کو ذرا سے پانی میں حل کریں۔ پھر آیوڈین ملا کر اسپرٹ ملا دیں۔ ترکیب استعمال:- روئی کے پھائے سے چوٹ، زخم، خراش کی جگہ لگا دیں۔

فوائد:- بڑی مفید دوائی ہے۔ ہر وقت ہر مطب میں تیار رہنی چاہیئے چوٹ لگتے ہی فوراً لگا دیں۔ زخم خراب نہیں ہوگا۔ سوجن کے لئے بھی مفید ہے۔ دردوں کو فائدہ کرتی ہے۔

اوکین

یہ بےنظیر دوائی اسقاط حمل کو روکنے کیلئے بے مثال ہے۔ اسکا استعمال رحم کی ساخت اور اعصاب کو اتنا مضبوط کر دیتا ہے کہ اسقاط کا خطرہ ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتا ہے۔ جب یقین ہو جائے کہ حمل موجود ہے

تو اس دوائی کا استعمال شروع کردیں۔ چودہ روز دوائی استعمال کرنے کے بعد بند کردیں۔ پھر چھٹے ساتویں ماہ چودہ روز استعمال کریں۔
خدا کے فضل سے پورے ۹ ماہ بعد بچہ پیدا ہوگا۔
ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ دودھ۔
قیمت پورا کورس پندرہ روپیہ معہ محصول ڈاک عـہ ۱۵
اپنے شہر کے ہر دوا فروش سے طلب کریں۔ یا اس پتہ سے منگوائیں۔

پتہ

مشہور کیمیکل ورکس رجسٹرڈ صدر بازار منٹگمری

ہاضمین

اگر غذا اچھی طرح ہضم نہ ہو۔ تو جسم کو بدل ما یتحلل نہیں پہنچتا۔ اور تمام جسمانی قوتیں کمزور ہو جاتی ہیں۔
اعصاب۔ دل۔ دماغ۔ جگر کے تمام افعال ناقص ہو جاتے ہیں۔
قوت باہ کمزور ہو جاتی ہے۔
اس لئے اگر آپ کا معدہ کمزور ہے۔ کھانا کھانے کے بعد بوجھ معلوم ہوتا ہو۔ غذا ہضم نہیں ہوتی تو آپ ہاضمین کی ایک شیشی استعمال کریں۔
خدا کے فضل سے پتھر بھی ہضم ہو جائیں گے

غذا کھانے کے بعد ۴ رتی کھا لیجئے ایسا معلوم ہوگا۔ کہ غذا کھائی ہی نہیں
ترکیب استعمال:۔ ۴ رتی صبح ۴ رتی شام۔
غذا کے بعد پانی یا عرق سونف سے کھایا کریں۔
قیمت فی شیشی:۔ چار روپیہ آٹھ آنہ معہ محصول ڈاک۔

پتہ:۔ **مشہور کیمیکل ورکس رجسٹرڈ صدر بازار منٹگمری**

ملیریا غائب

ملیریا بخار ایک بدترین بخار ہے۔ جس کے جراثیم۔ جگر۔ تلی۔ اور خون کے سرخ ذرات کو تباہ و برباد کر دیتے ہیں۔ مریض کا رنگ سیاہ و زرد ہو جاتا ہے دل کمزور ہو کر دھڑکنے لگتا ہے۔ سانس پھولنا شروع ہو جاتا ہے۔ اور بعض مریضوں میں یہ مرض مزمن صورت اختیار کر کے بار بار حملہ آور ہوتا ہے۔ مشہور کیمیکل ورکس نے جنگل کی جڑی بوٹیوں اور دیسی و انگریزی دوائی کو ملا کر یہ دوائی ایجاد کی ہے۔ جو ملیریا کیلئے تیر بہدف اور مجرب ہے۔ ملیریا خواہ روزانہ کے ہو یا باری کا چوتھیا ہو یا لازم نیا ہو یا پرانا اسکے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتا ہے۔
ترکیب استعمال:۔ کچھ کھانے کے بعد ایک ایک خوراک صبح و شام دیں۔
نوٹ:۔ خالی پیٹ و تیز بخار میں نہ دیں۔

قیمت فی شیشی عـہ

ملنے کا پتہ

مشہور کیمیکل ورکس رجسٹرڈ صدر بازار منٹگمری

عجیب بتیاں

آجکل عورتوں میں اجتماعی طمث (بندش حیض) بعض درد یا تکلیف سے آنا عام ہے۔ اسکے علاوہ بعض اوقات کسی مجبوری کیوجہ سے حمل ساقط کرنیکی بھی ضرورت لاحق ہوتی ہے۔ مشہور کیمیکل ورکس نے یہ بتیاں ایجاد کرکے ان دونوں ضرورتوں کو پورا کر دیا ہے۔ جب یہ رحم کے منہ میں رکھی جاتی ہیں تو اپنے کیمیاوی عمل سے فم رحم کو آہستہ آہستہ کھولنا شروع کر دیتی ہے۔ بعض عورتوں کو ایک دو بتیوں سے اور بعض زیادہ دن استعمال کرنے سے خون حیض بفراغت آجاتا ہے۔ خدا گواہ ہے کہ بیس بیس سال کے بند حیض ان کے استعمال سے جاری ہو گئے ہیں۔

نوٹ:۔ یہ بتیاں استعمال کرنے سے پہلے تسلی کر لیں۔ کہ عورت کو حمل نہ ہو۔ ورنہ ان بتیوں کے استعمال سے یقیناً اسقاط ہو جائیگا۔

ترکیب استعمال:۔ انگلی کے ساتھ بتی لیجا کر دوائی والا حصہ فم رحم کے اندر کر دیں۔ درد لگی زیادہ استعمال کریں اور جبتک حیض جاری نہ ہو گھی خوب کھائیں اور بتیاں استعمال کرتے رہیں۔ مفصل پرچہ ترکیب ہمراہ روانہ کیا جاتا ہے۔

قیمت فی درجن پانچ روپیہ

اپنے قریبی شہر کے ہر دوا فروش سے طلب کریں۔

پتہ

مشہور کیمیکل ورکس رجسٹرڈ صدر بازار منٹگمری

بیاض سائیں بخش حصہ دوم

یہ کشتہ جات واکسیرات کی ایک بہترین کتاب ہے۔ جسمیں حکیم سائیں بخش صاحب فیروزپوری کے آزمائے کشتہ جات اور شناسیوں کے سربستہ راز کھول کر رکھ دیئے گئے ہیں۔ ہر چیز کے کشتہ کرنیکی صرف دہی ترکیب دی گئی ہے جو مجرب اور ہمارے خاندان کی آزمودہ ہے۔

اس کے علاوہ اس حصہ میں وہ پیٹنٹ انگریزی دوائیں بھی دی جائیں گی۔ جو مجرب اور اکثر اطباء کی معمولی مطب ہیں نیز وہ مجرب نسخہ جات واکسیرات جو پہلے حصہ میں شائع ہونے سے رہ گئے ہیں۔ اس میں درج کر دیئے گئے ہیں۔

قیمت:۔ تین روپیہ

ملنے کا پتہ

مشہور دہلی دواخانہ رجسٹرڈ صدر بازار منٹگمری